قارئین امامیہ جنتری! اس عمل سے آپ ملازمت، دولت، مطلوب، ترقی، روزگار، شادی، بندش سے نجات حاصل کر سکتے ہیں یہ عمل پلک جھپکنے سے پہلے اپنا اثر دکھا دیتا ہے۔ بشرطیکہ آپ کو علم جفر میں واقفیت حاصل ہو۔ (طریقہ عمل یہ ہے) کہ اپنا نام والدہ کے تمام حروف اور مقصد کے تمام حروف لیں اور اُن کو جدا جدا لکھیں۔ مثلاً احمد بن بانو ملازمت چاہتا ہے۔ تو یہ لائن ہوگی۔ ا ح م د ب ن ب ا ن و م ل ا ز م ت۔ اب اس سطر سے آتشی حروف الگ کریں، بادی الگ، آبی الگ اور خاکی الگ۔ اب ان کی ایک ایسی لائن تیار کریں کہ پہلے وہ حروف جن کے عدد زیادہ ہیں لکھیں اس کے بعد عناصر کی ترتیب سے دوسرے حروف لکھیں مثلاً آتشی ا،م،ا،م،ا،م عدد ۱۴۳ اور بادی ب،ن،و،ت عدد ۴۵۸ آبی ز عدد ۷ خاکی ح،د،ل عدد ۴۲ ہوئے سب سے زیادہ عدد بادی حروف کے ہیں پھر آتشی کے پھر خاکی کے اور پھر آبی کے لہٰذا سطر یہ ہوگی۔ ب۔ن۔و۔ت۔ا۔م۔ا۔م۔ا۔م۔ح۔د۔ل۔ز۔ عنصر بادی غالب ہے اس لئے بادی لفظ بنے گا منہ مغرب کی طرف کیا جائے گا سطر بالا کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کر کے نقش مربع پر کریں مثلاً حروف کی سطر کے کل اعداد ۶۳۲ ہوئے۔

جدول عناصر

سمت	ملائکہ	عنصر	حروف	نمبر شمار
مشرق	عزرائیل	آتشی	ا،ہ،ط،م،ف،ش،ذ	ا
مغرب	اسرافیل	بادی	ب،و،ی،ن،ص،ت،ض	۲
جنوب	میکائیل	آبی	ج،ز،ک،س،ق،ث،ظ	۳
شمال	جبرائیل	خاکی	د،ح،ل،ع،ر،خ،غ،ح	۴

جبرائیل
میکائیل

ح م ا م ا ت ن و ب قول

۱۶۵	۱۶۰	۱۵۴	۱۵۳
۱۵۷	۱۵۰	۱۶۴	۱۶۱
۱۵۱	۱۵۶	۱۶۲	۱۶۳
۱۵۹	۱۶۶	۱۵۲	۱۵۵

ز ل د ح

اقسمت علیکم یا ملائکۃ ھذا باسط الحروف ب۔ ن۔ ت۔ا۔م۔ا۔م۔ا۔م۔ ح۔ د۔ ل۔ ز۔ یا اسرافیل بحق یا باسط میری ملازمت کا جلد انتظام ہو

۳۰ عدد قانون کے نفی کیے ۶۰۲ ÷ ۴ حاصل قسمت ۱۵۰ کسر ۲ نقش کے خانہ نمبر ۹ میں ایک عدد کا اضافہ کیا نقش پر کرنے کے بعد سطر کے حرف اول کے مطابق اسم اللہ کا لیا جائے گا۔ مثلاً اس میں حرف اوّل ب ہے تو باسط لیں گے موکل اسرافیل ہے نقش کے چاروں طرف مندرجہ بالا سطر لکھیں اور نیچے عزیمت لکھیں جو یہ ہے "اقسمت علیکم یا ملائکۃ ھذا باسط الحروف ب۔ن۔ت۔ا۔م۔ا۔م۔ا۔ م۔ ح۔ د۔ ل۔ ز۔ یا اسرافیل بحق یا باسط" میری ملازمت کا جلد انتظام ہو اس نقش کو زعفران کے محلول سے لکھیں اور حسب استطاعت ختم اور صدقہ دے کر چاندی کے ورق میں لپیٹ کر دائیں بازو پر باندھیں۔ انشاءاللہ 21 کے اندر غائب سے ایسی امداد ہوگی کہ آپ کی عقل حیران ہو جائے گی۔ بشرطیکہ زیر و زبر میں بھی کوئی غلطی نہ ہو۔ انشاءاللہ ہر حال میں کامیابی ہوگی۔ اس عمل کو قرآن عطارد، مشتری یا تثلیث میں کریں۔ یہ ساعتیں جنتری میں درج ہوتی ہیں۔

مضمون ہذا کی اصلاح میں نے اپنے محترم کرم فرما قبلہ آغا حسنین احمد عامل سے لی ہے۔ مضمون کی کوئی چیز سمجھ میں نہ آئے تو خط لکھ کر جوابی لفافہ سے وضاحت طلب کریں۔ کامیابی کی صورت میں میرے استاد اور بانی امامیہ جنتری کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

مشکلات سے نجات اور دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے

بعد نماز صبح طلوع آفتاب سے قبل اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔
(بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جادو کا قرآنی تدارک (حصہ دوم)

سورۃ کوثر کا ایک نادر و نایاب عمل

(امامیہ فری ہیلپ لائن)

پیشکش: رضیہ سلطانہ چوہان

عزیز بہنو السلام علیکم! گذشتہ سال بھی میں نے "جادو کا قرآنی تدارک" پیش کیا تھا۔ امسال بھی آپ کیلئے جادو کے اثرات سے نجات حاصل کرنے کا عمل بتا رہی ہوں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ ہمارے معاشرہ میں سحر جادو اور اعمال شرکی ایک وبا چل پڑی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شریف اور سادہ لوگ اس کا شکار ہو رہے ہیں۔

عزیز بہنو! ایک بات کی وضاحت کرتی چلوں کہ گذشتہ سال اکثر خطوط میں یہ لکھا جاتا تھا کہ ہم پر جادو ہے۔ نقش یا لوح بھجوا دیں۔ پہلی بات آپ کی تشخیص پر ہم نقش یا لوح روانہ نہیں کرتے۔ اپنے مکمل کوائف روانہ کریں یا سحر زدہ شخص کے میں خود حساب لگا کر چیک کروں گی کہ آیا سحری اثرات ہیں یا نہیں؟ دوسری بات دارالروحانیت کی طرف سے نقش قرطاسی ہمراہ عمل بلا ہدیہ دیا جاتا ہے۔ اگر اس بات کا یقین ہو جائے کہ سحری اثرات کے سبب مسائل و مشکلات پیدا ہو رہے ہیں تو ذیل کا عمل انتہائی توجہ، یکسوئی اور یقین کامل سے کریں۔ انشاء اللہ پر تاثیر نتائج ملیں گے۔ بروز ہفتہ نیا چاند ہو بعد نماز فجر لوح (چاندی) یا نقش قرطاسی با اہتمام تیار کریں۔ بعد تکمیل لوح یا نقش پر 313 مرتبہ یا اللہ 313 مرتبہ سورۃ کوثر ایک ہی نشست میں ورد کر کے دم کریں۔ بعد ازاں لوح یا نقش اپنے گلے یا بازو میں ڈالیں۔ روزانہ بعد نماز عشاء 313 مرتبہ یا اللہ 21 مرتبہ سورۃ کوثر کا ورد اپنا معمول بنائیں۔ انشاء اللہ سحر جادو کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

جو لوگ خود تیار نہ کر سکیں وہ خط ہمراہ رجسٹرڈ جوابی لفافہ روانہ کر کے نقش حاصل کر سکتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

5 ۲۹۳	10 ۲۹۷	15 ۷۰۳	4 ۲۹۱
11 ۲۹۸	8 ۲۹۵	1 ۲۸۸	14 ۷۰۲
2 ۲۸۹	13 ۷۰۱	12 ۲۹۹	7 ۲۹۴
16 ۷۰۴	3 ۲۹۰	6 ۲۹۳	9 ۲۹۶

آپ کی بہن

رضیہ سلطانہ چوہان

دارالروحانیت کوٹ ادو ضلع مظفر گڑھ پنجاب پاکستان

Phone:(0697)41973-42821

اس کام کے لئے جانا نہایت خوب اور بہتر ہے۔ (نیک)

سحر کا قرآنی علاج

قاری منیر حسین محمدی
مکان نمبر ۔۔۔ پارک ۔۔۔
لاہور (محلہ اسلام پورہ) فون: 0300-4562315

زمانہ مادہ پرستی سے بھی گر کر شدت پسندی اور دہشت گردی میں اُلجھ گیا ہے اور یہ خیر سے دوری اور شر سے قربت کا لازمی نتیجہ لیا جس کا زمانہ شکار ہے۔ سائنس اور ٹیکنالوجی میں ترقی یافتہ انسان بہت سی سہولتوں کو حاصل کرنے کے باوجود کثیر مسائل کا شکار ہے جو ہر وقت کی پریشانی کا سبب ہے۔ اکثر افراد کسی نہ کسی مخفی شری قوت کے زیر اثر اُلجھنوں اور پریشانیوں میں گھرے نظر آتے ہیں۔

حسد اور بد نظری کوئی کم شر انگیز نہ تھی کہ جادو اور سحر نے کمر توڑ حملوں سے انسانیت کا چہرہ مسخ کر دیا ہے۔ سحر زدہ چہرے کب چھپتے ہیں۔ روحانی آنکھ اس وحشت کو پڑھ پڑھ کر حیران اور پریشان رہتی ہے کہ لوگ کس قدر خود سے بیگانہ اور غفلت میں رہتے ہیں کہ علاج معالجہ کی طرف متوجہ بھی نہیں ہوتے۔ سحر کیا ہے؟ جادو کسے کہتے ہیں؟ اس مضمون کے سمجھانے میں طوالت ہوگی لیکن یہ سمجھ لیجئے کہ اس کا اثر انسان کو خود اپنا دشمن بنا دیتا ہے اور اسے نقصان پہنچانے کے لئے کسی دوسرے دشمن کی ضرورت نہیں رہتی۔ اسی لئے مختصراً یہ کہ حقیقت سے پھیر دینے کا نام سحر و جادو ہے اور یہ کام ابلیس سے دوستی اور قربت سے حاصل کیا جاتا ہے۔ ارشاد رب العزت ہے کہ۔

(فیتعلمون منهما مایفرّقون به بین المرءِ و زوجه)۔

پھر وہ ان دونوں سے اس چیز کا علم حاصل کرتے ہیں جن سے شوہر و زوجہ کے درمیان جدائی ڈال دیتے ہیں۔

یعنی سحر و جادو کے زیر اثر خلاف حقیقت عمل انجام پذیر ہوتا ہے لہذا انجام بھی بُرا ہی نکلتا ہے۔ انسانی عوامل کا دائرہ وسیع اور پیچیدہ ہے اس لئے سحر و جادو کا انجام پریشانیاں اور اُلجھنیں ہیں۔ یہاں تک ہلاکت انسانی بھی عمل میں آجاتی ہے۔

والدین اور اولاد کے درمیان جدائی، بہن بھائیوں میں جدائی، اقرباء و اعزاء میں پھوٹ ڈالنا، زوجین میں علیحدگی خاندان میں تفرقہ، کسی کو بھی سحر کر کے اپنے مطلب کا کام لینا، معمولی اختلاف کو شدت سے محسوس کرنا، مختلف چیزوں کو حقیقت سے الگ یا متضاد سمجھنا وغیرہ۔ سب ہی کیفیات سحر و جادو کے نتیجے میں پیدا ہو سکتی ہیں۔ ان کیفیات کے کم زیادہ ہونے اور مسلسل اور غیر مسلسل ہونے سے نتائج میں کمی بیشی ہوتی ہے۔ ان کیفیات کے افراد سے انسان سحر جنوں، سحر خمول (خلوت پسندی)، سحر امراض اور سحر وحشت (چیخ و پکار) کا شکار ہو جاتا ہے۔ کبھی کبھی انسان کے کسی عضو میں دائمی درد کا بھی ہونا سحر کا نتیجہ ہوتا ہے۔

اہم ترین بات یہ ہے کہ تشخیص کیسے ہو کہ کون انسان سحر زدہ ہے اور کون گناہوں کے عفریت کا شکار ہے کون واجبات ادا نہ کرنے کے وبال میں ہے کون بلاؤں کی زد میں ہے وغیرہ۔

اس کے لئے سب سے بڑا راہ نما تو خود انسان کا ضمیر ہے۔

اس کے علاوہ انتہائی ماہر روحانیات ہی اس کی تشخیص کر سکتا ہے کہ کون شخص سحر زدہ ہے یا نہیں۔ تاہم معزز قارئین کے لئے ایسا نسخہ تجویز کیا ہے جو مندرجہ بالا کیفیات کے شکار انسانوں کے لئے قابل عمل اور زود اثر ہے۔ چاہے یہ کیفیات یا ان جیسی کیفیات کسی بھی وجہ سے پیدا ہو گئیں ہوں۔ اُن کی وجوہات سے نجات مل جائے گی۔ مجرب المجرب نسخہ ہے۔

نسخہ روحانی: سورۃ الحمد، سورۃ توحید، سورۃ فلق، سورۃ والناس، آیۃ الکرسی اور یہ دُعا لکھ کر گلے میں تعویذ بنا کر ڈالیں۔ (آیۃ الکرسی هم فیها خالدون تک لکھنی ہے)

دُعا: (وَمَا عَمِلَ لَکَ الْوَاحِدُ یَاحَامِلَ هٰذَا الْکِتَابِ اَبْطَلْتُهُ بِالْوَاحِدِ الْاَحَدِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا وَّ مَا عَمِلَ لَکَ الْاِثْنَانِ اَبْطَلْتُهُ عَنْکَ بِالْاِثْنَیْنِ آدَمَ وَ حَوَّا وَ مَا عَمِلَهُ الثَّلَاثَةُ اَبْطَلْتُهُ عَنْکَ بِالثَّلٰثِ جِبْرَائِیْلَ وَ مِیْکَائِیْلَ وَ اِسْرَافِیْلَ وَ مَا عَمِلَهُ لَکَ الْاَرْبَعَةُ عَنْکَ بِالْاَرْبَعِ کُتُبِ التَّوْرٰةِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ اَبْطَلْتُهُ عَنْکَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَمَا عَمِلَهُ لَکَ الْعَشَرَةُ الْکِرَامُ الْبَرَرَةُ تِلْکَ عَشَرَةٌ کَامِلَةٌ فَلَمَّا اَلْقَوْا سَحَرُوْا اَعْیُنَ النَّاسِ وَ اسْتَرْ

هُوْ هُمْ وَجَآءُ وْا بِسِحْرٍ عَظِیْمٍ قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ وَالفاسِدَاتِ وَالسَّاحِرَاتِ وَیُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَی الْبَاطِلِ فَیَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ وَلَكُمُ الْوَیْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ وَقَدِمْنَآ اِلٰی مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا)

سحر زدہ شخص جہاں رہائش پذیر ہوتا ہے وہ جگہ بھی متاثر ہوتی ہے۔ یا تو سحر و جادو کے لئے اس کا گھر استعمال کیا جاتا ہے یا براہ راست اس شخص کو سحر زدہ کیا جاتا ہے اور اس کا اپنا ماحول بھی سحر و جادو کا شکار ہو جاتا ہے۔ یہ اثرات اتنے متاثر کن ہوتے ہیں کہ روحانی حس رکھنے والے افراد آسانی سے بیزاری کا احساس کر لیتے ہیں۔

آج کے دور میں صوتی لہروں اور آواز کے باہمی ربط کو فکری و سائنسی دونوں لحاظ سے کافی گہرائی سے سمجھ لیا گیا ہے اور افادیت کے اعتبار سے اس کا مظاہرہ سحر و جادو کے اثرات سے نجات ہونے سے بھی دیکھا گیا ہے۔ کسی بھی بااختیار کا براہ راست علاج کرنے کی افادیت اپنی جگہ حتمی ہے تاہم بذریعہ ریکارڈ شدہ آواز بھی کلام الٰہی کے ذریعہ شافی علاج ممکن ہے۔ اس نظریہ اور حقیقت سے آگاہی کے بعد ابطال سحر، جادو کے توڑ اور بندشوں سے آزادی کے لئے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک آڈیو کیسٹ تیار کی گئی ہے۔ جس کے استعمال سے گھر اور اہل خانہ سب ہی فیض پا سکتے ہیں۔ اوّل سحری اثرات سے نجات اور بعدہ برکات کا نزول مقدر ہو جائے گا۔

قیمت فی کیسٹ -/100 علاوہ ڈاک خرچ

علی علیہ السّلام مشکل کشاء ہیں

اگر کوئی مصیبت آن پڑی ہو کوئی ایسی مشکل ہو جو حل نہ ہوتی ہو کوئی ایسی مراد ہو جو پوری نہ ہو سکتی ہو، یہ ورد کریں۔ اوّل و آخر دُرود شریف چودہ چودہ مرتبہ درمیان میں یا مصطفےٰ یا محمدؐ یا مرتضیٰ یا علیؑ حاجت روا محمدؐ مشکل کشا علیؑ دو سو بار پڑھیں۔ اِنشاءاللہ ضرور مقصد پورا ہوگا۔ مراد ملنے پر چودہ روپے کی نیاز دیں۔

عامل وقاص احمد اعوان ٹھاکرہ موہڑہ ضلع راولپنڈی فون: 569230

مجرب آزمودہ عمل

یہ ایک بہت آزمودہ عمل خیر ہے جس کے متعلق شیخ طبرسی علیہ الرحمہ نے کتاب کنوز النجاح میں یہ روایت نقل کی ہے کہ ناحیۂ مقدسہ سے حضرت حجۃ القائم آل محمد علیہ السّلام کا فرمان صادر ہوا تھا کہ جو کوئی مومن یا مومنہ کسی مشکل میں گرفتار ہو اور پریشانی سے نجات کی کوئی سبیل نہ سمجھ میں آتی ہو تو اس کو چاہیئے شب جمعہ نصف گزر جانے کے بعد غسل کرے عطر لگائے اگر بتی روشن کرے پھر جائے نماز پر بیٹھ کر ۱۲۱ مرتبہ یا حجۃ القائم علیہ السّلام اور کئی کا ورد کرے۔ ذہن میں یہ تصور ہو کہ امام زمانہ کے حضور میں حاضر ہیں اور فریاد کر رہے ہیں۔ پھر دو رکعت نماز حاجت مشکل صبح بہ نیت قربۃً الی اللہ اس طرح نیت کرے (میں نماز حاجت پڑھتا ہوں برائے رفع ہونے مشکل قربۃً الی اللہ) پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کو شروع کرکے (ایاک نعبد و ایاک نستعین) تک پڑھنے کے بعد اس آیت کو سو مرتبہ پڑھ کر سورۂ الحمد کو یہیں سے مکمل کرے۔ اس کے بعد چار مرتبہ قل ھو اللہ کو پڑھے اور رکوع میں سات مرتبہ (سبحان ربی العظیم و بحمدہ) کہے۔ اِسی طرح دوسری رکعت بھی بجالائے۔ نماز ختم کرنے کے بعد تسبیح فاطمہؑ پڑھے اس کے بعد ایک تسبیح محمد و آل محمد علیہم السّلام پر دُرود کی پڑھے پھر ۱۲۱ مرتبہ یا حجۃ القائم علیہ السّلام اور کئی پڑھے پھر (یا کریمُ یا کریمُ یا ربُّ یا ربُّ) کہے اور دُعا کرے۔ پھر سجدہ میں جائے اور زور زور سے ربّ جلیل کی بارگاہ میں بحق محمد و آل محمد علیہم السّلام دُعا کرے پس جو کوئی مومن یا مومنہ اخلاص اور یقین کے ساتھ اس عمل کو ۵ دن تک بعد نماز صبح کرے گا اِنشاءاللہ اس کی حاجت کی تکمیل کے لئے آسمان کے دروازے کھل جائیں گے اور اور خداوند کریم کا اس عمل کرنے والے پر فضل و کرم ہوگا۔

عمل برائے وسعت رزق

سورۂ مزمّل (پوری سورۃ پارہ ۲۹) ہر روز نماز مغرب و نماز عشاء کے درمیان گیارہ بار پڑھے اوّل و آخر دُرود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھیں۔ اکیس دن تک پابندی کے ساتھ پڑھیں ناغہ نہ کریں۔ اِنشاءاللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی کسی کا قرض باقی نہ رہے گا۔

امراض جگر (پیلا، کالا یرقان ہیپاٹائٹس اے بی وسی) کا روحانی علاج

سیّد ابن مظفر شیرازی ادارہ اصلاح عملیات فیض روحانی 673-3-D-Z گرین ٹاؤن لاہور فون: 042-5111015

رب متعال کا دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں کہ جس نے ایک بار پھر مجھے بصدق پنجتنؑ پاک قارئین امامیہ جنتری سے ہمکلام ہونے کا موقع عطا فرمایا۔

اس بار مضمون اُن بہنوں، بہن بھائیوں اور بچوں کی فرمائش پر لکھا جا رہا ہے۔ جو اس موذی مرض کا شکار ہیں اور اس مرض کے روحانی علاج کے خواہاں ہیں۔

جگر جسم کا ایک اہم اور نازک عضو ہے۔ جس میں خون کی بہت سی مقدار جمع رہتی ہے۔ یہی جگر خون سے زہریلے مادوں کو صاف کرتا ہے۔ آنتوں کے ذریعے فاسد مادے خارج کرتا ہے۔ اہم اجزا ذخیرہ کرتا ہے اور بذریعہ بائیل ہاضمہ میں مدد دیتا ہے۔ جگر کی خرابی فاسد اور زہریلے مادوں کی کثرت سے پیدا ہوتی ہے۔ جس سے مختلف قسم کے وائرس پیدا ہو کر جگر کو تباہ کرتے ہیں۔ انھیں سوزش جگر کے وائرس کہا جاتا ہے۔ یہی وائرس A.B.C.D.E جگر پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ ان میں سی اور بی خطرناک اقسام ہیں۔

ہیپاٹائٹس سے بچنے کیلئے ضروری ہے۔ کہ کثرت شراب نوشی سے پرہیز کیا جائے۔ استعمال شدہ سرنجوں سے اجتناب کیا جائے۔ حمام میں شیو کرواتے وقت نیا بلیڈ استعمال کیا جائے۔ بغیر ٹیسٹ شدہ خون کی منتقلی سے بچا جائے۔ یہی وائرس میاں سے بیوی، بیوی سے میاں اور پھر بچوں میں منتقل ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا احتیاط کی جائے۔

علاج: (1) - امراض جگر سے بچنے کا بہترین روحانی علاج یہ ہے۔ کہ خاتون خانہ آٹا گوندھنے سے قبل پانی پر سورۂ مومنون پڑھ کر دم کرے اور اُس پانی سے آٹا گوندھے۔ امراض جگر لاحق ہونے کی صورت میں بھی ایسا ہی کیا جائے۔ بصدق چہاردہ معصومینؑ کامل شفا ہوگی۔ (2) - نوچندی پیر کو صبح آب نیساں، بارش یا چشمہ کے پانی پر ایک ہزار مرتبہ سورۂ فاتحہ دم کر کے یہ پانی روزانہ نہار منہ مریض کو پلایا جائے۔ دن میں دو تین دفعہ یہی پانی مریض کو پلایا جائے۔ دن میں دو تین دفعہ یہی پانی مریض ہاتھوں اور چہرے پر بھی مَل لیا کرے۔ (3) - درج ذیل تعویذ شرف قمر یا پھر نوچندی پیر کو بنا کر مریض کے گلے میں ڈالا جائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

بہ	ر	ش	ک
ق	ع	ل	ت
ج	م	ف	ث
ن	ی	و	خ

اس تعویذ کے پیچھے درج ذیل آیت اس طرح لکھیں۔ کہ بسم اللہ کے اوپر بسم اللہ آئے اور پہلے چار خانوں میں آیت آئے۔ (بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم - کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِکَلِمَاتِ رَبِّیْ ")

(4) - یہی آیت بسم اللہ کے ساتھ کاغذ یا پلیٹ پر لکھ کر 90 یوم بلا ناغہ مریض کو پلائی جائے۔ (5) - سورۂ مومنون کا درج ذیل تعویذ بنا کر مریض کے سیدھے بازو کے ساتھ باندھیں۔ تعویذ بناتے وقت چال کا خاص خیال رکھیں۔ یہ تعویذ آبی ہے۔ یہ کل تین تعویذ بنائے جائیں گے۔

قول ۷۸۶

۱۱۷۲۳۹	۱۱۷۲۴۰	۱۱۷۲۳۵
۱۱۷۲۳۴	۱۱۷۲۳۸	۱۱۷۲۴۲
۱۱۷۲۴۱	۱۱۷۲۳۶	۱۱۷۲۳۷

ایک تعویذ گلے میں یا بازو پر ایک سرسوں کے تیل میں ملا کر مریض روزانہ جسم پر تیل ملے۔ تیسرا تعویذ پانی میں حل کر کے روزانہ نہار منہ پی لیا کرے۔

(6) - انگشتری طلسم شفا ماہ رجب کی نوچندی پیر کو تیار کر کے مریض کے سیدھے ہاتھ کی چھوٹی اُنگلی کے ساتھ والی اُنگلی میں پہنائی جائے۔ اگر رجب کی نوچندی پیر دور ہو تو شرف قمر یا کسی بھی ستارہ کے شرف میں تیار کر سکتے ہیں۔ انگشتری کی تیاری کا طریقہ یہ ہے چاندی کی تیار شدہ انگوٹھی لیں۔ جس کے اوپر تعویذ لکھنے کی جگہ بنی ہوتی ہے۔ وقت تحریر سے قبل سورۂ مومنون انگوٹھی پر دم کریں اور

طسہ ۷۸۶ ۳۲

لکھ رہا ہو۔ آپ پاس بیٹھ کر سورۂ مومنون کا ورد جاری رکھیں۔ جب انگشتری تیار ہو جائے تو سات یوم روزانہ اس پر سورۂ مومنون پڑھ کر دم کر لیا کریں اور صدقہ دیکر مریض کو پہنا دیں۔ میرا دعویٰ ہے کہ باب مدینۃ العلم کے صدقے سوکھا ہوا جگر ایک بار پھر ہرا ہو جائے گا۔ طلسم جو انگشتری پر لکھا جائے گا۔

مومن بہن بھائی اور محبان محمدؐ و آل محمدؑ خود ان اعمال سے استفادہ کریں کامل شفا ہوگی۔ استفادہ کنندگان سے التماس ہے کہ مجھے اور آغا افتخار حسین ان کے والدین اور معہ متعلقین کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔ مولا کریم امامیہ جنتری کے بانیان، نگران، ملازمین مضمون نگاران و قارئین خواتین و حضرات پر اپنا خصوصی کرم فرمائے۔ دین و دنیا کی سرفرازی عطا فرمائے۔ آمین

اگر کسی امر کی سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافہ بھیج کر وضاحت طلب کر سکتے ہیں۔ نیز جو حضرات انگشتری خود نہ بنا سکتے ہوں۔ تو ادارہ اصلاح عملیات و فیض روحانی ہمیشہ آپ کی خدمت کے لئے حاضر ہے۔

برائے دفعیہ نظر بد

(1) - ان اسماء کو پڑھ کر دم کرے اور زعفران سے لکھ کر پلائے اوّل و آخر درود 14 بار پڑھے (يَا حَسِيْبُ . يَا حَفِيْظُ . يَا بَرُّ . يَا مَانِعُ . يَا مُبِيْرُ . يَا جَلِيْلُ . يَا حَلِيْمُ . يَا مُرْتَضٰى)

(2) - ایک مرغی کا انڈہ لے کر بچے کے سر سے لگا کر یہ دعا سات بار پڑھیں (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا مَبْلَغَ لَوَمٍ) پھر اپنی ہتھیلی پر رکھ کر دہنے کی دھونی انڈے کو دیں اور سورۂ اخلاص پڑھتے جائیں۔ اگر نظر ہے تو انڈہ ہتھیلی پر کھڑا ہو جائے گا تب اس کو توڑ کر دیکھیں اگر اندر سرخ خون کے قطرے ملیں تو پھر اس انڈے کو نظر زدہ کی پیشانی پر مالش کر دیں۔ کیونکہ یہ نظر لگنے کا ثبوت ہوگا ورنہ کوئی بیماری ہے۔


نظر بد سے بچنے کیلئے

اوّل و آخر میں ایک ایک تسبیح درود شریف کی پڑھنے کے بعد تین بار (مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ) پڑھ کر دم کریں۔

خاتمہ بدنظری

حبیب علی سید کراچی 0333-2168184

ہر قسم کی نظر بد کے خاتمے کیلئے یہ نقش نہایت ہی سریع التاثیر ہے اور اس کی بارہا مرتبہ آزمائش کی جا چکی ہے اور جب بھی کسی بدنظر یا فتہ انسان کو یہ نقش پہننے کو دیا تو اسے زندگی میں کبھی بھی بدنظری کی شکایت نہیں ہوئی۔ اس لئے اس نقش کو چھوٹے بڑے زعفران سے عروج ماہ میں اپنے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھیں اللہ کے حکم سے پہلی کی بدنظر کا خاتمہ ہوگا اور آئندہ کے لئے بدنظری سے محفوظ ہوگا۔ یہ کل دو نقوش ہیں اور ایک کے پیچھے بین اسی طرح لائنیں لگا کر اور الفاظ سے الفاظ ملا کر دوسرا نقش بھی لکھا جائیگا اگر زعفران مہیا نہ ہو سکے تو کالی سیاہی سے لکھنا چاہئے نیلی یا دوسری سیاہی کا استعمال منع ہے۔



برائے قوت حافظہ

علم کاوش کو تیز کرنے کے لئے یادداشت کو تیز کرنے کیلئے قوت اوراک کو بڑھاتا ہے ذہن کو تیز تر بنائیں ذہن کو مضبوط بنائیں۔ انشاء اللہ ایسا حافظہ قوی ہو جائیں گے کہ 10 سال کی بات یاد رہے گی۔

طریقہ استعمال: ایک پانی کی بوتل لیں نقش کو اس بوتل میں ڈال دیں اور اکیس روز تک پانی کا استعمال رکھیں بعد از نقش گلے میں پہن لیں۔

ی	ف	ا	ش
۲	۲۹	۱۱	۷۹
۳۸	۳	۷۸	۸
۷۷	۹	۳۱	۴

تحریر: تجمل حسین

شفاء از امراض کے لئے مجربہ طشتری (آزمودہ عمل)

انسان جب دنیاوی علاج سے لاعلاج ہوتا ہے تو اس کا آخری سہارا قرآن حکیم ہی ہوتا ہے کیونکہ اس میں ہر خشک و تر کا علم ہے کیونکہ صاحب بصیرت ہی اس سے کامل نسخہ تیار کر سکتا ہے اور ماسوائے موت کے۔ ہر مرض کا علاج ممکن ہے۔

سرکنڈا یعنی کانا کی نئی قلم لیں اور عرق گلاب یا آب زم زم اور زعفران کی سیاہی تیار کر کے لکھیں نئی چینی کی بڑی پلین پلیٹ لیں اور بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھ کر الحمد شریف کو گولائی میں لکھتے جائیں جہاں پر الحمد ختم ہو وہیں سے آیات شفاء گولائی ہی میں تحریر کرتے جائیں آیات شفاء حسب ذیل ہیں۔

(۱). وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ (سورۂ توبہ ۹، آیہ ۱۴)۔ (۲). شِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ (سورۂ یونس نمبر ۱۰، آیت ۵۷)۔ (۳). يَخْرُجُ مِنْ م بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ (سورۂ النحل ۱۶، آیہ ۶۹)۔ (۴). وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ (سورۂ بنی اسرائیل ۱۷، آیہ ۸۲)۔ (۵). وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ (سورۂ الشعراء ۲۶، آیت ۸۰)۔ (۶). قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَّشِفَاءٌ (سورۂ حم ۴۱، آیہ ۴۴)۔

۷۸۶

۹۸۰	۲۹۰۰	۷۴
۲۹۰۰	۷۴	۹۸۰
۷۴	۹۸۰	۲۹۰۰

جہاں آیات شفاء ختم ہوں وہاں پر نقش آب حیات تحریر کریں نقش آب حیات یہ ہے۔ اب مریض کا مزاج دیکھیں گرم مزاج ہو یا شوگر ہو تو پانی پر 41 بار الحمد شریف مع وصل بسم اللہ پڑھ کر دم کریں اور طشتری میں ڈال کر وقفہ وقفہ سے پلائیں ہفتہ عشرہ یہ عمل کریں اگر مزاج گرم نہ ہو تو طشتری میں شہد ڈال کر تمام نقش کو ملا کر انگلی سے دن بھر چاٹیں انشاء اللہ تعالیٰ شفاء کامل جلد نصیب ہوگی۔

اولاد نرینہ:

جس عورت کے سوائے دختران اولاد نرینہ ہو اُن کے لئے مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کا نسخہ حاضر ہے شاخ مرجان ایک تولہ کو لعاب گھیکوار آدھ سیر میں لت پت کر کے ایک کوزہ گلی میں بند کر کے سات سیر پتھر کی آنچ دے کر کشتہ کریں پھر مروارید ناسفتہ چار ماشہ کو عرق کیوڑہ و عرق گلاب میں دو روز کھرل کر کے اس میں مشک خالص تین ماشہ، اصلی زعفران تین ماشہ بھی ملا کر کھرل کریں اور گولیاں بمقدار دانہ موٹھ بنالیں مرد و زن دونوں صبح شام ایک ایک گولی دودھ نیم گرم یا پانی سے کھائیں ۲۱ یوم کھانے کے بعد وظیفہ بجالائیں انشاء اللہ بفضل خدا اولاد نرینہ ہوگی۔ یہ نسخہ جناب آغا نثار احمد مرحوم صاحب بانی امامیہ جنتری کے نام کرتا ہوں۔

تجمل حسین جعفری
رجانہ ڈاکخانہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ
فون: 04650-60050

نماز استغاثہ حضرت ابوالفضل العباسؑ علمدار کربلا

شب جمعہ یا جمعہ کی صبح دو رکعت نماز استغاثہ ہدیہ ابوالفضل العباسؑ پڑھیں۔ دُعائے قنوت میں یہ دُعا پڑھیں۔ (بسم اللہ الرحمن الرحیم یَا كَاشِفَ الْكَرْبِ عَنْ وَّجْهِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔ اِكْشِفْ كَرْبِيْ بِحَقِّ أَخِيْكَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ) اور سجدۂ شکر میں ایک تسبیح اُس دُعا کی پڑھیں نماز کے بعد دُعا کریں۔

نماز استغاثہ حضرت سکینہ بنت الحسین علیہ السلام

دو رکعت نماز استغاثہ ہدیہ بی بی سکینہؑ پڑھیں۔ اور سجدہ شکر میں ایک تسبیح یاسکینہ بنت الحسینؑ اَدْرِكِيْنِيْ پڑھیں۔ اور حضرت عباسؑ کے بازو قلم ہونے کا واسطہ دے کر بی بی پاک کے ذریعہ حاجت مانگیں یہ عمل رات 12 بجے مکان کی چھت پر مولا عباسؑ غازی کے علم کے نیچے کریں۔ مجرب ہے۔

مرسلہ: مولانا صفدر حسین شاہ قریشی ہاشمی خطیب جامع مسجد جعفریہ کوٹ شاکر تحصیل و ضلع جھنگ

طلب حاجت کیلئے 786 مرتبہ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اور 786 مرتبہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ) پڑھ کر دُعا کریں۔ مستجاب ہوگی۔

خواب اور اُس کی تعبیر

خواب	تعبیر
انگشتری دیکھنا	صاحب اولاد ہو
انگوٹھی فروخت کرنا	عورت سے جدائی ہو
اذان سننا	شہرت ملے
اسپ سوار دیکھنا	مرتبہ بلند ہو
اسپ سے گرنا	مرتبہ میں کمی ہو
آسمان کی طرف اڑنا	سفر دور دراز ہو
آسمان سے گرنا	خوشحالی ہو
آسمان دیکھنا	مرتبہ بلند ہو
آسمان پر ابر دیکھنا	کشائش روزگار ہو
آسمان پر سیاہی دیکھنا	مشکل میں مبتلا ہو
آفتاب دیکھنا	امیر سے ملاقات ہو
آگ جلتی دیکھنا	بارش ہو یا صحت ملے
آگ اٹھانا	زر و مال ملے
آگ پر کچھ پکانا	کاروبار میں فائدہ ہو
آب رواں دیکھنا	ہر کام خوبی سے انجام ہو
آنکھ میں سرمہ لگانا	بیماری سے تکلیف ہو
آندھی دیکھنا	سفر و رنج پیش آئے
آم کھانا	تونگر صاحب اولاد ہو
آئینہ دیکھنا	عورت کی طرف سے ملامت
اونٹ دیکھنا	دولت کا فائدہ ہو
اونٹ پر سوار ہونا	امراض کی کمی ہو
اونچی جگہ سے گرنا	حیرانی و پریشانی ہو
برات دیکھنا	رنج ہو
برف گرتے دیکھنا	موسم خراب ہو
بال بکھرے دیکھنا	مال کا نقصان ہو
بازو اپنا کٹا دیکھنا	برادر کا انتقال ہو
باغ سبز دیکھنا	خوشی ملے
باغ خشک دیکھنا	پریشانی و حیرانی ہو
بادل دیکھنا	مالداری میسر ہو
بارش دیکھنا	افلاس زائل ہو
بادشاہ کو مردہ دیکھنا	ملک میں خرابی ہو
بادام کھانا	زر و مال ہاتھ آئے
بال سر کے کٹے دیکھنا	قرض سے نجات ملے
بال سر کے سفید دیکھنا	مالداری میسر ہو

خواب	تعبیر
بانسری بجانا	پریشانی و حیرانی ہو
بلند عمارت دیکھنا	غم سے نجات
بخور کو بیمار دیکھنا	تھوڑی تکلیف ہو
بستر زمین پر بچھانا	زر کا فائدہ ہو
بچھو دیکھنا	عزت زیادہ ہو
بلبل دیکھنا	حاکم سے نفع ہو
بلی بولتا دیکھنا	افلاس زائل ہو
بیل و بلا دیکھنا	فکر گراں ہو
بیضہ سرخ دیکھنا	رنج دور ہو
بجلی یا دیکھنا	حاکم سے خوف ہو
بھینس دیکھنا	مشکل پیش آئے
پہاڑ پر چڑھنا	مرتبہ بلند ہو
پہاڑ کے اوپر پھرنا	ترقی جاہ و جلال ہو
پہاڑ جلتے دیکھنا	کوئی بادشاہ مرے
بچہ گم دیکھنا	پریشانی ہو
پرواز دیکھنا	حاکم سے ملاقات ہو
پیاس لگنا	عمر زیادہ ہو
پانی پینا	کشائش روزگار ہو
پیسہ گم ہونا	ترقی میں رکاوٹ
پاؤں زمین پر مارنا	رنج و تکلیف ہو
پارہ ہاتھ میں اٹھانا	روپیہ ہاتھ میں آئے
پاخانہ پھرنا	غم سے فراغت ہو
پاخانہ جسم سے لگا دیکھنا	دولت ملے
پتلی دیکھنا	مال و دولت ملے
پنجرہ دیکھنا	رنج و غصہ
پل پر چلنا	کام پورا کرے
پوری کھانا	خوشی ہو
پیشاب خون کا کرنا	رنج و تکلیف ہو
پہلوئے چپ دیکھنا	عورت خوبصورت ملے
پہلوئے راست دیکھنا	دوست سے ملاقات
پھول دیکھنا	محبت میں مبتلا ہو

خواب	تعبیر
تلوار دیکھنا	دشمن پر غالب ہو
تلوار کا قبضہ اٹھانا	کوئی مرد جنگ میں مرے
تخت دیکھنا	بادشاہ سے بلندی ہو
تخت پر بیٹھنا	کامیابی اور خوشی ہو
تان پورہ بجانا	ترقی دولت ہو
تکیہ پانا	بزرگی کی نشانی ہے
تصویر دیکھنا	آسیب میں مبتلا ہو
تربوز کھانا	مشکل پیش آئے
تیمم کرنا	رنج و غم ہو
تابوت دیکھنا	حیرانی ہو
تاج سر اپنا دیکھنا	عمر دراز ہو
تار کھینچنا	پریشانی ہو
تاریک جگہ دیکھنا	مشکل پیش آئے
تالاب میں نہانا	عزت و آبرو ملے
تل چبانا	کوئی الزام لگے
تیر چلانا	دولت مراد آئے
تیتر دیکھنا	اقبال بلند ہو
تیل پینا	مرض میں مبتلا ہو
توپ دیکھنا	دشمن مغلوب ہو
ٹوکری دیکھنا	حیرانی و پریشانی ہو
جنگل سبز دیکھنا	خوشی و کامیابی ہو
جنگل خشک دیکھنا	رنج پیش آئے
جنگل میں دوڑنا	مصیبت سے رہائی ہو
جہاز پر چڑھنا	[illegible]
جھاڑو دیکھنا	[illegible]
جنازہ دیکھنا	[illegible]
جواہرات دیکھنا	حصول مراد ہو
جنگ کرنا	خوشی ملے
جنگ میں قتل ہونا	حکومت و سرداری ملے
جامن کھانا	تکلیف زائل ہو
جانور پکڑنا	کوئی بڑا کام کرے

خواب	تعبیر
جانور خون آلود دیکھنا	حکومت ملے
جسم کے ٹکڑے دیکھنا	حکومت ملے
دانت گرتے دیکھنا	درازی عمری کی نشانی ہے
جو کھانا	کشائش روزگار ہو
چاند دیکھنا	بزرگی حاصل ہو
چکور دیکھنا	محبوب سے ملاپ ہو
چاند شکستہ دیکھنا	رنج ہو
چاند گرہن دیکھنا	فکر گراں ہو
چاندی دیکھنا	کشائش رزق ہو
چاندی پانا	کشائش رزق ہو
چاول کھانا	رنج و محنت
چاہ میں گرنا	مشکل میں مبتلا ہو
چراغ روشن دیکھنا	اولاد صاحب اقبال ہو
چیل دیکھنا	رنج و فکر ہو
مچھلی مارنا	مصیبت پیش آئے
حلوہ دیکھنا	حصول علم ہو
حلوہ کھانا	مالداری میسر ہو
حاکم کو دیکھنا	عزت کی نشانی ہے
حمام دیکھنا	عیش کی علامت ہے
وضو کرنا	غیب سے دولت ملے
حمام میں غسل کرنا	تکلیف سے نجات ہو
حجامت بنوانا	کم عمری کی نشانی ہے
خربوزہ دیکھنا	نعمت ملے
خط پڑھنا	بزرگی پائے
خربوزہ کھانا	مال و دولت ہاتھ آئے
خاک دیکھنا	حصول دولت ہو
خرما کھانا	کشائش روزگار ہو
دریا پار کرنا	[illegible]
دریا میں نہانا	[illegible]
دریا سے پانی پینا	مرتبہ بلند ہو
دروازہ دیکھنا	عورت سے رنج ہو
دیوار سے گرنا	[illegible]
دیوانہ دیکھنا	فکر و پریشانی
دہی کھانا	[illegible]

نوٹ: یہ واضح رہے کہ اکثر وہی خواب قابل اعتبار ہوتے ہیں جو ایسی حالت میں دیکھے جائیں کہ صحت بالکل ٹھیک ہو بیماری اور رنج و غم اور خوشی و مسرت کی حالت میں اکثر خواب معتبر نہیں ہوتے۔ اول دن یا شب کا خواب بے اثر ہے۔ بعد نصف شب کے خواب میں حقیقت کا عنصر زیادہ ہوتی ہے۔ اگر خوفناک خواب نظر آئے تو راہ خدا میں صدقہ دیا جائے۔ اچھا خواب دیکھ کر بیدار ہونے کے بعد ہرگز نہ سوئے۔ اپنا خواب کسی نااہل سے بیان نہ کریں۔ ہر مومن کو چاہئے کہ وہ وضو کر کے سوئے۔ کلمہ شہادت ضرور پڑھے۔ منہ کے بل ہرگز نہ سوئے۔

از قلم: حکیم مظفر سعیدی ابن علامہ حافظ تصدق حسین صاحب
بی کام، ڈپلومہ انجینئرنگ (ڈی۔ آئی۔ ایم ایس) آر۔ ایم۔ ایچ۔ ایس

۷۸۶

(ھو الشافی)

مطب: مین سعید روڈ بالمقابل شیعہ مسجد کرشن نگر لاہور
فون نمبر: 042-7248410-7114359
موبائل: 0333-4356949

ہیپاٹائٹس بی و سی کا موثر علاج

ہیپاٹائٹس بی وسی جگر کے امراض کوئی نئے نہیں ہیں۔ یہ امراض صدیوں پرانے ہیں۔ طب جدید نے یرقان اصفر یا ورم جگر کو "ہیپاٹائٹس بی" اور یرقان اسود یا یرقان سبز یعنی جگر کے سکڑنے کو "ہیپاٹائٹس سی" کا نام دیا ہے۔

جگر ہمارے جسم کا نہایت اہم عضو ہے۔ یہ دائیں جانب کی پسلیوں کے نیچے دو یا اڑھائی انچ کے فاصلے پر موجود ہوتا ہے۔ صحت کی حالت میں جگر کا وزن ڈیڑھ سے دو سیر کے درمیان ہوتا ہے۔ اخلاط اربعہ خون، بلغم، سودا و صفرا جگر ہی میں بنتے ہیں۔ اگر جگر میں کوئی خلل پیدا ہو جائے تو تمام اندرونی اعضاء جسمانی متاثر ہوتے ہیں۔ صحت کی حالت میں دائیں جانب کی پسلیوں کے نیچے ٹٹولنے سے بھی جگر کا پتہ نہیں چلتا ہے۔

ہیپاٹائٹس بی: جگر کا ورم دو طرح کا ہوتا ہے۔ ایک ورم حقیقی اور دوسرا ورم غیر حقیقی کہلاتا ہے۔ اس کی تشخیص طبیب ہی صحیح طرح کر سکتا ہے۔ حقیقی ورم جگر ہو تو جگر بڑھا ہوا یا سوجا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ ورم کی وجہ سے اس کا حجم بڑھ جاتا ہے۔ وزن میں اضافے کے باعث بڑھاؤ زیادہ تر نیچے ہی کی جانب ہوتا ہے اور ورم کی وجہ سے جگر پسلیوں کے ساتھ لگ جاتا ہے اور آسانی سے دیکھے جانے کے ساتھ ساتھ ہاتھ لگانے سے محسوس بھی کیا جا سکتا ہے۔ بعض مریضوں میں جگر کا بڑھاؤ ناف تک دیکھنے میں بھی آیا ہے۔

ایسا چند مریضوں میں ہوتا ہے کیونکہ اس پوزیشن سے پہلے بے احتیاطی اور علاج میں غفلت کی وجہ سے مریض جہان فانی سے کوچ کر جاتا ہے۔ غیر حقیقی ورم میں مریض بڑھاؤ محسوس کرتا ہے۔ مگر بڑھاؤ نہیں ہوتا ورم جگر میں اگر کبد میں درد ہو تو یہ غشا کبد کا ورم ہے۔ لیکن اگر بخار کی شکایت بھی ہو جائے تو یہ حقیقی ورم جگر ہوتا ہے۔ بخار کو جلد از جلد اُتارنا چاہیے کیونکہ یہ خطرے کی گھنٹی ہوتی ہے۔ ورم جگر کی وجہ کثرت شراب نوشی، شدید گرمی میں مسلسل کام کرنا۔ جگر کے مقام پر چوٹ لگنا، صفرا کی کثرت پیدائش اور اخراج کا نہ ہونا، طیریا بخار کا مسلسل رہنا بھی موجب بنتا ہے۔ ورم جگر میں دائیں پسلیوں کے نیچے اُبھار، سانس لینے میں دقت، آنکھوں کا پیلا پن، پاخانہ نہایت بدبودار آنے سے مرض کی تشخیص ہو جاتی ہے۔

ہیپاٹائٹس بی کا مکمل علاج: (1) - صبح نہار منہ ایک کپ عرق مکو خالص پئیں۔ (2) - تخم کشوث، تخم کاسنی، تخم کرفس، قرنفل، دانہ الائچی خورد، بیخ کرفس، مجیٹھ، گلسرخ، عافث، قط شیریں، اسارون، طباشیر، مصطگی، زعفران، دارچینی اور بالچھڑ ہم وزن لے کر سفوف بنائیں۔ خوراک: 6 ماشہ صبح اور 6 ماشہ رات ہمراہ عرق مکو۔ (3) - دوپہر کو پیاز کاٹ لیں اور سرکہ انگوری میں بھگو دیں 15 منٹ کے بعد سوکھی روٹی کے ساتھ یہ پیاز کھائیں۔ (4) - میٹھے انار کا جوس یا گنے کا رس ایک گلاس بغیر ناشتے کے روزانہ پینا ہے اگر گنے کا رس پییں تو اس میں نمک، لیموں، ادرک نہیں ڈالنا خالص رس پینا ہے۔

ہیپاٹائٹس سی: یرقان اسود، یرقان سبز یا "ہیپاٹائٹس سی" میں جگر بڑھنے کی بجائے سکڑنا شروع ہو جاتا ہے۔ یرقان اسود کی تشخیص نہایت آسان ہے۔ اگر ایک شخص کی رنگت صاف ہے اور اس کی رنگت روز بروز تبدیل ہونا شروع ہو جائے یعنی سیاہ رنگت میں تبدیل ہونا شروع ہو جائے تو یہ کافی حد تک یرقان سوداوی پر دلالت کرتا ہے۔ یرقان سوداوی دو طرح کا ہوتا ہے۔ ایک یرقان کبدی اور دوسرا یرقان طحالی کہلاتا ہے۔ یرقان کبدی جگر کے افعال میں خلل کی وجہ سے ہوتا ہے۔ خون اور صفرا، سودا میں تبدیل ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے رنگت سیاہ ہو جاتی ہے۔ یرقان طحالی میں تلی میں ضعف پیدا ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ مخصوص افعال سرانجام نہیں دیتی ہے۔ بعض اوقات یرقان اصفر مزمن ہو کر یرقان اسود میں تبدیل ہو جاتا ہے یرقان اسود میں پاخانہ سیاہ آتا

ہے۔ مرض کے مزمن ہونے کی صورت میں پیشاب کی رنگت بھی سیاہی مائل ہو جاتی ہے۔ پسینہ کی وجہ سے کپڑوں پر سیاہ رنگ کے دھبے پڑ جاتے ہیں۔ قے کے اخراج میں مواد بھی سیاہی مائل خارج ہوتا ہے۔ یرقان اسود کے علاج میں ضروری ہے کہ جگر کے ساتھ تلی کا بھی علاج کیا جائے۔

ہیپاٹائٹس سی کا مکمل علاج: (1) - کاسنی، برنجاسف، ریوند چینی ہم وزن لے کر سفوف بنائیں۔ خوراک: صبح و شام 4-4 ماشہ ہمراہ عرق (2) - کاسنی، برنجاسف، ریوند چینی تینوں ڈیڑھ ڈیڑھ پاؤ لے کر حسب دستور عرق کی 10 بوتلیں بنائیں۔ ایک کپ صبح اور ایک کپ شام سفوف بالا کے ساتھ استعمال کریں۔ (3) - افسنتین رومی کا سفوف بنائیں 4 ماشہ دوپہر کو شربت انار شیریں کے ساتھ استعمال کریں۔ (4) - شام 5 بجے ملٹھی کا سفوف بنا کر 2 بڑے کیپسول پانی کے ساتھ کھائیں۔

ہیپاٹائٹس مکسچر: یرقان اصفر ہو یا یرقان اسود ہو دونوں قسموں کے یرقان میں دوا شروع کرنے سے پہلے سات یوم صبح و شام تین تین چائے کے چمچ اس مکسچر کے ایک پانی کے گلاس میں ملا کر پیتے ہیں۔ اس کے بعد دوا کا استعمال کرتا ہے۔ مکسچر کے استعمال سے فاسد مادے خارج ہو جائیں گے نسخہ مندرجہ ذیل ہے۔

نسخہ: پھٹکری، نوشادر، قلمی شورہ، پتھری، فولاد ایک ایک تولہ میٹھا سوڈا، ٹاٹری، ہیرا کسیس، سبز کونین، تین تین ماشہ، میگنیشیا پندرہ تولے لیکر ادویات کو کھرل کر کے ایک لیٹر عرق پودینہ میں اچھی طرح مکس کریں اور حسب ہدایت استعمال میں لائیں۔

پرہیز و خوراک: میٹھی اور چکنی اشیاء بالکل بند کر دیں۔ خوراک میں کدو، بھنڈے، مولی سلاد، کھیرا، توری اور سا گودانہ، دلیہ، انگور، انار، سیب، تربوز، آڑو، آلو بخارا، فالسہ موسم کے مطابق استعمال کریں۔

دعا گو: حکیم غضنفر مہدی

تاریخی اسماء مذکر و مؤنث ہجری ۱۴۲۵ھ		تاریخی اسماء مذکر و مؤنث ہجری ۱۴۲۶ھ		عیسوی مذکر و مؤنث اسماء 2005ء	
اسماء مذکر ۱۴۲۵ھ	اسماء مؤنث ۱۴۲۵ھ	اسماء مذکر ۱۴۲۶ھ	اسماء مؤنث ۱۴۲۶ھ	اسماء مذکر 2005ء	اسماء مؤنث 2005ء
غلام مجتبیٰ	ماہ رخ فصاحت	احسن رضا شاہ	شرف خاتون	سید ارتضیٰ حسین	حور العین فرخندہ خانم
ارتضیٰ وہاب	کریمہ امتیاز خانم	مجتبیٰ کاظمی	قرطبین خاتون	سید خضر حیدر ریحان	ثمر خضر
تصدق ارتضیٰ	طوبیٰ توقیر خانم	ہدایت رضوی	اکرام کوثر بتول	خضر حسین انور	حلیمہ حلیم
مہر فخر منیر	شمشاد مقدم کلثوم	سید فخر الوقار صمد	مسرت کوثر	ضیغم حسین زکی	منتظرہ ابرار
مخدوم مشرف عماد	تقدیس توقیر فاطمہ	سید عنایت علی شہادت	منور بتول خانم	ضیغم عباس حبیب	درخشاں احسان علی قریشی
کریم حافظ کلیم اللہ	مظاہرہ یوسف حسن	تفخیر تصور شاہ	فائزہ شہاب الدین	مہر شہادت معظم	رانا مغیث فاطمہ
مقتدیٰ کاظمی	خشنودہ شفیع	ہدایت کوثر شاہ	جعفری خاتون	مہر جہان معظم خاں	غفوری بانو خاں
امیر محسن رضوی	خورشیدہ منیر	تفضل یوسفی	شوکت جاہ خانم	مغیث مجتبیٰ	سعادت اظہار جعفری
تواب رضوی	خورشیدہ مکرم	وسیم تفضل	رخشی فیض	مخدوم تقدیر رضا	فرزانہ اعظم خاں
سید فخر الوقار عباس	نورسیما خاتون	سید ذوالقرنین بابر	ذکیہ خانم	مخدوم معراج رضا	تمثیل حنیفہ
ابوتراب رضوی		رعنا ثروت	قرطبین خاتون	مخدوم محسن عالم رضوی	رعنا حافظہ خانم
		آغا سید حسن رضا	بشریٰ منصور شیرازی	منتظر ہاشمی مہدی	شہزادہ افتخار فاطمہ
		آغا محمد علی رضا	قدسیہ ذیجاہ شیرازی	شاداں منتظر مہدی	افتخار مجتبیٰ
		سید رفیع القدر ترمذی		حافظ تصور دانش	بتول اظہار شفیع

مرتبہ: عامل سید غیور حسین کاظمی
بمقام تحصیل علی پور ضلع مظفر گڑھ
ہر قسم کے تعویذات ... کے مطابق بارعایت دستیاب ہیں۔

نومولود کے اسلامی نام

میں تمام مومنین و کرام سادات غیر سادات کا تہہ دل سے مشکور ہوں کہ جنھوں نے بذریعہ خط و فون میری اس ادنیٰ سی کاوش کو شرف قبولیت بخشا۔

جن حضرات کے وفی سبیل اللہ کام ہوئے ہیں اُن سے گذارش ہے کہ بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم و اہلیہ اور میرے مرحومین والدین کیلئے سورۃ فاتحہ تلاوت فرمادیں یہی زائچہ کا ہدیہ ہے۔ زائچہ فی سبیل اللہ بنوانے، نقش محبت کشائی (شادی) و نقش روزگار اور صحت حاصل کرنے کیلئے اپنا نام والدہ کا نام تاریخ پیدائش ہمراہ جوابی لفافہ درج ذیل پتہ پر رابطہ کریں۔ نیز نومولود کا نام بذریعہ زائچہ بھی بنایا جاتا ہے۔

(سید قمر حسین نقوی مکان نمبر 70/A محلہ اہلسنت محلہ بیلے والا لیہ تحصیل و ضلع لیہ پوسٹ کوڈ نمبر 31200 فون: 0694-414030 موبائل: 0333-4376657)

لڑکوں کے اسلامی نام				لڑکوں کے اسلامی نام			
محمد مہدی رضا	حُر علی	محمد وہاج مہدی	حماد حسین	بضاعت حسین	محمد عباس مہدی	وصی عباس	مکرم علی
باریاب حسین	منتظر مہدی	جرار عباس	حمزہ علی رضا	مظفر علی	روحیل حیدر	آویز علی	روحیل عباس
علی مہدی	نقاش علی	زعیم علی محسن	شیراز علی	علی طاہر	مغیث حیدر	عمار علی	باسم عقیل
محمد عماد مہدی	صہیب عباس	ذکن عباس	علی عمران	صادق مہدی	توقیر حیدر	جمیل رضا	تیمور علی
وجاہت حسین	محمد حمزہ عقیل	ضامن حسین	عدنان علی	اقرار حیدر	محمد عابد مہدی	احتشام رضا	واثق حسین
شہریب حسین	محمد معوز	محمد رمضان علی	کامران حیدر	علی شجاع	حیدر عباس	محمد معوز رضا	شاہیان علی
محمد عون عباس	ریان علی	سرمد علی	انتظار حسین	فرمان علی	نعمان عباس	صفدر عباس	شاہویز علی
ذوہیب عباس	محمد ارتضٰی مہدی	ضرار علی	توسام حسین	احسان علی	الہام علی	فواد حسین	سبط اکبر
ازن عباس	شہریار علی	محمد عمیر حسنین	دانیال حسین	مظفر مہدی	افنان حیدر	مقرب علی	مہتیل عباس
نیب حیدر	خرم سجاد	عاشر علی	جاگیر حسین	محمد محسن مہدی	شازل علی	محمد زریاب مہدی	معظم علی
ظہیر عباس	علی شجاب	معظم عباس	محمد مصف علی	وارث حسین	حسین حیدر	واصف علی	فیضان علی
ارسلان علی	احتصام علی	حمائل علی	قیصر حسین	جاوید عباس	عظمان علی	ذوہیب علی	غیور عباس
محمد وجیہہ حسین	سلمان حیدر	شارق حسین	مستجاب حسین	مسرور حیدر	علی شمران	عطرت علی	ناطق حسین
محمد جواد حسین	تقی حسنین	ہادی رضا	ظفریاب حیدر	نگاہ حسین	تطہیر عباس	ثمر عباس	اسداللہ علی
عاکف حسین	عمران حیدر	سبقت علی	علی امام	مشکور حسین	محمد رویم	حماد علی	ابوذر علی
تصور علی	محمد شباہت علی	محمد باسم مہدی	نصرت حسین	جاذب حسین	تحسین رضا	توسین حیدر	مغیث علی
معصور حسین	شفاقت حسین	نہال حیدر	کامل حسین	نادر علی	حیدر عمران	عمیر شبیر	شمائل حسین
زوہیر عباس	سفیر حسین	روحیل عباس	حسنین مرتضٰی	احسان حیدر	ارقم علی	حمزہ علی	حسنین حیدر
ضیغم حسین	رمیض علی	مزمل حسین	قلب حسین	فتح علی	فرحال عباس	گلفام حیدر	فہد شبیر
یاور حسین	محمد شاویز مہدی	فصیح عباس	انصار حسین	وجاہت حیدر	ابرار حسین	دانیال حسین	باسط علی

لڑکوں کے اسلامی نام

محمد تقی مہدی	آصف رضا
محسن عسکری	محمد محسن عباس
فہد علی	مبشر موسیٰ
فرقان علی	زین اصغر
احسان حیدر	نوید عباس
منان علی	معصوم عباس
فائق علی	صغیر الحسن
امجد رضا	مطیب حسین
صفی اللہ	جنید علی
فرحال عباس	محمد زعیم عباس
ابرار حسین	علی شجران
جاذب حسین	عباس معظم
وقاص علی	حمزہ علی رضا
تجمل رضا	موسیٰ رضا
لائق علی	نصیر عباس
عنصر رضا	محمد رضا عباس
حسن حیدر	علی اکبر مہدی
علی مظاہر	قاسم رضا
محمد باقر مہدی	صالح حسین
جعفر حسین	مشاہد حسین
محمد کاظم رضا	قیصر رضا

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا (القرآن)

اور سب مل کر اللہ کی رسّی کو مضبوط پکڑے رہنا اور متفرق نہ ہونا۔

لڑکیوں کے اسلامی نام

عالیہ رباب	نظارہ بتول	فضا بتول	روما بتول	شان زہرا	زروہ فاطمہ
اُم رباب	زعا مہک	نیلم زہرا	اُم ارمان فاطمہ	عصمت ردا	قصحا بتول
اِرم زہرا	علیزہ بتول	ماہ رخ زینب	علیشاء بتول	تحریم کلثوم	فائقہ بتول
زوناب فاطمہ	رابعہ بتول	تسبیہ فاطمہ	عشما بتول	منیبہ زینب	مریم بتول
فروا بتول	یمنا بتول	ایمان فاطمہ	لائبہ فاطمہ	زرلش بتول	عظمیٰ بتول
ردا بتول	نشاء گوہر	فریال بتول	ماہ نور زینب	لبنیٰ امانت علی	کشف حیدر
شہلا زینب	عزہ فاطمہ	عاصمہ رباب	وریشا بتول	مبشرہ کائنات	الوشیہ بتول
سحر انجم	افروح بتول	حنا بتول	ماہم زہرا	شائزہ بتول	عروج فاطمہ
نجف زہرا	ادیبہ بتول	سامیہ علی	طالعہ بتول	مرینہ بتول	شامعہ بتول
صباحت بتول	انشراح بتول	ثمن زہرا	مایا بتول	ناشیہ بتول	میمونہ بتول
فائقہ بتول	ثناء فاطمہ	مائدہ بتول	رمیشہ بتول	سائقہ فاطمہ	ثمرین فاطمہ
امامہ بتول	مہروز علی	حنانہ بتول	اصلا رباب	یاسیہ بتول	یمنیٰ بتول
شام زینب	انقا علی	عصمت زہرا	ماہم بتول	تسمیہ بتول	اریب فاطمہ
انوش بتول	مومنہ بتول	ایمنہ بتول	فوزیہ بتول	منیزہ بتول	وجیہہ فاطمہ
اصول فاطمہ	صفیہ بتول	تبسم زہرا	فائزہ کرن	فیضیہ بتول	امیر کلثوم
زوارہ بتول	زارہ علی	ماریہ بتول	شہلا بتول	یقین زہرا	حرا بتول
لائبہ بتول	طاہرہ بتول	وسیلہ بتول	حرا فاطمہ	کہکشاں بتول	کشف بتول
اسوہ بتول	عرشیہ بتول	معصام بتول	یشاء رباب	ہادیہ بتول	عطرت بتول
ایمن علی	سدرہ بتول	یاذرہ علی	عزا کرن	سدرہ عباس	زہرا بتول
سندس فاطمہ	نور العین	سالکہ علی	فائقہ بتول	اقراء شبیر	مایام زہرا
صالحہ بتول	نائمہ بتول	دعا زہرا	عقیلہ بتول	خضریٰ بتول	شاور فاطمہ
ملائکہ علی	نیلم فاطمہ	انشاء بتول	مہوش بتول	نازیہ بتول	تاشفین علی
صوبیہ بتول	ارم شہزادی	نین سحر	جویریہ بتول	روحا بتول	صبیحہ بتول
کنول علی	مہوش بتول	شافیہ بتول	معصومہ زینب	نائمہ بتول	اسریٰ بتول
صاعقہ بتول	نعمانہ بتول	آئزہ بتول	نبیلہ کرن	عائزہ بتول	گمیلہ علی
سیرت فاطمہ	نور فاطمہ	اریبہ عباس	راحین فاطمہ	نگارش بتول	شمین زہرا
نمرہ سحر	سحر بتول	وانیا علی	مرسلین فاطمہ	افرین فاطمہ	روئیداد بتول
ثروت بتول	زینب بتول	یقین علی	عندلیب فاطمہ	نوریا عباس	نقاش فاطمہ
عاریہ فاطمہ	حرا بتول	زینب علی	صفیہ بانو	تزئین فاطمہ	ربیعہ علی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

روشن مستقبل کے لئے نام کی اہمیت (قسط دوئم)

سید تنویر حیدر نقوی (تنویر عصری) ایم اے
موبائل: 0333-5398050

اللہ تعالیٰ کی حمد، محمد و آل محمد پر تحفہ درود و سلام اور گرامی قدر افتخار صاحب کے شکریہ کے بعد ان تمام معزز قدر دانوں کا شکر گزار ہوں۔ جنھوں نے فرداً فرداً حوصلہ افزائی کے خطوط لکھے یا فون کئے نیز اس مضمون کی مختلف جزئیات کی طرف توجہ مبذول کروائی۔ یہ بات مشاہدہ میں آئی کہ زیادہ احباب نے اس کو بچوں کے لئے اور بچوں سے متعلق سمجھ کر وہ توجہ نہ دی جیسی توجہ دینی چاہیے تھی۔ خصوصاً ان احباب کو جو مسلسل ناکامیوں اور بربادیوں سے ہم کنار ہیں۔ ان کو بڑی وضاحت سے تدبیر کی حکمت پر عمل کی دعوت دی تھی۔ اگر وہ احباب اِن آسان اور عام فہم بلا معاوضہ نقاط سے راہنمائی حاصل کرتے تو لامحالہ خالق کائنات کی امداد ان کے ساتھ شامل حال ہو جاتی کیونکہ یہ طریق کار فطری روحانی اصولوں پر مبنی ہے اور تمام نجوم۔ رمل۔ جفر۔ اعداد میں اساتی نظریہ کی اہمیت رکھتا ہے اور قرآنی نظریہ تخلیق سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔

اس مختصر تمہید کے بعد یہ بات محسوس کی گئی کہ میرے جن دوستوں نے اِس طریقہ پر عمل کی کوششیں کیں اُن کو سب سے زیادہ مشکل حرف اوّل کے انتخاب کی ہوئی جس کا سبب ہر عدد کے تحت ہم رتبہ 3 یا 4 حروف حاصل ہوتے ہیں اور ان کی قدر کے ساتھ ساتھ عنصری تاثیرات بھی مختلف ہیں نام کو موثر ترین بنانے کیلئے اس کی مزید وضاحت یہ ہے کہ:

(1) جس دن بچہ پیدا ہوتا ہے اس دن چاند اپنی گردشی منزلوں میں سے کسی ایک منزل پر ہوتا ہے۔ ابجد قمری کے 28 حروف جو کہ کُل قرآن کریم کی 2 آیات میں کُلی موجود ہیں اور قرآن کریم اور آئمہ معصومین کے فرمودات کی روشنی میں 28 منزلوں سے متعلق ہیں۔ جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

[illegible]

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
شرطین	بطین	ثریا	دبران	ہقعہ	ہنعہ	ذراع	نثرہ	طرف	جبہ	زبرہ	صرفہ	عوا	سماک
ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸
غفر	زبانا	اکلیل	قلب	شولہ	نعائم	بلدہ	ذابح	بلع	سعود	اخبیہ	مقدم	مؤخر	رشا
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ

(2) دوسرے شمسی لحاظ سے ہر مہینے میں سورج کی گردش کے ساتھ جو تبدیلی واقع ہوتی ہے۔ ان کا لحاظ رکھتے ہوئے قدیم محققین نے ہر ماہ کی نسبت سے کچھ حروف مخصوص کر دیئے ہیں اور تمام مروجہ جنتریوں میں شمسی طالع کے حرف کو زیر بحث لا کر نام کا حرف حاصل کرنے کا قدیم دستور نافذ ہے جو کہ سہولت کیلئے ذیل میں درج ہے۔

جدول طالع شمسی

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
21 مارچ تا 20 اپریل	ا۔ل۔ع۔ی	برج حمل سیارہ مریخ	آتشی
21 اپریل تا 20 مئی	ب۔و	برج ثور سیارہ زہرہ	خاکی
21 مئی تا 20 جون	ق۔ک	برج جوزا سیارہ عطارد	بادی
21 جون تا 22 جولائی	ح۔ہ	برج سرطان سیارہ قمر	آبی
23 جولائی تا 22 اگست	م۔ٹ	برج اسد سیارہ شمس	آتشی
23 اگست تا 22 ستمبر	پ۔غ	برج سنبلہ سیارہ عطارد	خاکی
23 ستمبر تا 22 اکتوبر	ر۔ت	برج میزان سیارہ زہرہ	بادی
23 اکتوبر تا 21 نومبر	ظ۔ذ۔ن۔ز	برج عقرب سیارہ مریخ	آبی
22 نومبر تا 21 دسمبر	ف	برج قوس سیارہ مشتری	آتشی
22 دسمبر تا 19 جنوری	ش۔ج۔گ	برج جدی سیارہ زحل	خاکی
20 جنوری تا 18 فروری	ص۔ث۔خ۔ت	برج دلو سیارہ یورینس	بادی
19 فروری تا 20 مارچ	د۔چ	برج حوت سیارہ مشتری	آبی

(3) تیسرا نظریہ علم الاعداد کی روشنی میں عنصری حروف کی تقسیم کا ہے جو پچھلے سال 2004ء امامیہ جنتری میں تفصیلاً پیش کیا گیا تھا۔ ان تینوں نظریات کی مطابقت کیونکہ ممکن ہے۔ اس بات کو ایک عملی مثال سے وضاحت کر دوں تاکہ لفظ کے انتخاب کا معاملہ ہر فرد پر بالکل آسان ہو جائے۔

مثلاً ایک بچہ 16-07-2004 بروز جمعہ صبح 10 بجے پیدا ہوا، اس طرح سے 16+07+2004 ، 6+7+7=2 کو پیدا ہونے والا بچہ کا عدد مفرد 2 حاصل ہوا۔

عدد 2 کے تحت (ب، ک، ر) یہ تین حروف حاصل ہوئے۔

قمری اعتبار سے اس وقت قمر (منزل نثرہ) پر موجود تھا اس منزل کا حرف (ح)

حاصل ہوا۔ مگر اسی تاریخ میں 3 بجے شام کے بعد یہ منزل تبدیل ہوگئی اور حرف تبدیل ہو جائے گا۔ (اس وقت کو خصوصی طور سے جنتری میں چیک کرنا ہے تاکہ غلطی نہ ہو جائے اس حرف کا حصول جنتری کے بغیر ممکن بھی نہیں) تیسرے شمسی اعتبار سے 22 جون تا 23 جولائی کا عرصہ ستارہ قمر اور برج سرطان کے تحت آتا ہے اور حرف (ح، ہ) اس کے متعلق نسبت رکھتے ہیں۔

نتیجہ انتخاب:

1 - عدد 2 کے تحت حاصل حروف: ب - [ک] - ر

2 - قمری اعتبار سے حرف: [ح]

3 - شمسی اعتبار سے حرف: [ح] - ہ حاصل ہوئے

جدول عنصری

درجہ اوّل دوست	حروف آتشی (آگ)	ا	ہ	ط	م	ف	ش	ذ	مشرق
	حروف بادی (ہوا)	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض	شمال
درجہ اوّل دوست	حروف آبی (پانی)	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ	جنوب
	حروف خاکی (مٹی)	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ	مغرب

★ آتش و باد میں موافقت ہے۔ ★ خاک و آب میں دوستی ہے۔
★ آتش و آب میں مخالفت ہے۔ ★ باد و خاک میں دشمنی ہے۔

ابجد قمری جدول ہم رتبہ

اعداد مفردہ	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
ہم رتبہ حروف	ا ی ق غ	ب ک ر	ج ل ش	د م ت	ہ ن ث	و س خ	ز ع ذ	ح ف ض	ط ص ظ

اب جدول عنصری میں نظر دوڑائی تو (ک) حروف آبی میں حاصل ہوا جبکہ (ح) حروف خاکی اور کیونکہ ان دونوں عنصروں میں اوّل درجہ کی دوستی ہے اس طرح ان دونوں حروف سے نام کا انتخاب درست ہے مگر مزید توجہ دینے سے معلوم ہوا کہ متعلقہ شمسی برج آبی ہے اور (ک) کا بھی تعلق آبی عنصر سے ہے۔ لہٰذا آبی حرف (ک) کا سرنامہ رکھنا اوّل درجہ پر ہے۔ دوسرے درجہ پر (ح) کا اور اس طرح پورے نام کے حروف (آبی + خاکی) سے چن کر تمام معلوم کی بیک وقت سعادت کی جا سکتی ہے۔

اسی مثال کی مزید وضاحت کہ یہی بچہ صبح 10 بجے کے بجائے 3:30 کے بعد پیدا ہوتا ہے تو اس صورت میں

1 - عدد 2 کے تحت حاصل حروف ب - ک - ر

2 - قمری منزل کی تبدیلی کے سبب حاصل حروف ط

3 - شمسی اعتبار سے حاصل حروف ح - ہ

اس شکل میں عنصری شیڈول پر نظر دوڑائی تو (ب) بادی اور (ط - ہ) آتشی حروف میں حاصل ہوئے۔ یہ تینوں حروف تحفی درجہ اوّل کی دوستی رکھتے ہیں مگر کیونکہ شمسی برج آبی ہے اس لئے (ب) کے لفظ کو جو کہ بادی ہے اور آبی حروف کی شرکت سے جو نام حاصل کیا جائے گا وہ پورے جامع انداز میں زندگی کی راہنمائی کریگا کیونکہ (آبی + بادی) مساوی حیثیت کے مالک ہیں۔ قوی اُمید ہے کہ میری بات پورے طریقے سے قارئین کی راہنمائی کا باعث بنے گی۔

اس درج بالا تفصیل کے بعد دوستوں کے اس سوال کا جواب کہ تاریخ پیدائش کی قضا و قدر کے بعد جہاں نام کا بدلنا ممکن نہ ہو۔ کیونکہ نام صرف اوائل عمر میں ہی بدلا جا سکتا ہے۔ پختگی آنے کے بعد نام کی تبدیلی کا اثر ختم ہو جاتا ہے جبکہ اوّل نام کے حروف اپنی تاثیرات کی جڑیں اتنی گھنی اور گہری بنا چکے ہیں کہ بدن کا حصہ بن جاتے ہیں۔ اسی سبب اہل علم و دانش شادی کے بعد نام کی تبدیلی کے بھی قائل نہیں ہیں بلکہ بعض اوقات یہ تبدیلی تباہی کا پیش خیمہ ثابت ہوتی ہے۔ پس ایسی صورت میں مزید نام کے نقصانی پہلوؤں کو کس طرح کم یا ختم کیا جا سکتا ہے۔ اس سوال کے جواب میں عرض ہے کہ (اچھے بُرے نام کے اثرات سے بچاؤ کیلئے ایک تو طلسماتی انگشتری یا لاکٹ تیار کیا جا سکتا ہے جو کہ سرنامہ نام کے ستارہ کے شرف یافتہ (پوری روحانی شرائط کے ساتھ) حالت میں تیار ہوتا ہے۔

دوسرے اعداد متحاربہ دو ائمہ کے اعداد کو اپنے نام مع والدہ کے اعداد شامل کر کے کل اعداد میں سے 12 منفی کر کے 3 پر تقسیم کر کے جو حاصل آئے اس کو بنیاد بنا کر نام کے (حرف اوّلی) کو عنصری تقسیم میں چیک کریں کہ اگر نام کا حرف (آتشی یا بادی) ہے تو تو آتشی چال سے اور جب سورج ثابت بروج یعنی اسد، عقرب، دلو، ثور میں ہو اور چاند کی تاریخ 15 سے پہلے نحوست سے پاک ہو تو تیار ہوتا ہے۔

اگر (آبی + خاکی) حرف ہے تو (آبی چال) سے مثلث کو پر کیا جاتا ہے جبکہ سورج ذوجسدین بروج میں ہو یعنی قوس، حوت، جوزا، سنبلہ میں۔ اگر روحانی شرائط کی پابندی کی جائے تو لازمی حتمی رکاوٹوں میں کمی آجاتی ہے اور زندگی میں خوشی اور سرور کی کیفیت پیدا ہوجاتی ہے۔

نوٹ: اگر کل اعداد میں کسر واقع ہو تو باقی ایک بچنے کی صورت میں خانہ 7 میں اور 2 باقی بچنے کی صورت میں خانہ 4 میں ایک عدد کا مزید اضافہ کرلیا جاتا ہے مثلاً 91 آتا ہے تو 92 لکھ کر نقش کی چال کو مکمل کرلیا جاتا ہے ترتیب سے۔

مثلاً نام: توصیف اعداد قمری 586

ماں کا نام: فاطمہ اعداد قمری 135

مخصوص اعداد قانون: 120

$$3\overline{)829}$$ حاصل تقسیم 276
828
1 کسر یعنی خانہ 7 میں اضافہ

12-841

اب کیونکہ حرف (ت) بادی خاصیت کا ہے اور آتش سے اسکی دوستی ہے اس لئے آتشی چال سے نقش یا لوح کو پر کرکے گھر میں لٹکائیں تاکہ ہوا سے ہلتا رہے۔ اگر حرف آتشی کا ہو تو کسی بلب یا ٹیوب لائٹ کے پاس ایسے لٹکائیں کہ گرمائش بھی ملتی رہے تیار نقش یا لوح یہ ہے۔

آتشی مشرقی چال

وفق 841

8 ۲۸۴	1 ۲۷۶	6 ۲۸۱
3 ۲۷۸	5 ۲۸۰	7 ۲۸۳
4 ۲۷۹	9 ۲۸۵	2 ۲۷۷

نوٹ: کونے کے اعداد نقش کی چال کو ظاہر کرتے ہیں ان کو تحریر نہیں کرنا نیز نقش بنانے ہو قاعدے کے اعتبار سے۔ (2)۔ نقش کے اعداد کو چاروں جانب سے چیک کرلیں کہ وفق کے مطابق ہوں ورنہ نقش یا لوح ناقص ہے۔ اگر انہی اعداد کے نقش کو آبی یا خاکی حروف کے مطابق تیار کرنا ہو تو چال ذیل ہوگی۔

آبی شمالی چال

وفق 841

6 ۲۸۱	7 ۲۸۳	2 ۲۷۷
1 ۲۷۶	5 ۲۸۰	9 ۲۸۵
8 ۲۸۴	3 ۲۷۸	4 ۲۷۹

اس نقش کو ایسی جگہ دبائیں جہاں پانی کی نمی ہر وقت موجود ہو اور پانی بہتا رہتا ہو۔ اگر خاکی حرف ہے تو نقش وزن کے نیچے زمین میں دبا دیں۔ (سیّد تنویر حیدر نقوی)

ہر درد کی دوا علیؑ علیؑ

سیّد ضیاء الحسن نقوی بفر زون کراچی (مرتاج عالم)

دل سے پکارئیے تو ابھی ہو علاج دل ..... ہر درد کی دوا ہے علیؑ علیؑ

نمک سنگ کی ایک چٹکی کسی مٹی برتن میں رکھ کر با طہارت قبلہ رخ قبل طلوع آفتاب بیٹھ جائے اور پڑھے۔

(بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہ)

ایک مرتبہ کہہ کر گیارہ بار درود شریف پڑھے اور 110 بار (یاعلیؑ) پکارے۔ آخری مرتبہ دل میں (یا علیؑ ادرکنی) کہہ کر پھر 11 مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اور نمک پر پھونک دے۔ دم شدہ نمک پاک پانی یا خالص شہد یا سیب کے ہمراہ نہار منہ کسی بھی لاعلاج یا مایوس مریض کو کھلائیں۔ 11 دن متواتر یہ عمل کرنے سے امام علی علیہ السلام کی مدد سے انشاء اللہ مرض رفع ہوجائے گا۔ موت کے سوا ہر مرض کا علاج ہے۔ واضح ہو کہ تعداد اور وقت کی پابندی کا خیال رکھیں۔ ناغہ کی صورت یا بے وقتی کی حالت میں عمل کو از سرنو کیا جائے۔

سریع الاثر عمل برائے حاجت: سلمان فارسیؓ سے روایت ہے کہ بعد نماز فجر اپنی جگہ سے نہ اٹھیں جس حالت میں سلام پھیرا تھا۔ بالکل اسی حالت میں بیٹھے رہیں اور اور کسی سے بھی کلام نہ کریں۔ ایک مرتبہ سورۃ الحمد اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر روح سلمان فارسیؓ کے لئے پہلے ہدیہ کریں۔ اور تین بار درود پڑھیں۔ تقویٰ و طہارت شرط ہے۔ پھر 100 مرتبہ یہ اسماء پڑھیں۔

(یَا قَدِیْمُ یَا دَائِمُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ) (اسباب النجاۃ)

مشکلات کا حل: جب آپ گھر سے باہر نکلیں جناب سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کی ذات اقدس پر سلام پڑھیں۔ آپ اللہ تعالیٰ کی حفظ و امان میں ہو جائیں گے۔ جب بھی سخت مشکل ہو۔ نماز حاجت دو رکعت نماز سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا بجالائیں۔ فوری مشکل حل ہوگی۔ کسی افسر کے پیش ہونا ہو۔ کوئی مشکل امتحان ہو۔ آقا زادی کے حضور ۱۳ اسلام پیش کریں۔ مصیبت فوری ٹل جائے گی، رزق میں اضافہ، اولاد نیک اور سکون قلب کے لئے اس عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ مرسلہ: شیخ ولایت حسین، آپا مختار فاطمہ (ذاکرہ اہلبیتؑ) عارف والا

حیدری فالنامہ

کسی مشکل یا خطرے کے وقت فال دیکھنا مقصود ہو تو دل و دماغ کو حاضر کر کے اور خدا کو حاضر و ناظر جان کر گیارہ مرتبہ درود شریف تین مرتبہ سورۃ الحمد پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی انگشت شہادت پر دم کر کے اس انگلی کو مندرجہ ذیل نقش معظم کے کسی حرف پر رکھنے سے پہلے دل میں اپنے مقصد کا تصور کر لے۔ جس حرف پر انگلی پڑے اسی کے آگے لکھی ہوئی عبارت پڑھ لیں انشاء اللہ صحیح جواب ملے گا۔

ا	ب	ج	د
ھ	و	ز	ح
ط	ی	ک	ل
م	ن	س	ع
ف	ص	ق	ر
ش	ت	ث	خ
ذ	ض	ظ	غ

ا: فال نیک ہے کسی سے ملنے کی خواہش ہے یا کسی چیز کی تلاش ہے تو نا اُمید نہ ہو۔ کامیابی کے آثار ہیں۔

ب: فال اچھی نہیں۔ اگر بیماری کا سوال ہے تو مریض کے لیے خوف جان ہے یا صحت یاب ہونے میں بہت دیر ہے۔ سفر کا ارادہ ہے تو نقصان ہوگا۔ چار ماہ بعد کامیابی کے آثار ہیں۔

ج: اس کام کی ابتداء میں بہت مشکلات ہیں دشمنوں سے شکست ہوگی۔ دل کا ارادہ پورا ہونے کی اُمید نہیں۔ مستقبل شاندار ہوگا مگر ابھی وقت اچھا نہیں۔

د: تمہارا ستارہ گردش سے نکل چکا ہے کامیابی کے آثار ہیں۔ آج تم نے کسی اچھی چیز کو دیکھا ہے۔

ھ: فال نیک ہے، ہر کام میں کامیابی کے آثار ہیں، مقدمہ ہے تو اس میں کامیابی ہوگی، بیماری ہے تو شفا ہوگی، سفر ہو تو مبارک ہوگا، ایک دشمن دوست کے لباس میں ہے

و: جلد شادی ہوگی۔ تمہارے گھر میں خوشی ہوگی، گھر میں سانپ نکلے تو مارنا نہیں ورنہ نقصان ہوگا۔

ز: عنقریب تم کسی امتحان میں کامیاب ہو گے اور تم کو ترقی ملے گی۔ فال نیک ہے مقصد پورا ہوگا۔

ح: کسی پر بھروسہ مت کرو۔ ظاہری دوست باطن میں دشمن ہیں۔ کچھ دن صبر کرو۔

ط: وقت ہوشیاری کا ہے۔ کامیابی قریب ہے غفلت مت کرو۔ نحوست کے دن کچھ باقی ہیں عبادت کرتے رہو۔

ی: ابھی حالات سازگار نہیں۔ اُمید قابل اعتماد نہیں تجارت میں فائدہ ہوگا کچھ دن بعد کامیابی ہوگی۔

ک: جلدی نہ کرو بگڑے کام بن جائیں گے۔ ایک ماہ بعد کامیابی ہے۔ سفر پر جانے والے ہو۔ آج جھگڑا کیا ہے۔

ل: ملازمت جلد ملنے والی ہے خوشی ہوگی سفر میں نقصان ہے۔

م: تمہاری بیماری کا روحانی علاج سے فائدہ ہوگا نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے خیرات کرو صدقہ دو۔

ن: جس کی ملاقات چاہتے ہو وہ جلد ملنے والا ہے حاکم سے عنقریب نفع ہوگا۔ خوشی ہوگی، کام بنے گا۔

س: فال نیک ہے مقصد میں کامیابی ہوگی۔ تمہارا ارادہ پورا ہوگا بگڑی بنے گی۔

ع: اللہ کا نام لے کر اٹھو کامیابی منتظر ہے دشمنوں سے ہوشیار رہو۔ کسی کا دل نہ دکھاؤ گفتگو میں احتیاط سے کام لو۔

ف: ستارہ گردش میں ہے صبر کرو۔ اللہ پر بھروسہ رکھو ابھی دن اچھے نہیں کامیابی نصیب ہوگی۔

ص: یہ خیال دل سے نکال دو تھوڑے دن صبر کرو بگڑے کام بن جائیں گے۔

ق: فال نیک ہے اولاد ہوگی۔ تجارت میں نفع ہوگا خوشی کی خبر ملے گی کامیابی ہوگی۔

ر: اس خیال کو ترک کر دو۔ ستارہ گردش سے نکل چکا ہے وقت نازک ہے ابھی صبر کرو

ش: شکر اور صبر سے کام لو۔ اللہ پر بھروسہ رکھو۔ وہ اپنے بندوں کی مدد کرتا ہے۔

ت: نیک ساعت آچکی ہے انشاء اللہ تعالیٰ بہتری ہوگی۔

ث: فال نیک ہے انشاء اللہ تمہاری تمنا پوری ہوگی کامیابی کی اُمید رکھو۔ بیماری بہ تصدق خاص آل عبا علیہم السلام دور ہوگی۔


خ: خداوند تعالیٰ اپنے بندوں پر مہربان ہے فرمانبرداروں کی ضرور سنتا ہے۔ عبادت کرو اور خوشیاں سمیٹ لو۔

ذ: کامیابیوں کی ساعت قریب آرہی ہے باقاعدہ نماز پڑھو۔

ض: اللہ تعالیٰ صابروں کے ساتھ ہے اس کے یہاں دیر ہے اندھیر نہیں۔

ظ: تمہارے بچنے کی ضرورت ہے آیت الکرسی کا ورد کرتے رہو، انشاء اللہ کامیابی ہوگی

غ: صبر کا پھل ہمیشہ میٹھا ہوتا ہے۔ شکر اور قناعت میں بڑا فائدہ ہے۔



صدائے کواکب یا نوشتۂ تقدیر


[illegible] میں کیا پیش آنے والا ہے؟

پروفیسر ڈاکٹر مرید عباس چوہان عامل روحانی ماہر علوم فلکیات و عملیات کوٹ ادو ضلع مظفر گڑھ

افلاکی شعاعیں اور ہمارا باہمی رابطہ

قدیم اور جدید سائنٹیفک تحقیقات و تجربات اور مشاہدات سے یہ تسلیم شدہ امر ہے کہ نظام شمسی اور انسانی نظام جسمی کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔ اس لئے سیارگان کی کاسمک شعاعیں ہمیں اور ہمارے ماحول کو متاثر کرتی ہیں کیونکہ یہ برقی مقناطیسی قوت کی حامل شعاعیں انسانی جسم کا احاطہ کیے رہتی ہیں اس لئے ہمارے خیالات، عادات، مزاج اور سنگ مزاج پر اثر انداز ہوتی ہیں اور ہمارے جذبات میں مدوجزر پیدا کرتی ہیں۔ تمام بروج کے حالات اجتماعی نقطہ نظر سے پیش کیے جاتے ہیں۔

برج: حمل — **ARIES** — **سیارہ: مریخ**



[illegible] ____ اسماعیل
عنصر ____ آتشی
رنگ ____ گہرا لال۔ سرخ
دن ____ منگل
عدد ____ [illegible]
پتھر ____ مرجان، یاقوت، عقیق، لعل، یمنی
موافق برج ____ اسد، قوس
ناموافق برج ____ سرطان، جدی، میزان

[illegible]

اہم نکات: سال نو کی ابتدا ملے جلے رجحانات سے ہوگی۔ فطری طور پر سیارگان رجعت اور استقامت اختیار کرتے رہتے ہیں۔ حمل کے لوگ اس لحاظ سے خوش قسمت ہیں کہ نحس اکبر کوکب زحل کی نحوست کا بحرانی دور 1994ء تا 2000ء گزار چکے ہیں اور بعد ازاں 2000ء اور 2001ء میں سعد اکبر کوکب مشتری کے شرف سے فیضیاب بھی ہو چکے ہیں۔ 2004ء اوسط درجے کا کہا جاتا ہے۔ البتہ آپ کا حاکم کوکب مریخ آپ کے زائچے کے 5 ویں گھر میں اوج یافتہ ہوا ہے۔ سعد اکبر کوکب مشتری 13 سال بعد ماہ ستمبر میں آپ کے زائچے کے ساتویں گھر میزان میں حالت اوج میں انتہائی مبارک اثرات لئے بیٹھا ہے۔ اس کے ثمرات آپ بہت دیر تک حاصل کرتے رہیں گے۔ رواں سال آپ کی خانگی زندگی میں رونق نظر آتی ہے۔ 2005ء میں کواکب کی اجتماعی پوزیشن کے منظر کہا جا سکتا ہے کہ آپ پر ذمہ داریوں کا بوجھ بڑھتا جا رہا ہے۔ گزشتہ سال اضافی آمدنی کے حوالے سے گھٹن محسوس کرتے رہے ہیں۔ رواں سال میں کاروبار کو وسعت دینے اور اپنے ذرائع آمدنی کو بڑھانے کے لیے بے شمار مواقع ملیں گے سیاسی حلقوں میں پذیرائی ملے گی۔ امکان غالب ہے کہ حکومتی و سیاسی سطح پر بہت اہم قسم کا عہدہ بھی مل سکتا ہے۔ غیر متوقع طور پر چھوٹے بڑے سفر بھی پیش آئیں گے۔ امراء اور سرمایہ دار طبقہ میں بیٹھنے کے مواقع ملیں گے۔ اجناس کا کام کرنے والے لوگوں کو فائدہ ہوگا۔ جانور کے ریوڑ کا فارم بنانے کا رجحان زیادہ ہوگا۔ سال کے آخر میں حمل کے وزیر / مشیر / حکومتی عہدیدار اور بیوروکریٹ طبقہ کو شدید خطرات کا سامنا ہوگا۔ مجموعی طور پر خیر و برکت کا سال ہوگا۔

صحت: گزشتہ سال آپ کے زائچے کے صحت کا گھر بہت زیادہ متاثر رہا ہے۔ یہاں پر 13 ماہ مشتری نے قیام کیا ہے اور مختلف مواقع پر رجعت بھی اختیار کی ہے۔ ماضی میں آپ پر سحر جادو بھی ہوا ماہ اگست 2004ء میں مشتری یہاں سے چلا گیا اگرچہ رواں سال آپ کو صحت کی طرف سے شدید قسم کے مسائل کا سامنا ہوگا۔ زحل کی بری نظر آپ کو کسی پیچیدہ قسم کے مرض میں الجھا رہی ہے۔ بروقت علاج اور معالج سے رابطہ ہی آپ کے لئے بہتر ہوگا۔ ماہ اگست میں زہرہ کا آپ کے صحت کے گھر میں ہبوط ہوگا۔ حمل کی حامل خواتین کو بالخصوص گائنی کے مسائل پیدا ہوں گے۔ اس عرصے میں بچے کی پیدائش بھی بذریعہ آپریشن کے ذریعے ہوگی۔ البتہ ماہ ستمبر اکتوبر میں آپ کی صحت اوسطاً بہتر رہے گی مگر کیجہ سے پیدا شدہ مسائل میں اب کی واقع ہوگی۔ ماضی میں کرائے گئے سحر و جادو کے اثرات سے حمل کی خواتین کو بار بار اسقاط ہونے کا امکان بھی موجود ہے۔ ماہ اگست میں زحل آپ کے زائچے کے پانچویں گھر میں ہوگا۔ بچوں کی صحت اس وجہ سے متاثر ہوگی۔ بروقت احتیاط اور بتائے گئے

محمد سلیم خان ایوبی (ماہر علوم فلکیات) انتقال کر گئے ہیں ان کی مغفرت کے لئے سورۃ فاتحہ کی گزارش ہے۔ (ادارہ)

صدقات کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کریں۔

سماجی تعلقات! سال کی ابتداء سے راہو آپ کے طالع میں موجود ہے۔ شخصی حوالے سے لوگوں میں آپ کے بارے میں منفی رجحان پیدا کر رہا ہے۔ بلکہ اس کے برعکس عزیز و رشتہ داروں کے ساتھ آپ کے تعلقات گذشتہ سال کی نسبت بہت بہتر ہو رہے ہیں۔ نحس اکبر سیارہ زحل آپ کے زائچے کے چوتھے گھر میں بیٹھا ہے۔ اگر آپ پبلشنگ، انشورنس یا اشتہارات کی نوعیت کے کسی شعبے سے وابستہ ہیں۔ تو سال کی پہلی سہ ماہی میں آپ کو سماجی تعلقات میں بہت احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ بعد از وسط آپ اپنے دوستوں کے بارے میں کچھ غلط معلومات کو سنجیدگی سے لیں۔ جون جولائی میں دیرینہ خاندانی رنجش کسی کی مداخلت سے ختم ہو جائے گی آپ اپنے بزرگوں سے بہتر تعلقات کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ لیکن نادیدہ وجوہات کی بناء پر ایسا ممکن نہیں نظر آتا۔

شراکتی و ازدواجی معاملات! سال کے شروع ہی سے سعد اکبر کوکب آپ کے خانگی و ازدواجی تعلقات کو مضبوط سے مضبوط بناتا رہا ہے۔ حمل کی خواتین کو اس برس والدین، خاوند کی میراث میں سے حصہ ملے گا۔ ماہ فروری میں مشتری سیارے کی رجعت آپ کی ازدواجی زندگی میں مسائل پیدا کر رہی ہے۔ آپ کی ازدواجی زندگی کا حاکم کوکب آپ کے زائچے کے 12 ویں گھر میں رہ کر شکوک و شبہات کو جنم دے رہا ہے۔ سال کی ابتداء میں اُلجھے شراکت داروں کے ساتھ کیئے گئے معاہدات متنازعہ ہو جائیں گے۔ شراکتی کاروبار کی دستاویزات میں ردوبدل کا سکینڈل بھی منظر عام میں آئے گا۔ ماہ اگست کے بعد کوئی آپ کو کاروبار میں شراکت کی بڑی آفر پیں کر رہا ہے۔ سراسر دھوکہ ہے احتیاط برتیں۔

اولاد انعامی بانڈ! 2005 حمل کے حامل مرد و زن کے لیے حصول اولاد فرینہ کی خوشخبری کا سال ثابت ہوگا۔ مئی، جون اور اس کے بعد اپنے بچوں کے کاروبار کے لیے کثیر سرمایہ خرچ نہ کریں۔ نقصان کا اندیشہ ہے۔ ماہ اگست میں نحس اکبر سیارہ زحل آپ کے زائچے کے پانچویں گھر میں ڈھائی سال کے لیے قیام پذیر ہے۔ فطری طور پر یہاں پر زحل حالت وبال میں ہوتا ہے۔ حصول اولاد کے لیے شدید مشکلات اور مسائل ہونگے۔ اس عرصہ میں عطارد کی رجعت سے بچوں میں ذہنی امراض ہسٹیریا، بے خوابی جیسے دیگر عوارض پیدا ہونگے اس عرصہ میں خدانخواستہ کسی بھی مرض کے لیے اپریشن کی نوعیت آئے تو اجتناب کیجئے۔ سال کی آخری سہ ماہی میں بچوں کے معاملات میں آپ کو خصوصی احتیاط برتنے کی ضرورت ہے۔ جنوری تا مئی کسی بھی قسم کی لاٹری، انعامی سکیم، بانڈ میں قسمت آزمائی نہ کریں۔ البتہ ماہ جون جولائی اور اگست میں شمس حالت اوج اور طرفہ میں ہوگا۔ انعامی سکیموں سے فائدہ ہو سکتا ہے سال کا بقیہ عرصہ آپ کو انعامی سکیموں سے دُور رہنے کی تنبیہ کرتا ہے۔

سفر! شروع سال سے نحس اصغر سیارہ مریخ آپ کے زائچے کے 8 ویں گھر میں موجود ہے۔ ماہ جنوری میں ہی آپ کے بیت السفر میں کواکب کا اجتماع نظر آتا ہے۔ ایسی صورت میں بیرون ملک سفر اختیار نہ کریں۔ برج حمل کے حامل افراد کو امیگریشن کے قواعد و ضوابط کی پیچیدگیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ سیارہ مشتری سال کی ابتداء ہی سے رجعت اختیار کر رہا ہے۔ یہ سیارہ آپ کے سفر اور بیرون ملک سے وابستہ مفادات کا حاکم ہے۔ ناجائز اور غیر قانونی ذرائع سے بیرون ملک سفر کرنے کی ترغیب دیگا۔ اس طرح آپ شدید بحران کا شکار بھی ہو سکتے ہیں۔ کوکب کے منفی رجحانات کے پیش نظر یہ کہا جاسکتا ہے۔ کہ دوران سفر اپنی دستاویزات کی حفاظت کریں۔ بالخصوص اس سال حمل کے لوگوں کو مغربی ممالک کی طرف سفر کرنا چاہیئے۔ بیرون ملک میں حمل کے مقیم لوگ پیشہ ورانہ اور کاروباری شادیوں سے گریز کریں۔

معیشت۔ کیرئیر۔ روزگار! جنوری ہی سے شمس آپ کے زائچے کے دسویں گھر میں بیٹھا ہے۔ کاروباری لحاظ سے آپ شدید دباؤ کا شکار ہیں۔ ڈیڑھ سال کے بعد مریخ سیارہ آپ کے دسویں گھر میں شرف یاب ہو رہا ہے۔ کاروباری معاملات میں ترقی، استحکام اور بہتری ہو رہی ہے۔ تیزی سے سرمایا انویسٹ کرنے کا رجحان پیدا ہو رہا ہے۔ آپ کی کاروباری ساکھ گذشتہ سال کی نسبت زیادہ بہتر ہے۔ انٹرنیشنل ٹریڈنگ سے وابستہ لوگ اپنے کاروبار میں بہتری کا رجحان پائیں گے۔ سال کے وسط تک یہ رجحان قائم رہے گا۔ ماہ مئی میں آپ کے بیت المال میں زہرہ و شمس کا قران مالی دباؤ پیدا کرے گا۔ گیارہ جون کے بعد آپ اپنے کاروبار کو وسعت دے رہے ہیں۔ آپ کے مال کا حاکم حالت اوج میں ہے۔ زراعت سے وابستہ لوگوں کو ان کے باغات اور فصلوں سے فائدہ پہنچے گا۔ حمل کے وہ لوگ جو سرکاری و نیم سرکاری اداروں میں ملازمت کرتے ہیں۔ ترقی اور پروموشن کے لیے حالات سازگار ہیں۔ سال کی پہلی سہ ماہی میں بے روزگار افراد روزگار حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ ماہ اگست میں آپ کے کیرئیر روزگار کا حاکم کوکب زحل حالت وبال میں ہوگا۔ غیر متوقع اور اچانک کاروباری بحران پیدا ہونے کے امکانات ہیں۔ یہ عرصہ سرکاری ملازمین کے لیے خصوصی توجہ اور احتیاط کا تقاضا کرتا ہے۔

منگنی۔ شادی! یہ سال شمس کی حاکمیت کا ہوگا۔ 20 مارچ بروز اتوار تحویل آفتاب ہو رہا ہے۔ حسب منشاء شادی کے لیے کوکب آپ کو بھرپور سپورٹ کر رہے ہیں۔ ماہ جون میں سیارہ شمس اوج یافتہ ہوگا۔ زیادہ تر رشتوں کا رجحان اپنے خاندان میں ہی رہے گا۔ اس سال شادی نکاح کے لئے صحیح وقت کا انتخاب کرنا ضروری ہوگا۔ بصورت دیگر ساتویں گھر میں مشتری کی رجعت شدید بحران اور تنازعات کا سبب بھی بن سکتی ہے۔ ماہ اگست میں زحل آپ کے زائچے کے 5 ویں گھر میں انتہائی نحس پوزیشن پر ہوگا۔ حمل کے لوگوں کو چاہیئے کہ اگست سے قبل ہی شادی

TAURUS

برج: ثور — ستارہ: زہرہ



حروف —— ب
عنصر —— خاکی
رنگ —— خاکی، ...
دن —— جمعہ
عدد —— 6
پتھر —— ...
موافق برج —— سنبلہ، جدی
ناموافق برج —— اسد، میزان، ...

...

اہم نکات! ثور کے لوگ زحل کی نحوست سے چھٹکارہ حاصل کر چکے ہیں۔ گزشتہ سال سے سعد اکبر سیارہ مشتری آپ کے زائچے کے چھٹے گھر میں اوج یافتہ ہوا ہے۔ مشتری کی سعادت سے آپ کا کیریئر بہتر ہوا ہے۔ مشتری کی نویں نظر آپ کو مالی استحکام دے رہی ہے۔ سیارہ مشتری نے چھٹے گھر میں رہ کر ماضی میں آپ پر کئے گئے سحر جادو کو بھی ختم کیا ہے۔ جس کے بھرپور اثرات آپ نے گزشتہ سال محسوس کئے ہیں۔ سال رواں میں مشتری بدستور آپ کے چھٹے گھر میں حرکت پذیر رہے گا البتہ سال کے شروع سے ہی یہ رجعت اختیار کئے ہوئے ہے۔ یہ کیفیت ظاہر کرتی ہے کہ آپ کی صحت بوجہ سحر جادو ایک مرتبہ پھر متاثر ہو رہی ہے۔ روزمرہ کے کاموں میں رکاوٹیں پیدا ہونگی۔ گھر یا دفتر میں کام کرنے والے ملازمین پر کڑی نظر رکھیں۔ کسی بھی قسم کے نقصان کا احتمال ہے۔ اس کے برعکس آپ کے زائچے کے تیسرے گھر میں نحس اکبر کوکب زحل بھی رجعت پذیر ہے۔ چھوٹے موٹے سفر میں احتیاط کریں۔ بغیر کسی وجہ کے اپنے روزمرہ کے معاملات کو التوا میں نہ ڈالیں۔ زحل کی رجعت مئی 2005ء تک رہے گی۔ اس عرصہ میں آپ سے مسلسل دانستہ یا غیر دانستہ غلطیاں سرزد ہونگی۔ رواں سال میں آپ کسی کے ساتھ خفیہ مراسم بھی قائم کر رہے ہیں۔ زحل کی تیسری اور دسویں نظر اولاد کی طرف سے مسائل کا اشارہ ہے اور غیر معیاری قسم کی پوشیدہ سرگرمیوں میں آپ موجود نظر آتے ہیں۔ ماہ جنوری اور فروری میں بیرون ملک کے مفادات کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ سال کی پہلی سہ ماہی میں بیرون ملک مقیم ثور کے لوگوں کو مختلف قسم کے مقدمات کا سامنا بھی ہو سکتا ہے۔

صحت! ماہ جنوری میں صحت کی طرف سے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ ثور کی حامل خواتین اس سال صحت کے مختلف عوارض میں مبتلا رہیں گی۔ اس سال بالخصوص جوڑوں کی تکلیف عام ہوگی۔ البتہ ماہ اگست میں زحل کی تیسری نظر علاج معالجہ میں بہتری پیدا کرے گی۔ ماہ ستمبر میں اکثر خواتین کو دماغی عارضہ، ہسٹیریا، برین ہیمبرج جیسے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ سال کی آخری سہ ماہی میں اپنے روزمرہ کے معاملات میں باقاعدگی اختیار کرنا ہوگی۔ زیادہ دیر تک جاگنے اور بہت زیادہ ذہنی مشقت کرنے

بیاہ وغیرہ کا سلسلہ مکمل کر لیں۔

خصوصی احکامات! 2005ء کے پہلے دو ماہ میں مجموعی طور پر سیارگان کی پوزیشن بہتر ہے۔ نحس اکبر سیارہ زحل بدستور آپ کے زائچے کے چوتھے گھر میں رجعت اختیار کئے ہوئے تھا۔ یورانس آپ کے بارھویں میں رہ کر آپ کو روحانیت کی طرف راغب کر رہا ہے۔ یہ یورنس کی موجودگی مضبوط اثرات کی حامل ہے۔ راہو آپ کے طالع میں رہ کر آپ کی شخصیت میں منفی اثرات پیدا کر رہا ہے۔ ماہ فروری میں زہرہ آپ کے بارھویں میں شرفیاب ہو رہا ہے۔ سماجی و مذہبی دلچسپی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ دینی کتب کا مطالعہ کر رہے ہیں۔ ماہ مئی میں کسی طاقتور دشمن اور اُس کی خفیہ سازش کا کھوج لگانے میں آپ کامیاب ہو جائینگے۔ ماہ جون میں آپ کو کسی دیرینہ مقدمے کے تنازعہ میں فتح ہوگی۔

عزیز و اقارب سے تعلقات مضبوط ہونگے۔ رشتہ داروں کا تعاون حاصل ہوگا۔ آئندہ ڈھائی سال کے لیے زحل آپ کے 5 ویں گھر میں قیام پذیر ہوگا۔ شیئرز کی خرید و فروخت میں نقصان ہو سکتا ہے۔ انعامی سکیموں سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ مریخ اور زہرہ کی نظر مقابلہ آپ کی صحت کو بری طرح متاثر کر سکتی ہے۔ ماہ ستمبر میں زائچے کے ساتویں گھر میں سیارگان کا اجتماع ازدواجی زندگی میں بحث و تکرار کو جنم دے رہا ہے۔ سال کے آخری سہ ماہی میں ازدواجی اور شراکتی امور میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ عطارد اور شمس کی ناقص پوزیشن جذباتی طور پر آپ سے غلط فیصلے کراتی نظر آ رہی ہے۔

صدقات! ہر نئے چاند کے پہلے منگل کو سوا کلو دال مسور، دال چنا، سرخ رنگ کی مرغی، سرخ بکرا، اپنے قد کے برابر کپڑا صدقہ بوقت طلوع آفتاب دیں۔ صدقہ کے تمام لوازمات یا اُن میں سے کوئی ایک صدقہ کیا جا سکتا ہے۔ صدقہ کی ادائیگی کے وقت گھر میں یا کاروبار کی جگہ سرخ صندل کی دھونی دیں۔

سال کا ورد خاص! یَامَالِکُ یَاقُدُّوسُ 313 مرتبہ (یومیہ)

بیاہ وغیرہ کا سلسلہ مکمل کر لیں۔

خصوصی احکامات! 2005ء کے پہلے دو ماہ میں مجموعی طور پر سیارگان کی پوزیشن بہتر ہے۔ نحس اکبر سیارہ زحل بدستور آپ کے زائچہ کے چوتھے گھر میں رجعت اختیار کیے ہوئے تھا۔ یورانس آپ کے بارھویں میں رہ کر آپ کو روحانیت کی طرف راغب کر رہا ہے۔ یورنس کی موجودگی مضبوط اثرات کی حامل ہے۔ راہو آپ کے طالع میں رہ کر آپ کی شخصیت میں حتمی اثرات پیدا کر رہا ہے۔ ماہ فروری میں زہرہ آپ کے بارھویں میں شرفیاب ہو رہا ہے۔ ساتھی و مذہبی دل چسپی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ دینی کتب کا مطالعہ کر رہے ہیں۔ ماہ مئی میں کسی طاقتور دشمن اور اُس کی خفیہ سازش کا کھوج لگانے میں آپ کامیاب ہو جائیںگے۔ ماہ جون میں آپ کو کسی دیرینہ مقدمہ کے تنازعہ میں فتح ہوگی۔

عزیز و اقارب سے تعلقات مضبوط ہونگے۔ رشتہ داروں کا تعاون حاصل ہوگا۔ آئندہ ڈھائی سال کے لیے زحل آپ کے 5ویں گھر میں قیام پذیر ہوگا۔ شیئرز کی خرید و فروخت میں نقصان ہو سکتا ہے۔ انعامی سکیموں سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ مریخ اور زہرہ کی نظر مقابلہ آپ کی صحت کو بری طرح متاثر کر سکتی ہے۔ ماہ ستمبر میں زائچہ کے ساتویں گھر میں سیارگان کا اجتماع ازدواجی زندگی میں بحث و تکرار کو جنم دے رہا ہے۔ سال کے آخری سہ ماہی میں ازدواجی اور شراکتی امور میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ عطارد اور شمس کی ناقص پوزیشن جذباتی طور پر آپ سے غلط فیصلے کراتی نظر آ رہی ہے۔

صدقات! ہر نئے چاند کے پہلے منگل کو سوا کلو دال مسور، دال چنا، سرخ رنگ کی مرغی، سرخ بکرا، اپنے قد کے برابر کپڑا صدقہ بوقت طلوع آفتاب دیں۔ صدقہ کے تمام لوازمات یا اُن میں سے کوئی ایک صدقہ کیا جا سکتا ہے۔ صدقہ کی ادائیگی کے وقت گھر میں یا کاروبار کی جگہ سرخ صندل کی دھونی دیں۔

سال کا ورد خاص! یَامَالِکُ یَاقُدُّوسُ 313 مرتبہ (یومیہ)

TAURUS

برج: ثور — سیارہ: زہرہ



20 ... 21

حروف ____ ب
عنصر ____ خاکی
رنگ ____ خاکی، سفید، جیسے آسمانی
دن ____ جمعہ
عدد ____ 6
پتھر ____ زمرد، عقیق، سبز رنگ
موافق برج ____ سنبلہ، جدی
ناموافق برج ____ اسد، میزان، قوس، حمل

[illegible]

اہم نکات! ثور کے لوگ زحل کی نحوست سے چھٹکارہ حاصل کر چکے ہیں۔ گزشتہ سال سے سعد اکبر سیارہ مشتری آپ کے زائچہ کے چھٹے گھر میں اوج یافتہ ہوا ہے۔ مشتری کی سعادت سے آپ کا کیریئر بہتر ہوا ہے۔ مشتری کی نویں نظر آپ کو مالی استحکام دے رہی ہے۔ سیارہ مشتری نے چھٹے گھر میں رہ کر ماضی میں آپ پر کیے گئے سحر جادو کو بھی ختم کیا ہے۔ جس کے بھرپور اثرات آپ نے گزشتہ سال محسوس کیے ہیں۔ سال رواں میں مشتری بدستور آپ کے چھٹے گھر میں حرکت پذیر رہے گا البتہ سال کے شروع سے ہی یہ رجعت اختیار کیے ہوئے ہے۔ یہ کیفیت ظاہر کرتی ہے کہ آپ کی صحت بوجہ سحر جادو ایک مرتبہ پھر متاثر ہو رہی ہے۔ روزمرہ کے کاموں میں رکاوٹیں پیدا ہونگی۔ گھر یا دفتر میں کام کرنے والے ملازمین پر کڑی نظر رکھیں۔ کسی بھی قسم کے نقصان کا احتمال ہے۔ اس کے برعکس آپ کے زائچہ کے تیسرے گھر میں نحس اکبر کوکب زحل بھی رجعت پذیر ہے۔ چھوٹے موٹے سفر میں احتیاط کریں۔ بغیر کسی وجہ کے اپنے روزمرہ کے معاملات کو التوا میں نہ ڈالیں۔ زحل کی رجعت مئی 2005ء تک رہے گی۔ اس عرصہ میں آپ سے مسلسل دانستہ یا غیر دانستہ غلطیاں سرزد ہونگی۔ رواں سال میں آپ کسی کے ساتھ خفیہ مراسم بھی قائم کر رہے ہیں۔ زحل کی تیسری اور دسویں نظر اولاد کی طرف سے مسائل کا اشارہ ہے اور غیر معیاری قسم کی پوشیدہ سرگرمیوں میں آپ موجود نظر آتے ہیں۔ ماہ جنوری اور فروری میں بیرون ملک کے مفادات کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ سال کی پہلی سہ ماہی میں بیرون ملک مقیم ثور کے لوگوں کو مختلف قسم کے مقدمات کا سامنا بھی ہو سکتا ہے۔

صحت! ماہ جنوری میں صحت کی طرف سے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ ثور کی حامل خواتین اس سال صحت کے مختلف عوارض میں مبتلا رہیں گی۔ اس سال بالخصوص جوڑوں کی تکلیف عام ہوگی۔ البتہ ماہ اگست میں زحل کی تیسری نظر علاج معالجہ میں بہتری پیدا کرے گی۔ ماہ ستمبر میں اکثر خواتین کو دماغی عارضہ، ہسٹیریا، برین ہیمبرج جیسے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ سال کی آخری سہ ماہی میں اپنے روزمرہ کے معاملات میں باقاعدگی اختیار کرنا ہوگی۔ زیادہ دیر تک جاگنے اور بہت زیادہ ذہنی مشقت کرنے

سے آپ کی یادداشت متاثر ہوگی۔ ماہ اکتوبر میں بہت گہری چوٹ لگنے کا خطرہ بھی موجود ہے۔ جولائی میں زہرہ سیارہ بیت اولاد میں ہبوط کے درجات سے گزرے گا۔ اس عرصہ میں بالخصوص ثور کی بچیاں بیمار ہوسکتی ہیں۔ البتہ ماہ ستمبر میں ثور کے وہ لوگ جو حافظہ کی کمزوری کی وجہ سے بہتر انداز میں تعلیم جاری نہیں رکھ پا رہے ہیں۔ شرف عطارد کے سبب ان کا حافظہ بہتر ہوگا اور دیرینہ طور پر ثور کی وہ خواتین جو ذہنی عارضہ میں مبتلا ہیں۔ بہتری محسوس کریں گی۔

سماجی تعلقات! اس سال آپ ذاتی اور شخصی لحاظ سے دوسروں کی توجہ کا مرکز رہیں گے۔ گزشتہ سال راہو آپ کے طالع میں رہا ہے۔ جس کے سبب آپ کی شخصیت پر منفی اثرات مرتب ہوئے تھے۔ گزشتہ سال سے ہی زحل آپ کے زائچہ کے تیسرے گھر میں قابض ہے۔ سال کو بھی ابتداء سے ہی ناقص اثرات کا حامل ہے۔ اس سال آپ کے سماجی تعلقات کا حاکم سیارہ مارچ میں اور اپریل میں انتہائی سعد اثرات کا حامل ہوگا۔ اس عرصہ میں آپکا حلقہ احباب وسیع ہوگا۔ مارچ اور اس کے بعد آپ کی سیاسی سرگرمیوں میں تبدیلی اور اضافہ ہو رہا ہے۔ ثور کے حامل سیاستدان سیاسی وفاداریاں بدل دیں گے۔ جو کہ ان کے حق میں بہت بہتر ہوگا۔ کواکب کی روز مرہ بدلتی پوزیشن آپ کو سماجی تعلقات میں لمحہ بہ لمحہ چوکس رہنے کا اشارہ دیتی ہے۔ ثور کے لوگوں میں الیکٹرانک میڈیا پر روابط کا رجحان بڑھے گا۔ ماہ جون اور جولائی میں اوج شمس آپ کے خاندانی روابط میں مثبت رول ادا کر رہا ہے۔ خاندان میں آپ کی عزت و تکریم میں اضافہ ہو رہا ہے۔ البتہ اسی عرصہ میں اپنے خاندان کے کسی بڑے فرد کے ساتھ اصولی موقف پر اختلاف رائے کی وجہ سے تعلقات ختم کر رہے ہیں۔

شراکتی و ازدواجی معاملات! سال کے شروع سے سیارگان آپ کی ازدواجی زندگی کے کسی اہم مثبت یا منفی پہلو کو ظاہر نہیں کرتے۔ البتہ پہلی سہ ماہی میں زہرہ کی نحوست آپ کی ازدواجی زندگی میں اچانک مسائل پیدا کرتی آ رہی ہے۔ آپ کا حاکم سیارہ زہرہ زائچہ کے آٹھویں گھر میں بحالت حضیض ناقص اثرات کا حامل ہے۔ عموماً ثور کی خواتین جذباتی ہوتی ہیں اور عدم معاملہ فہمی کا مزاج رکھتی ہیں۔ یہ فطری نقص عموماً ان کی ازدواجی زندگی کو تلخ بنا تا ہے۔ ثور کے وہ لوگ جن کا گزشتہ سال سے ازدواجی اختلاف، تنازعہ یا مقدمہ چل رہا ہے۔ ان کے لیے سال کی پہلی سہ ماہی تک شدید خطرات نظر آتے ہیں۔ اس عرصہ میں معاملات بنتے بنتے بگڑ جائیں گے۔ البتہ ثور کی بعض خواتین کو بوجہ خرابی صحت خانگی و ازدواجی مسائل کا سامنا کرنا ہوگا۔ ثور کے مرد و زن جو دو سال قبل شادی کر چکے ہیں۔ وہ جوائنٹ فیملی سے الگ ہو جائیں گے۔ ثور کے حامل لوگوں میں شراکتی کاروبار پہلے تین ماہ میں سست اور عدم دلچسپی کا شکار رہوگا۔ البتہ شرف مریخ سے کچھ شراکتی معاملات آپ کی کاروباری و شراکتی پوزیشن کو مضبوط بنا رہے ہیں۔ آپ اپنے پارٹنر کے ساتھ اپنی خواہش کے مطابق کاروبار اور سسٹم کو چلا سکیں گے۔ سال کی آخری سہ ماہی میں عطارد اور مشتری اور ساتویں گھر میں مشتری کی موجودگی یہ ظاہر کرتی ہے کہ کچھ لوگ آپ کو بوگس کارنی چیک دے رہے ہیں۔ اس عرصہ میں احتیاط کریں۔

اولاد۔ انعامی بانڈز۔ لاٹری! اس سال ماہ فروری تک آپ اپنے بچوں کی طرف سے اور صحت کے معاملے میں پریشان رہیں گے۔ البتہ مارچ کا مہینہ بہت مبارک ثابت ہوگا۔ شرف زہرہ بے اولاد ثور کے لوگوں کے لئے خوش خبری ثابت ہوگا۔ 2005ء گزشتہ برس آپ کے بیت اولاد میں مشتری قیام پذیر تھا یہی وجہ ہے کہ اس عرصہ میں حصول اولاد کے لیے کسی بھی قسم کی پیش رفت کارآمد ثابت نہیں ہوئی۔ ثور کے وہ لوگ جو اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے لئے بیرون ملک بھیجنا چاہتے ہیں وہ اس کوشش میں کامیاب ہوسکتے۔ دیگر اعلیٰ قسم کے تعلیمی اداروں میں اپنے بچوں کو بھیج سکیں گے۔ وسط سال تک کواکب کی حرکات و سکنات اس حوالے سے آپ کے حق میں مثبت کردار ادا کر رہی ہیں۔ البتہ ان مقاصد کے لیے آپ کو شدید محنت کرنا ہوگی۔ زحل کی تیسری نظر حصول اولاد اور اولاد سے منسوب معاملات میں رکاوٹ بن رہی ہے۔ اس کے برعکس آپ کا حاکم سیارہ اس عرصہ میں سعد اثرات کا حامل ہے۔ ماہ جولائی میں زہرہ آپ کے بیت اولاد میں بحالت ہبوط بیٹھا ہے۔ یہ آپ کے لئے پریشان کن صورت حال ہے۔ جنوری تا اگست انعامی بانڈز۔ لاٹری اس قسم کی دوسری سکیموں سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ البتہ ماہ ستمبر شرف عطارد میں آپ قسمت آزمائی کر سکتے ہیں۔ اس سال ثور کے لوگوں کے سکینڈلز عام ہونگے۔ سال کے شروع میں قائم کیے گئے رشتے با آلاخر ز ماہ اگست تک ناخوشگوار تجربات کے ساتھ ختم ہوسکتے ہیں۔

سفر! شروع سال سے زائچہ کے نویں گھر میں شمس ناقص اثرات کے ساتھ موجود ہے۔ سفر بالخصوص بیرون ملک سفر کے لئے ماہ اپریل تک حالات سازگار نہ ہونگے۔ ثور کے حامل وہ افراد جو ٹریول ایجنٹ یا کسی ٹریول ایجنسی سے منسلک ہیں۔ اس عرصہ میں کسی قانونی گرفت میں آسکتے ہیں۔ البتہ ماہ اپریل کے بعد مئی جون جولائی کا عرصہ بیرون ملک اعلیٰ تعلیمی اداروں میں جانے کے لئے بہترین وقت ہوگا۔ ماہ اگست نحس اکبر سیارہ زحل آپ کے زائچے کے چوتھے گھر میں موجود نظر آتا ہے۔ اس عرصہ میں ثور کے لوگوں کو بیرون ملک میں پابندیوں کا سامنا کرنا پڑیگا۔ امکان غالب ہے کہ بیرون ملک میں مقیم ثور کے لوگ اس سال اپنے والدین سے نہیں مل سکیں گے۔

معیشت۔ کیرئیر۔ روزگار! اس سال رزق روزی کے حوالے سے آپ خوشحالی اور ترقی محسوس کریں گے۔ گزشتہ سال اضافی آمدنی کے ذرائع دباؤ

کا شکار رہیں گے۔ آپ کے مال کا حاکم سال کی ابتدا میں کمزور نظر آتا ہے۔ البتہ مشتری کی پانچویں نظر آپ کے کیریئر، روزگار اور حصول زر کے معاملات کو تقویت دے رہی ہے۔ ماہ اگست تک جائداد کی خرید و فروخت کی طرف بڑھتا ہو رجحان غیر متوقع آپ کو مالی فائدہ دے گا۔ ماہ فروری میں عطارد کی ساتویں نظر ماضی میں انویسٹ کئے گئے سرمایہ کا بھرپور فائدہ دے گی۔ سٹاک ایکسچینج میں کام کرنے والے ثور کے لوگ خاصہ نفع کما ئیں گے۔ ماہ فروری تا جون مشتری کی رجعت آپ کو روزگار، کاروبار اور تجارت میں بہت زیادہ تجربہ کار اور منجھے ہوئے بزنس مین کے طور پر متعارف کرا رہی ہے۔ آپ اپنے کام اور کاروبار کے معاملہ میں بہت فعال رہے ہیں۔ سرکاری و نیم سرکاری اداروں سے ملازمت پیشہ افراد گھٹن کا شکار رہیں گے۔ ماہ جولائی میں ہبوط زہرہ کے سبب کسی نئے پروجیکٹ پر کثیر سرمایہ کاری کرنے سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ ماہ اگست میں زحل آپ کے بیت الصحت کے مقابلے پر ہوگا۔ یہاں پر یہ سیارہ بحالت وبال بیٹھا ہے۔ ناقص منصوبہ بندی کے سبب سرمایہ کا بحران پیدا ہو سکتا ہے اور آپ کا چلتا ہوا بہترین کاروبار بھی روز بروز زوال نظر آرہا ہے۔ حصول روزگار کے لئے بیرون ملک جانے کے خواہشمند لوگ اور سرمایہ کاری کرنے والے بروج ثور کے حامل افراد ماہ اگست سے پہلے کسی عرصہ کا تعین کرلیں۔ بعد از اگست حالات سازگار نہیں ہوں گے۔ سرکاری ملازمتوں کے حصول کے لئے ثور کے لوگ اس سال بھی پر اُمید نہ رہیں۔ البتہ پرائیویٹ سیکٹر میں آپ کو بہترین مواقع ملیں گے۔ سال کی آخری سہ ماہی سرکاری ملازمین اور محکمہ پولیس سے وابستہ لوگوں کے لئے مشکل دور ہوگا۔

منگنی شادی! آپ کا حاکم سیارہ پہلے دو ماہ میں بہت کمزور نظر آتا ہے۔ البتہ مارچ میں زہرہ اپنے شرف کے گھر میں حرکت پذیر ہے۔ آپ کے ساتویں گھر کا حاکم شرف کے درجات سے گزر رہا ہے۔ ثور کے وہ لوگ جن کی ابھی شادی نہیں ہوئی۔ اس عرصہ میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جائیں گے۔ یہ عرصہ آپ کی خوشگوار اور پائیدار ازدواجی زندگی کا ضامن ہے۔ اس کے برعکس ثور اور سنبلہ کے جوڑوں میں علیحدگی ہونے کے امکانات بھی موجود ہیں۔ ماہ جولائی میں زہرہ آپ کے پانچویں گھر میں حالت ہبوط میں بیٹھا ہے۔ خاندان سے باہر بالخصوص اور خاندان کے اندر بالعموم طے کئے گئے ماہ ستمبر میں شرف عطارد کی سعادت سے عموماً ثور کے لوگوں کی شادیاں انتہائی سازگار اور انتہائی خوشگوار ماحول میں بخیر انجام پائیں گے۔

خصوصی احکامات! سال رواں میں گذشتہ سال کی نسبت کواکب کی پوزیشنیں یکسر مختلف ہیں۔ سال کی پہلی سہ ماہی میں سیارگان آپ کے زائچہ کے دسویں گھر میں اجتماع کی شکل میں نظر آتے ہیں۔ سرمایہ محفوظ رکھنا تھوڑا سا مشکل نظر آرہا ہے۔ اس سال نقل مکانی بھی ہوگی۔ اپنا گھر بنانے کے خواہش مند لوگ نئے گھر

کی تعمیر کے جھنجھٹ میں نہیں پڑیں گے۔ بنا بنایا گھر کو ترجیح دیں گے۔ سرکاری ملازمین کا ایک سے زیادہ مرتبہ تبادلہ ہوگا۔ ثور کی خواتین سیاسی و سماجی معاملات میں بہت سرگرم نظر آتی ہیں۔ خواتین میں روحانیت اور روپے کی سیونگ کا رجحان نظر آتا ہے۔ مارچ تا جولائی فزیکل طور پر کمزوری اور سستی محسوس کریں گی۔ قطعی طور پر جسمانی معاملہ ہے۔ اس سال ثور کے مردوں کو خواتین مالی طور پر سپورٹ کریں گی۔ خاندان میں جنگ و جدال کا ماحول ماہ جون جولائی میں نظر آتا ہے۔ قصوروار آپ کو ٹھہرایا جا رہا ہے۔ والدہ کی بیماری پیچیدگی اختیار کرتی جا رہی ہے۔ ماہ اگست میں آپ کوئی بری خبر سن رہے ہیں۔ ستمبر، اکتوبر میں آپ ورد و وظائف، تلاوت اور ذکر اذکار کی طرف مائل نظر آتے ہیں۔ ماہ اکتوبر میں عطارد آپ کے ساتویں گھر میں اوج کے درجات پر موجود ہے۔ آپ کے والدین اور خاندان کے لوگ آپ کی بھرپور مدد کریں گے۔ کچھ دوستوں کی معاونت سے ایک مدت سے رکی ہوئی شادی حسب منشا انجام پائے گی۔ مجموعی طور پر اس سال آپ کو نئے تجربات سے گزرنا ہوگا۔ آپ کی سنجیدگی کے پیش نظر خاندان اور معاشرہ میں ایک ذمہ دار شخص کے طور پر آپ کی پہچان قائم ہو چکی ہے۔ بتائے گئے ورد اسم اعظم اور صدقات کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کریں۔ کواکب کی نحوست سے آپ محفوظ رہ سکتے ہیں۔

صدقات! اگر نئے چاند کے پہلے جمعہ کو سوا کلو چاول، دودھ، سفید مرغی، سفید بکرا، اپنے قد کے برابر سفید کپڑا صدقہ بوقت طلوع آفتاب دیں۔ صدقہ کے تمام لوازمات یا ان میں سے کوئی صدقہ کیا جا سکتا ہے۔ صدقہ کی ادائیگی کے وقت گھر میں یا کاروبار کی جگہ پر لوبان کی دھونی دیں۔

سال کا ورد! (الکافیُ الغنیُ) 313 مرتبہ یومیہ

سیارہ: عطارد — **GEMINI** — برج: جوزا



اہم نکات! جیسا کہ گذشتہ سال میں نے جوزا کے لوگوں کو یہ بات بڑی وضاحت کے ساتھ کہی تھی۔ کہ آپ شمس اکبر سیارہ زحل کی ساڑھ ستی کے شدید بحرانی دور سے گزر رہے ہیں۔ اس سال بھی یہی کوکب آپ کے زائچہ کے دوسرے گھر بیت المال میں بیٹھا ہے۔ گویا آپ اس سیارہ کے آخری ڈھائی سال دور سے گزر رہے

ہیں۔ ماہ اگست میں یہ کوکب آپ کے زائچہ کے تیسرے گھر میں چلا جائے گا اور اس طرح آپ کو زحل کی ساڑھ ستی سے نجات مل جائے گی۔ اس کے برعکس سعد اکبر کوکب گزشتہ سال سے آپ کے زائچہ کے پانچویں گھر میں حالت اوج میں بیٹھا ہے۔ سال کی ابتدا سے آپ کے زائچہ کے ساتویں گھر میں سیارگان حرکت پذیر نظر آ رہے ہیں۔ پہلی سہ ماہی میں آپ کسی دیرینہ مقدمہ میں کامیابی حاصل کریں گے۔ شمس آپ کے زائچہ کے آٹھویں گھر میں قیام پذیر ہے۔ زوجہ کے ساتھ حق مہر کا تنازعہ سر اُٹھائے گا۔ مالی بحران شدت اختیار کرتا جا رہا ہے۔ حاملہ خواتین کے لئے سال کے وسط تک خصوصی طور پر احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ہوں گی۔ مارچ میں زہرہ کا شرف آپ کو روزگار اور ملازمت کے حوالے سے خوشخبری دے رہا ہے۔ آپ زیادہ دیر تک نئے کام میں چلتے ہوئے نظر نہیں آتے۔ ماہ اپریل میں کسی اعلیٰ سرکاری عہدہ دار سے مفاد ملے گا۔ گزشتہ دو تین ماہ سے جاری نئے پروجیکٹ سے آپ بدظن ہو رہے ہیں۔ ماہ جون میں شمس، زہرہ، عطارد آپ کے طالع میں حرکت پذیر نظر آتے ہیں۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ وسط سال سے آپ افسردہ دکھائی دیتے ہیں۔ زوجہ کی طرف سے آپ ناخوش ہیں۔ ماہ جولائی میں شمس آپ کے بیت المال میں اوج کے درجات سے گزرے گا۔ نحس اکبر سیارہ زحل یہاں پہلے سے ہی موجود ہے۔ اس عرصہ میں کسی کی غلط مشاورت سے روپے پیسے کا نقصان ہوتا نظر آ رہا ہے۔ کسی منقولہ جائیداد کا تنازعہ پیدا ہو رہا ہے۔ سارا سال پلوٹو آپ کے ساتویں گھر میں موجود رہے گا۔

صحت! مجموعی طور پر اس سال آپ کی صحت اوسط درجہ رہے گی۔ آپ کی صحت کا حاکم کچھ عرصہ آپ کی طبیعت میں اضطراب کی کیفیت رکھے گا۔ مارچ کے مہینہ میں آپ اپنی روزمرہ غذا کا خاص خیال رکھیں۔ بے اعتدالی اور بد پرہیزی سے آنکھ اور گردوں کی تکلیف بھی ہو سکتی ہے۔ گردنی پرابلم آپ کو پہلے ہی سے ہے۔ ماہ جولائی میں جوزا کے لوگ بالخصوص خواتین انجینا کا شکار ہونگیں۔ 18 سے 20 سال کی عمر کی خواتین ذہنی امراض اور بے خوابی کا شکار ہو رہی ہیں۔ ماہ جولائی میں آپ کی صحت کا حاکم حالت طرفہ میں ہے آپ کے زائچہ میں اس کی آٹھویں نظر بہتر علاج کا مشورہ دے رہی ہے۔ عمر رسیدہ جوزا کے وہ لوگ جو گزشتہ دو سالوں سے ذیابیطس کے امراض میں مبتلا ہیں۔ اس عرصہ میں علاج معالجہ سے آفاقہ ہوگا۔ سال کے شروع میں شرف مریخ کی بدولت آپ کی سرجری سے بچ جائیں گے۔ ماہ نومبر میں زحل کی تیسری نظر آپ کے بچوں کی صحت پر بُرے اثرات مرتب کر رہی ہے۔ مریخ کی رجعت اور چھٹے گھر میں مشتری اور شمس کی موجودگی یہ ظاہر کرتی ہے۔ آپ کی بیماری کا سبب سحر جادو ہے۔ نومبر دسمبر میں جوزا کی عمر رسیدہ خواتین کی ذہنی حالت خراب ہونے کا خدشہ موجود ہے۔ 24 اپریل آپ کی صحت کے حوالے سے خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ اس دن آپ کے صحت کے گھر برج اکبر میں چاند گرہن ہوگا۔ یہاں پر چاند گرہن دوسری نحوست کا حامل ہے۔ اس روز نماز خسوف ادا کریں اور صدقہ بھی دیں۔

سماجی تعلقات! ماہ جنوری اور فروری میں آپ کے سوشل معاملات میں سرد مہری رہے گی۔ آپ نے کسی پر احسان کیا ہے جس کا بدلہ آپ کو اچھا نہیں مل رہا۔ ماہ فروری تک بچوں کی وجہ سے آپ کے ہمسائیگی کے تعلقات متاثر ہو رہے ہیں۔ البتہ اپریل کا سورج گرہن اور شرف شمس دوستوں کی طرف سے بھرپور مالی مدد کے نتیجہ میں آپ خاصہ نفع کما رہے ہیں۔ اس عرصہ میں عزیز و اقرباء سے آپ کے تعلقات خوشگوار ہیں۔ گزشتہ سال سے خاندان کے ساتھ تناؤ کی کیفیت تھی۔ ماہ مارچ اور اپریل میں غلط فہمیاں دور ہو جائیں گیں۔ مریخ کی آٹھویں نظر آپ کو بھرپور طاقت اور توانائی دے رہی ہے۔ سوسائٹی میں ایک باصلاحیت سوشل ورک کے طور پر آپ کی پہچان ہو سکتی ہے۔ کسی فلاحی ادارے کی تجسیم آپ کو سونپے جانے کا امکان ہے۔ گزرتے ہوئے وقت کے ساتھ اس بات کو بھی مدنظر رکھیں۔ کہ ماہ اگست میں زحل آپ کے زائچہ کے تیسرے گھر میں قابض ہوگا۔ زحل سیارہ نحس ترین اثرات کا حامل ہے۔ ماہ اگست سے آپ کے خانگی، خاندانی اور سماجی معاملات اس کی گرفت میں ہونگے آپ کی نیک نامی متاثر ہو رہی ہے۔ واضح رہے کہ آپ اس نحس ستارہ کے کردار کو نظرانداز نہیں کر سکتے۔

شراکتی و ازدواجی معاملات! سال کی ابتداء سے ہی ازدواجی زندگی میں تنازعات، اختلافات اور بحث و تکرار کو جنم دے رہا ہے۔ آپ بلاوجہ ضد کر رہے ہیں۔ زوجین کے مابین نفرت بڑھ رہی ہے۔ اس عرصہ میں آپ عارضی طور پر نقل مکانی کر سکتے ہیں۔ کوئی مکار اور شاطر قسم کا فرد آپ کی ازدواجی زندگی میں مداخلت کر رہا ہے۔ سال کی پہلی سہ ماہی میں آپ کی ازدواجی زندگی کا حاکم سیارہ حالت رجعت میں ہے۔ بیوی خلع یا علیحدگی کا تقاضہ کر سکتی ہے۔ آپ کے لئے یہ عرصہ خطرے سے خالی نہیں ہے۔ پلوٹو سارا سال آپ کے بیت الزوج میں رہے گا۔ فطری طور پر یہ تبدیلی چاہتا ہے۔ شراکتی کاروبار میں جوزا کے لوگ اس سال بھی مطمئن نہیں ہیں۔ بالخصوص جوزا کے وہ لوگ جو اپنے عزیز رشتہ داروں اور بھائیوں کے ساتھ مشترکہ بزنس، کاروبار وغیرہ چلا رہے ہیں۔ ماہ جولائی کے بعد آپس کا ساتھ چلنا مشکل ہوگا زحل کی ساڑھ ستی اور ساتویں گھر میں پلوٹو کی موجودگی اور شراکتی کاروبار میں بہت بڑے سکینڈل اور مالی بدعنوانی کو سامنے لائے گی۔

اولاد، انعامی بانڈز، لاٹری! اس لحاظ سے آپ انتہائی خوش قسمت ہیں۔ گزشتہ سال ماہ ستمبر، اکتوبر سے سعد اکبر کوکب مشتری آپ کے زائچہ کے 5 ویں گھر میں بحالت اوج بیٹھا ہے۔ بے اولاد جوزا کے لوگوں کو اولاد کی

خوشخبری نصیب ہوگی۔ اولاد کی طرف سے کسی بڑی کامیابی اور ترقی کا بھی اشارہ ملتا ہے۔ البتہ ماہ اکتوبر کا سورج گرہن آپ کے زائچے کے بیت اولاد میں داخل ہوگا۔ بچوں کو چوٹ لگنے یا کسی حادثہ وغیرہ کا خطرہ موجود ہے۔ جوزا کے وہ لوگ جو بیرون ملک میں کسی انعامی سکیم یا لاٹری میں قسمت آزمائی کر رہے ہیں۔ اُن کے لئے ماہ جولائی تک کا عرصہ انتہائی سازگار ہے۔ لاٹری، انعامی بانڈ سے اُن کو بہت بڑی رقم مل سکتی ہے۔ البتہ ماہ اگست سے آپ اس قسم کی انعامی سکیموں سے دُور رہیں۔ زحل کی تیسری نظر نقصان پہنچا سکتی ہے۔ ماہ اکتوبر میں زائچے کے 5ویں گھر میں شمس کو هبوط ہوگا۔ آپ کم علمی کے سبب نقصان اُٹھائیں گے۔ اس عرصہ میں انعامی بانڈز یا کسی انعامی سکیم کی دستاویزات گم بھی ہو سکتی ہیں۔ اس سال آپ کے بچوں کو حسب منشا اور اچھی ملازمتیں بھی مل سکیں۔ بلکہ بیرون ملک ملازمت کے مواقع بھی ملیں گے۔

سفر! جوزا کے لوگ گذشتہ کئی سال سے بیرون ملک حصول روزگار یا اعلیٰ تعلیم کے لیے کوششیں کر رہے ہیں۔ سال رواں میں سعد اکبر سیارہ مشتری کی 5 ویں نظر اُن کو اس مقصد میں کامیاب کر رہی ہے۔ ایک بات ذہن نشین کر لیں۔ اس کامیابی کے بعد بھی آپ کو قدم قدم پر مسائل، مشکلات اور رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ گذشتہ سال جوزا کے وہ لوگ جو کسی بھی مقصد کے تحت بیرون ملک سے اپنے ملک آئے ہیں۔ ان کے واپس جانے کے حالات اور اسباب نہیں بن رہے۔ سفری دستاویزات پر کسی قانونی حکم یا کسی اعتراض کی وجہ سے روکی جائیں گی۔ ماہ اپریل میں مشتری کی رجعت اور بیت السفر میں مریخ کی موجودگی بیرون ملک موجود لوگوں کو کسی ذہنی فساد میں اُلجھا رہی ہے۔ آپ کا سرمایہ بھی اس عرصہ میں بیرون ملک منجمد ہو سکتا ہے۔ آپ کو خبردار کیا جاتا ہے کہ بعد اگست بیرون ملک سفر کرنے سے اجتناب کریں۔ اس عرصہ میں بیرون ملک میں کیے گئے بزنس و کاروبار پر کڑی نظر رکھیں۔ عدم توجہ اور دل چسپی کے سبب شدید نقصان، بحران اور زوال کا خطرہ ہے۔

معیشت۔ کیریئر۔ روزگار! زائچے کے دسویں گھر میں یورانس کی موجودگی آپ کے رزق روزگار کے معاملات کو چلا رہی ہے۔ جیسا کہ گذشتہ سطور میں بتایا گیا ہے کہ آپ ساڑھ ستی کے آخری ڈھائی سالہ مشکل ترین دور سے گزر رہے ہیں۔ بمطابق طالع شمسی بیت المال میں نحس اکبر سیارہ زحل کی موجودگی آپ کے ذرائع آمدنی حصول مال و دولت یا کسی بھی کاروبار کے نفع کے ذرائع کو محدود کر رہی ہے۔ اس سال بھی آپ کسی بھی نوعیت کا چھوٹا یا بڑا کاروبار شروع کر کے کامیاب نہیں ہو سکتے۔ بہتر ملازمت کے خواہش مند لوگ ماہ اگست تک حسب منشا ملازمت کے حصول میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ بنک یا مالیاتی اداروں سے وابستہ ملازمین کیشئرز، پیشورانہ معاملات میں فرائض کی ادائیگی میں انتہائی محتاط رویہ اختیار کریں اندھا اعتماد اور عدم معاملہ فہمی کے سبب مالی بدعنوانی کی زد میں آسکتے ہیں۔ انویسٹمنٹ ٹریڈنگ سے وابستہ جوزا کے لوگ اپنی جمع پونجی بھی ضائع کر دیں گے۔ البتہ اس سال زرعی اور دیہات، ٹیکسٹائل مختلف اجناس کے تیل اور آٹو ورکشاپ جیسے کاروبار میں ترقی ہو سکتی ہے۔

منگنی شادی! سعد اکبر کوکب مشتری گذشتہ سال سے آپ کے زائچے کے پانچویں گھر میں بیٹھا ہے۔ یہاں پر وہ کرانتہائی سعد اثرات مرتب کر رہا ہے۔ اس سال طے ہونے والے رشتے مالی آسودگی اور استحکام کا سبب بنیں گے۔ سرکاری ملازمت پیشہ لوگوں میں دوسری شادی کا رجحان بڑھے گا۔ اس سال جوزا کی خواتین اور بچیوں کی شادیاں بالخصوص بیرون ملک مقیم لوگوں کے ساتھ طے پائیں گی۔ البتہ ماہ اگست اور اس کے بعد کسی بھی قسم کے رشتے طے کرنے اور شادی انجام دینے سے گریز کریں۔ زحل کی تیسری نظر آپ کے زائچے کے 5ویں گھر کو متاثر کر رہی ہے۔ اس عرصہ میں محبوب کے ساتھ تعلقات میں تلخی، اختلافات اور تنازعات بھی پیدا ہوں گے۔ جوزا کے وہ لوگ جن کا کوئی افیئر وغیرہ چل رہا ہوگا اس عرصہ میں بدنامی کے سبب تعلقات ختم ہو نگے۔

خصوصی احکامات! بعد از وسط 2005ء آپ اس شدید بحرانی دور سے نجات حاصل کر لیں گے۔ جوزا کے وہ لوگ جن کے زائچہ پیدائش میں زحل ناقص تھا یا کسی نحس سیارہ کے دورہ اکبر سے گزر رہے تھے۔ گذشتہ سال ان کو بہت بڑے نقصان اور صدمے کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ سرکاری ملازمت پیشہ لوگ جنہوں نے بحالی کے لئے عدالت سے رجوع کر رکھا ہے۔ سال کے آخر میں دوبارہ ملازمت اختیار کر لیں گے۔ دیگر کوئی آپ کا خیر خواہ اور ہمدرد سرمایہ خرچ کر کے آپ کو بہترین روزگار فراہم کر سکتا ہے۔ ماہ جولائی میں آپ کے بیت الامید میں مریخ حالت طرفہ پر ہے۔ آپ کی کوئی دیرینہ خواہش پوری ہوگی۔ اس لئے آپ کو ایڑی چوٹی کا زور لگانا ہوگا۔ ماضی میں جن لوگوں کی رقوم سرکاری اداروں میں کسی قسم کی قانونی پیچیدگی کے سبب پھنسی ہوئی تھیں۔ 13 سے 20 جولائی تک وصولی کا امکان ہے۔ 2005ء جہاں پر سیارگان کی نحوست کا شکار ہے وہاں پر سیارگان کی سعادت کے ثمرات بھی رکھتا ہے۔ ماہ جولائی اور اگست میں طویل سفر نہ کریں۔ سال کی آخری سہ ماہی میں شمس آپ کے ساتویں گھر میں حالت فرح میں ہوگا۔ ازدواجی زندگی میں خوشحالی اور خوشیوں کا اضافہ ہو رہا ہے۔ آپ ایک ذمہ دار خاوند یا بیوی کی حیثیت میں بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ یہ وہ عرصہ ہے کہ جس میں لوگ آپ کی مثال دے رہے ہیں۔ اس سال زائچے میں جہاں جہاں منفی رجحانات ظاہر کئے گئے ہیں۔ اس عرصہ میں بتایا گیا صدقہ اور سائل کا ورد خاص کا ذکر اپنے معمولات میں رکھیں اور

اپنے ستارہ سے منسوب جواہر کا استعمال بھی کریں۔

صدقات! نئے چاند کے پہلے بدھ کو سوا کلو دال مونگ / آلو مختلف رنگ کی مرغی / بکرا / اپنے قد کے برابر گہرا سبز ریشمی کپڑا صدقہ بوقت طلوع آفتاب دیں۔ صدقہ کے تمام لوازمات یا اُن میں سے کوئی ایک بھی ادا کیا جا سکتا ہے۔ صدقہ کی ادائیگی کے وقت گھر یا کاروبار کی جگہ پر اگربتی ضرور سلگا لیں۔

سال کا ورد! (اَلْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ) 313 مرتبہ یومیہ

برج: سرطان | **CANCER** | **ستارہ: قمر**



حروف ____ ح، ہ
عنصر ____ آبی
رنگ ____ سفید، دودھیا، نیلا
عدد ____ ۵
دن ____ 2
پتھر ____ گہرا سبز، مرواریدِ، مرقر
موافق برج ____ عقرب، حوت
ناموافق برج ____ عقرب، جدی، حمل

[illegible]

اہم نکات! اہلِ سرطان کے لئے سال نو کچھ اچھے اثرات کا حامل نہیں ہے۔ آپ نحس اکبر سیارہ زحل کے دوسرے ڈھائی سالہ دور سے گزر رہے ہیں۔ ساڑھ ستی کی اصطلاح آپ گزشتہ سالوں سے سُن رہے ہیں۔ زحل اس وقت آپ کے طالع میں بحالت رجعت موجود ہے۔ دوسری بات زائچہ کا بیت الزوج مقابل ہے۔ ازدواجی و خانگی معاملات میں ابتری پیدا کر رہا ہے۔ چھٹے گھر میں زہرہ، عطارد، مریخ اور پلوٹو آپ کی صحت پر بُرے اثرات مرتب کر رہے ہیں۔ شروع سال سے ہی زحل کی رجعت آپ کی سوچ اور مزاج میں منفی رویوں کو جنم دے گی۔ البتہ مارچ میں آپ کے بیت الزوج میں مریخ شرف یاب ہوگا۔ ازدواجی و شراکتی معاملات میں آپ کی گرفت کمزور پڑ جائے گی۔ ماہ اپریل میں آپ کے بیت العزت میں نظام شمسی کا بادشاہ سیارہ شمس شرف کے درجات سے گزرے گا۔ آپ ساڑھ ستی کے انتہائی مشکل دور سے گزر رہے ہیں۔ یہ عرصہ حصول مال، فراخی رزق اور غیبی مالی امداد کا بہترین دور ہے۔ اس سال مذہبی معاملات میں آپ کی رغبت نظر آتی ہے۔ مالی طور پر آپ کی پوزیشن کچھ بہتر نہیں ہے۔ باوجود اس کے سٹہ بازی، جوا، انعامی بانڈ کی طرف رجحان بڑھ رہا ہے۔ وسط سال سے آپ اضطراب اور بے چینی کا شکار رہیں۔ ماہ جولائی میں اوج شمس آپ کے طالع میں واقع ہوگا۔ یہ ایک اچھی علامت ہے۔

صحت! سال کی ابتداء سے آپ کو صحت کے مسائل درپیش ہیں۔ ماہ فروری میں آپ کی صحت کا حاکم سیارہ رجعت اختیار کرے گا۔ یہاں پر سرطان کی خواتین کے لیے انتہائی احتیاط کی ہدایت کی جاتی ہے۔ اس عرصہ میں عصبی نظام متاثر ہوگا اور ہائی بلڈ پریشر اور ہائی ٹینشن کے سبب خدانخواستہ جسم کا کوئی حصہ مفلوج ہونے کا خطرہ بھی موجود ہے۔ مئی جون میں شمس اور عطارد کی ساتویں نظر گزشتہ کئی سالوں سے مختلف امراض کا شکار سرطانی لوگوں کو زندگی کی ایک نئی رنگ دے رہے ہیں۔ عموماً غیر شادی شدہ خواتین الجھنوں میں دیوانگی اور ہسٹیریا کے دورے ہونگے۔ ماہ اگست میں شمس کی ساتویں نظر کسی حادثے کا سبب بن سکتی ہے۔ سرطان کے حامل لوگوں کو ماہ اگست تا دسمبر صحت کے معاملہ میں احتیاط کی ضرورت ہے۔ کاروباری اور پیشہ ورانہ رقابت کے سبب صحت پر بھی اثر انداز ہوگا۔

سماجی تعلقات! اس سال خاندان سے آپ کے تعلقات کشیدہ رہیں گے۔ خصوصی طور پر تنبیہ کی جاتی ہے کہ خاندان کے کسی بھی فرد کے ساتھ کسی بھی کاروبار میں سرمایہ کاری نہ کریں۔ زحل کی تیسری نظر بوجہ سرمایہ جائیداد اختلاف اور تنازعہ پیدا کر رہی ہے۔ اس سال آپ کسی کی بھی کوئی قیمتی چیز، دستاویزات، جیولری بطور امانت نہ رکھیں اور نہ ہی کسی کے پاس رکھوائیں۔ نقصان کا اندیشہ ہے۔ گزشتہ سال کے قرض کا معاملہ جوں کا توں برقرار رہے گا۔ بلکہ مقدمہ بازی کی بھی نوبت آ سکتی ہے۔ اس سال سرطان کے لوگوں کی سوشل / سیاسی / مذہبی سرگرمیاں محدود نظر آتی ہیں۔ بلکہ مضبوط قسم کے سیاسی حریف کی سازشوں کا شکار ہیں۔ سرطان کی سرکاری ملازمت خواتین کو اس سال محکمانہ طور پر کئی انکوائریوں کا سامنا کرنا ہوگا۔ ماہ جولائی میں زہرہ کو ہبوط ہوگا۔ کسی بڑی عمر کی عورت کے ساتھ لین دین کے معاملہ پر تنازعہ شدت اختیار کرے گا۔

شراکتی و ازدواجی معاملات! زائچہ کے ابتداء میں بتایا گیا ہے کہ نحس اکبر سیارہ زحل آپ کے ساتویں گھر کے مقابل ہے اور سال کی ابتداء سے ہی رجعت پذیر ہے۔ ازدواجی معاملات میں اختلاف، تنازعہ گزشتہ سال سے ہی جاری ہے۔ گزشتہ سال علیحدگی اختیار کرنے والی خواتین کے جہیز اور حق مہر کا معاملہ بھی اُبھار رہے گا۔ البتہ مارچ میں عدالت کے ذریعے آپ کسی بھی قسم کا مقدمہ جیت سکتے ہیں۔ دوسری صورت یہ بھی ہے کہ کسی کی مداخلت اور ہمدردی کے سبب میاں بیوی کے درمیان اور تنازعہ ختم ہوگا۔ آپ کے طالع میں سیارہ زحل بیٹھا ہے اور زائچہ کے آٹھویں گھر میں مریخ کی موجودگی میاں بیوی کے درمیان بداعتمادی کی فضا قائم کر رہی ہے۔ یہ تنازعہ بہرحال اس سال برقرار رہے گا۔ شراکتی کاروبار اس سال تلخ حالات کے سبب اپنے انجام کو پہنچ سکتا ہے۔ ماہ اگست میں آپ ساڑھ ستی کے آخری ڈھائی سالہ دور میں داخل ہو جائیں گے۔ اس عرصہ میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں۔ ناپسندیدہ باتیں ازدواجی ماحول آپ کی سوچ اور برج کے خلاف ہوگا۔ ایسی صورت میں جذباتیات اور غصہ آپ کے سارے سسٹم کو تہہ و بالا کر سکتا ہے۔

اولاد۔ انعامی بانڈز۔ لاٹری! بوجہ خرابی صحت سرطان کی حامل خواتین اس سال بھی حصول اولاد کے لئے خاطر خواہ نتائج حاصل کرنے میں کامیاب

نہ ہوسکیں گی۔ 2005ء میں خاوند کی طرف سے اولاد یا بچے کا مطالبہ جذباتی حد تک شدت اختیار کرے گا۔ ماہ جولائی میں مریخ کی آٹھویں نظر اولاد کی خوشخبری کے لئے ماحول سازگار بنا رہی ہے۔ بچوں کی تعلیم وتربیت پر آپ کی توجہ مرکوز رہے گی۔ مارچ، جولائی اور ستمبر کے مہینوں میں انعامی سکیموں میں حصہ لینے سے فائدہ ہوگا۔ ماہ اگست میں زحل کے آپ کے بیت المال اور ماہ نومبر میں مشتری آپ کے زائچہ کے پانچویں گھر میں قابض ہے۔ اس عرصہ میں کسی بھی قسم کی لاٹری خرید نہ کریں۔ غیب سے حصول مال ودولت سے راستے بند ہیں۔ بیرون ممالک میں رہنے والے لوگ لاٹری بنائے گئے عرصہ میں قسمت آزمائی کریں۔ تو کامیابی کے امکانات روشن ہیں یورپ میں لاٹری عموماً ہفتہ اور بدھ کے روز منعقد ہوتی ہے۔ اہل سرطان کے لئے یہ دونوں دن ہیں۔

سفر! گذشتہ سال سے یورانس آپ کے زائچہ کے بارھویں گھر میں بحالت سعد بیٹھا ہے۔ بیرون ملک مقیم سرطان کے لوگ شدید مشکلات اور مسائل کے باوجود اپنا قیام برقرار رکھنے کی تگ ودو میں ہیں۔ البتہ ماہ مارچ اور اپریل میں کواکب کی سعد پوزیشن کسی معجزہ سے کم نہیں۔ کسی عزیز رشتہ دار کی مدد سے آپ بیرون ملک جانے میں کامیاب ہوجائیں گے۔ ایجوکیشن سے وابستہ افراد کو بیرون ملک حسب منشا اعلیٰ اور معیاری تعلیمی اداروں میں ملازمت کے مواقع ملیں گے۔ عام حالات میں ڈومیسٹک سفر اس سال کثرت سے پیش آئیں گے۔ البتہ مئی، جون میں دوران سفر تکلیف اور مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ بیت السفر میں یورانس کی موجودگی آپ کو بے مقصد اور لاتحہ حاصل سفر بھی لارہی ہے۔ سفر بغرض زیارات مقامات مقدسہ کسی عزیز رشتہ دار کی بیماری آپ کے لئے پریشانی کا باعث ہوگی۔ سال کی آخری سہ ماہی میں مشتری زائچہ کے 9ویں گھر کو 5ویں نظر سے دیکھے گا۔ اس کے سعد ترین اثرات طویل سفر کے اسباب پیدا کریں گے۔ جو کہ خالصتاً کاروباری اور پیشہ ورانہ ہوگا۔ اس عرصہ میں آپ اپنے کاروبار کو بہتر کرسکیں گے۔ البتہ یورانس کی رجعت کے عرصہ میں سفر بالخصوص بیرون ملک رکاوٹیں اور مشکلات پیدا کریگا۔ یورانس اور مشتری کی رجعت بیرون ملک کی سفری دستاویزات میں آپ سے غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کراتی نظر آرہی ہے۔

معیشت۔ کیریئر۔ روزگار! آپ شدید ترین مالی، کاروباری اور ملازمتی دور سے گزر رہے ہیں۔ گذشتہ سال کے مالیاتی نقصانات کا تاحال ازالہ نہیں ہوسکا۔ البتہ گذشتہ سال اکتوبر سے روزگار اور رزق معاملہ میں بوجہ اوج مشتری بہتری ہوئی ہے۔ آپ زوجہ کی معاونت سے اور سسرال کی مالی امداد سے روزگار کے وسائل اور ذرائع بنانے کی کوشش کررہے ہیں۔ زحل بدستور آپ کے زائچہ کے بیت الطالع میں شدید ترین نحس اثرات کے ساتھ موجود ہے۔ جو آپ کی معاشی ترقی، کیریئر کے استحکام اور روزگار کے حصول میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ راہو گذشتہ سال سے ہی آپ کے زائچہ کے دسویں گھر میں قابض ہے۔ حصول روزگار میں شدید ترین مشکلات درپیش ہوں گی۔ مارچ اور اپریل میں کوئی دوست بیرون ملک سے آپ کی کچھ مالی امداد کرے گا۔ سرطان کے لوگوں کو ملازمتی فرائض کی ادائیگی میں پریشانی اور مشکلات کا سامنا ہے۔ ماہ اگست تک ان پر لگائے گئے الزامات اور انکوائری بدستور قائم رہیں گیں۔ اس عرصہ میں ملازمت سے برخاست کئے جانے کا خطرہ بھی موجود ہے۔ یہ آپ کا ساڑھ ستی کا آخری ڈھائی سالہ مشکل ترین دور ہے۔ اسی عرصہ میں سیارہ عطارد بھی تین بار رجعت پذیر ہوگا۔ ناقص منصوبہ بندی اور عدم توجہ کے باعث کثیر سرمایہ کا نقصان ہوگا۔ سال کی آخری سہ ماہی میں آپ کے حصول روزگار کے تمام ذرائع بند ہورہے ہیں۔ اس عرصہ میں آپ اپنی کوئی خاندانی پراپرٹی اور قیمتی اشیاء فروخت کرکے اپنے کاروبار کو زوال اور تباہی سے بچانے کی کوشش بھی کریں گے۔ یاد رہے ساڑھ ستی کے آخری دور میں تمام تر کوششیں بے سود ہوں گی البتہ کچھ کواکب آپ کو مشاورت، پلاننگ اور سنجیدگی کا مشورہ دے رہے ہیں۔ سمجھداری سے معاملات کو کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔

منگنی شادی! اکثر سرطان کی حامل خواتین جن کے رشتے گذشتہ سال خاندان میں طے ہوئے تھے۔ رواں سال کے وسط تک ختم ہوسکتے ہیں اور اس سال کے آخر تک شادی ہونے کا امکانات بہت کم ہیں۔ اس کے برعکس مارچ اور اپریل میں شادی، منگنی جیسے امور کے لئے کواکب کی پوزیشن آپ کو سپورٹ کرےگی۔ اس عرصہ میں سرطان کے لوگ مرد وخواتین حسب منشا شادیاں کرسکیں گے۔ کوکب مریخ مئی اور جون میں نحس تر درجات سے گزرے گا۔ اس عرصہ میں کسی بھی قسم کا رشتہ مثلاً، نکاح، منگنی، شادی وغیرہ طے نہ کی جائے۔ سرطان کے لوگوں کو یہ بات ذہن نشین کرلینی چاہئے کہ اس سال شادی بیاہ کے معاملات کو موخر کردیا جائے یہ ان کے حق میں بہتر ہے۔

خصوصی احکامات! رواں سال میں آپ کو کوئی زیادہ اچھی خبریں نہیں دے سکتے۔ چوتھے گھر میں اوج مشتری آپ کو روحانیت اور علوم روحانی کے حصول کے لئے قائل کررہا ہے۔ اس سال آپ پرآسائش ماحول میں نہیں رہ سکیں گے۔ شدید محنت اور مشقت کے دور سے گزریں گے۔ بنیادی طور پر زحل کی ساڑھ ستی نحس اثرات کی حامل ضرور ہے۔ لیکن اس عرصہ میں زحل آپ کے لئے ایک معلم کا کردار بھی ادا کرے گا۔ رواں سال میں آپ نت نئے تجربات سے گزریں گے۔ جمع شدہ پونجی بھی خرچ ہوجائے گی۔ معمولی درجہ کے لوگوں سے واسطہ پڑے گا۔ آپ کے اردگرد رہنے والے لوگ آپ کی شہرت، نیک نامی اور ساکھ کو نقصان پہنچانے کے درپے ہونگے۔ اس سال اچانک آپ کا پارٹنر علیحدگی اختیار کرلے گا۔

مقدمات میں اُلجھے رہیں گے۔ ماہ اپریل میں سورج گرہن آپ کے دسویں گھر میں ہوگا۔ بہت سارے معاملات میں لگائی گئی امیدیں پوری نہ ہوں گی۔ 24 اپریل کا چاند گرہن آپ کے زائچے کے 5 ویں گھر میں ہو رہا ہے۔ فطری طور پر یہ قمر کا ہبوطی گھر ہے۔ اس لحاظ سے قمر، شدید قسم کے نحس اثرات مرتب کرے گا۔ اس عرصہ برج سرطان کی حامل حاملہ خواتین محتاط رہیں۔ اَبارشن ودیگر حادثات ہونے کا خطرہ ہے۔ ماہ اکتوبر کا سورج گرہن آپ کے زائچے کے چوتھے گھر میں ہوگا۔ والدہ اور سسر کی صحت کی طرف سے پریشانی لاحق ہوگی۔ اس سال کا آخری چاند گرہن 17 اکتوبر کو برج حمل میں ہو رہا ہے۔ سرکاری ملازمین کے لیے یہ گرہن اچھے نتائج نہیں رکھتا۔ سروس ٹریبونل اور اعلیٰ عدالتوں سے فیصلے آپ کے حق میں نہ ہوں گے۔ اس سال سرطان کی خواتین اندرونی اور پوشیدہ جسمانی عوارض میں مبتلا رہیں گی۔ سرطان کے افراد آنکھوں اور جوڑوں کی تکلیف میں مبتلا رہیں گے۔ اس سال اکثر سرطانی بے اولاد جوڑے بچے ایڈاپٹ بھی کریں گے۔

صدقات! نئے چاند کے پہلے سوموار سوا کلو چاول / دودھ / گندم / سفید مرغی / سفید بکرا / اپنے قد کے برابر سفید ریشمی کپڑا، صدقہ بوقت طلوع آفتاب دیں۔ صدقہ کے تمام لوازمات یا ان میں سے کوئی ایک بھی صدقہ کیا جا سکتا ہے۔ صدقہ کی ادائیگی کے وقت گھر یا کاروبار کی جگہ پر لوبان کی دھونی ضرور دیں۔

سال کا ورد! (الرحمٰن الرحیم) 313 مرتبہ یومیہ

برج: اسد | LEO | ستارہ: شمس



مزاج	بیبسط
عنصر	آتشی
رنگ	سنہرا، سفید، گلابی رنگ
دن	اتوار
عدد	4-1
پتھر	یاقوت، لہسنیا
موافق برج	قوس، حمل
ناموافق برج	عقرب، دلو، ثور

بیماریاں: بلڈ پریشر، ریڑھ کی ہڈی، کمر کی تکلیف، دل کی تکلیف

اہم نکات! جون 2003ء سے زحل آپ کے زائچے کے بارہویں گھر میں بیٹھا ہے۔ یہاں سے آپ کی ساڑھ ستی کا دور شروع ہو رہا ہے۔ بنیادی طور پر یہ نحس اکبر زحل کا پہلا ڈھائی سالہ دور ہے۔ اس لئے اس کی نحوست ماہ اگست 2005ء تک کم درجہ محسوس کریں گے۔ البتہ اس سال آپ کا حاکم سیارہ شمس ماہ مارچ میں آپ کے زائچے کے 9 ویں گھر میں تحویل کرے گا۔ بیرون ملک کے معاملات کو تقویت دے گا۔ سال کے شروع سے ہی مشتری، سعد اکبر کوکب آپ کے زائچے کے تیسرے گھر میں بحالت اوج حرکت پذیر ہے۔ اگرچہ یہاں مشتری کی موجودگی سعد اثرات کی حامل ہے۔ اس کے برعکس مشتری کی نویں نظر آپ کی خواہشات اور اُمیدوں پر پانی پھیر رہی ہے۔ خوش آئند بات یہ ہے کہ سیارہ مریخ آپ کے زائچے کے چھٹے گھر میں شرف یاب ہوگا۔ اس میں شک نہیں کہ گزشتہ سالوں سے آپ کی صحت بوجہ سحر متاثر ہو رہی تھی۔ رواں سال کے ماہ مارچ میں سحری اثرات ختم ہو جائیں گے اور آپ روبہ صحت ہوں گے۔ اس سال شدید قسم کی سازشوں سے واسطہ پڑے گا۔ ماہ جولائی میں آپ کے خلاف ایک بے بنیاد الزام کے تحت مقدمہ دکھائی دیتا ہے۔ اس سال آپ کے عزیز و اقرباء آپ کی بھرپور مدد کریں گے۔ عموماً چھوٹے سفر پیش آئیں گے۔ زمین جائیداد اور زراعت کے کاموں سے فائدہ ہو سکتا ہے۔ وراثت کا معاملہ حل ہوگا۔ فنونِ لطیفہ کے کاموں میں دلچسپی بڑھے گی۔

صحت! ماہ جنوری اور فروری میں صحت کی طرف سے پریشانی رہے گی۔ دورانِ سفر اچانک صحت خراب ہوگی۔ ماہ مارچ تک آپ کی صحت کا حاکم سیارہ بحالت رجعت رہے گا۔ پیچیدہ قسم کے جسمانی عوارض لاحق ہوں گے اور اس کے برعکس مارچ کے آخری عشرہ میں علاج سے افاقہ ہوگا۔ یاد رہے 2005ء میں کالا یرقان کا حملہ بھی ہو سکتا ہے۔ برج اسد کے بچوں کو پیٹ اور گلے کے امراض سے شدید مشکلات پیش آئیں گی۔ اسد کی حامل خواتین سر درد کے عارضہ میں مبتلا رہیں گی۔ ماہ اگست میں آپ کی صحت کا حاکم سیارہ وبال اور مصیبت کے گھر میں ہوگا۔ یہاں سے سال کا بقیہ عرصہ صحت پر شدید قسم کے بُرے اثرات کی نشاندہی کرتا ہے۔ اسد کی عمر رسیدہ خواتین گرنے یا چوٹ لگنے سے چلنے پھرنے سے معذور ہو سکتی ہیں۔

سماجی تعلقات! اس سال ستاروں کی حرکات و سکنات یہ ظاہر کرتی ہے کہ مجموعی طور پر آپ کے سماجی تعلقات متاثر ہوں گے۔ آپ یہ محسوس کریں گے۔ پہلے جیسی پھرتی اور تیزی تعلقات بنانے اور سنوارنے کا فن میں کمی واقع ہوئی ہے۔ جائیداد کی خرید و فروخت کرنے والے اسد کے لوگوں کی ساکھ متنازعہ جائداد کی خرید و فروخت سے متاثر ہو رہی ہے۔ اسد کے لوگوں کو محتاط رہنا ہوگا کہ وہ کسی کے خلاف زبانی اور تحریری بیان حلفی غلط دے رہیں ہیں۔ جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ زحل کی بارہویں گھر میں موجودگی آپ کے مزاج میں خود غرضی پیدا کر رہی ہے۔ آپ کے ساتھ کام کرنے والے لوگ آپ کے مزاج اور رویے سے بہت تنگ ہیں۔ دوسری طرف آپ کے زائچے کے ساتویں گھر میں مریخ کی موجودگی آپ کے کاروباری شراکت داروں کو بھی متاثر کر رہی ہے۔ ماہ اگست میں زحل سیارہ آپ کے طالع میں ہوگا۔ سال کے گزشتہ مہینوں کی نسبت یہ عرصہ خطرناک ثابت ہوگا۔ کسی غیر سرکاری تنظیم کے کسی اہم ترین عہدہ سے آپ کو ہٹایا جانے کا امکان ہے۔

شراکتی و ازدواجی معاملات! سال کا ابتدائی عرصہ آپ کی ازدواجی زندگی میں خوشی اور راحت پیدا کر رہا ہے۔ آنے والے وقت کے لئے سیارگان کی بدلتی پوزیشن اس لحاظ سے پریشان کن ہے۔ آپ کے زائچے کے پانچویں

گھر میں پلوٹو کی رجعت اولاد کی نافرمانی اور بغاوت کو ظاہر کر رہی ہے۔ جس کی وجہ سے آپ کی ازدواجی زندگی تلخی کا شکار ہوتی جا رہی ہے۔ آپ کے لئے اس سال اگست ستمبر کا مہینہ خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ زحل ڈھائی سال کے بعد آپ کے طالع میں براجمان ہے۔ اس وقت یہ آپ کے بیت الزوج کے مقابلے پر ہے۔ ماضی قریب میں معمولی نوعیت کے تنازعات اور اختلافات نئے سرے اور نئے رنگ سے ایک بہت بڑی جنگ کی شکل میں آ رہے ہیں۔ زحل کی وبال کی کیفیت اسد کے لوگوں کو ازدواجی زندگی سے فرار اور علیحدگی پر مجبور کر رہی ہے۔ اگر دانشمندی اور سنجیدگی سے حالات و واقعات کو نہ سمجھا گیا تو نا صرف ازدواجی معاملات خراب ہو نگے۔ بلکہ آپ کے گھر اور خاندان کا سسٹم بھی تباہ ہوگا۔ سیارہ زحل کی نحوست آپ کے شراکتی معاملات پر بھی اسی شدت کے ساتھ اثر انداز ہوگی۔

اولاد۔ انعامی بانڈز۔ لاٹری! سارا سال پلوٹو آپ کے بیت اولاد میں حرکت میں رہے گا۔ اسد کے وہ لوگ جن کے بچے بیرون ممالک میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ خدشہ ہے کہ اس سال وہ اپنی تعلیم ادھوری چھوڑ دیں گے۔ اسد کے بے اولاد لوگوں کے لئے بھی یہ سال کچھ اچھے اثرات کا حامل نہیں ہے۔ البتہ سال کی آخری سہ ماہی اسد کی خواتین کو اولاد نرینہ کی خوش خبری ملے گی۔ ماہ جنوری، مارچ، اپریل اور نومبر لاٹری انعامی بانڈ اور گھوڑ ریس کے لیے بہترین مواقع ہیں۔ کامیابی کے لئے جمعرات اور سوموار کے دن کا انتخاب کئے جانا بہتر نتائج دے گا۔ بیرون ممالک مقیم اسد کے لوگ کسی بھی انعامی سکیم میں حصہ لینے سے گریز کریں۔

سفر! جنوری تا دسمبر راہو آپ کے بیت السفر میں رہے گا جو آپ کے بیرون ملک کے مفادات کو نقصان پہنچائے گا، ماہ اگست تک زحل آپ کے بیت السفر کو دسویں ناقص نظر سے دیکھ رہا ہے۔ اسد کے حامل خواتین و مرد بیرون ممالک میں مذہبی رسومات کی ادائیگی کی پاداش میں مشکلات میں پھنس جائیں گے۔ البتہ اس سال اسد کے حامل لوگوں کا بیرون ملک جانے کا رجحان بڑھتا ہوا نظر آتا ہے۔ اگرچہ ساڑھ ستی کی نحوست آپ کے معاملات میں التواء اور رکاوٹیں پیدا کر رہی ہے۔ پھر بھی مارچ، اپریل، جولائی کے مہینے اس مقصد کے لیے بہترین ثابت ہونگے۔ اس بتائے گئے عرصہ میں اسد کے خواتین کے رشتے بالخصوص مغربی ممالک سے آسکتے ہیں۔ اسد کے مردوں کو مشرق وسطی کے ممالک میں روزگار ملنے کے امکانات ہیں۔ یہ بتایا جانا بھی ضروری ہے کہ اسد کے لوگ بیرون ملک سفر کرنے کے لئے صحیح وقت کا انتخاب بھی کریں۔ بصورت دیگر نتائج برعکس ہونگے۔

معیشت۔ کیرئیر۔ روزگار! گزشتہ سال سے آپ معاشی تنگی اور تنگدستی کا شکار چلے آ رہے ہیں۔ اکثر اسد کے لوگ اس پریشان صورت حال کے سبب گھر بار چھوڑ کر دوسرے علاقوں میں بسلسلہ حصول روزگار قیام پذیر ہیں۔ آپ ساڑھ ستی کے روز گار سے گزر رہے ہیں۔ اخراجات کی زیادتی اور آمدنی میں کمی کے باعث آپ کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم اسد کے لوگ تعلیمی اخراجات پورے نہ کر سکنے کی وجہ سے اپنی تعلیم ادھوری چھوڑ دیں گے۔ جن لوگوں کے زائچہ پیدائش میں زحل ناقص تھا۔ یاد رکھیں کہ اب بھی نحس پوزیشن پر ہے۔ اسد کے وہ لوگ بیروزگاری اور کاروبار میں شدید نقصان کے باعث خودکشی جیسا اقدام بھی کر سکتے ہیں۔ ماہ اگست میں زحل آپ کے بیت الطالع میں ہوگا یہاں سے دوسرا ساڑھ ستی کا نحس ترین دور شروع ہو رہا ہے۔ پہلے دور کی نسبت اس کے اثرات نحس ترین ہونگے۔ اس عرصہ میں آپ کسی عزیز رشتہ دار کی جائیداد وغیرہ بھی ہتھیانے کے خیال میں ہیں۔ زحل آپ کے طالع میں رہ کر آپ کے زائچہ کو دسویں نحس نظر سے دیکھ رہا ہے۔ زحل اس وقت مصیبت اور وبال کے گھر میں ہے سرکاری ملازمین اعلیٰ عہدہ دار اور بیوروکریٹ کے لیے تنزلی اور ملازمت سے برخواست کئے جانے کے خطرات موجود ہیں۔ اسد کی وہ خواتین جو بیوٹیشن اور بوتیک کا کام کرتی ہیں۔ ان کے کاروبار کی جگہ پر آتش زدگی کا واقعہ بھی پیش آسکتا ہے۔ انتہائی احتیاط کی ضرورت ہے۔ شاکست اور اجناس کی خرید و فروخت کرنے والے لوگ اس سال شدید مالی بحران کا شکار ہو جائیں گے۔ اس ساری صورت حال کے پیش نظر اسد کے لوگوں کو کسی بھی قسم کا شارٹ کٹ اور رسک لینے سے ان کی مشکلات میں اضافہ ہوگا۔

منگنی شادی! اس سال اسد کی خواتین اور مردوں کی منگنی، نکاح اور رشتے ایک سے زیادہ جگہوں پر ختم ہوں گے۔ سال کے شروع میں مریخ آپ کے زائچہ کے پانچویں گھر میں منفی اثرات کا حامل ہے۔ نحس اکبر سیارہ مریخ کی چوتھی نظر دیرینہ طے شدہ رشتوں کو ختم کرا دے گی۔ مشتری کی رجعت دوسرے لوگوں کے ساتھ تعلقات استوار کرنے میں منفی رول ادا کرے گی۔ اسد کے مرد اور خواتین میں اس سال طلاق کی شرح میں بھی اضافہ آ رہا ہے۔ البتہ بعض اسد کی کم عمر خواتین کو خوش شکل شریک حیات بھی ملے گا۔ کیونکہ کی روز مرہ بدلتی ہوئی حالتیں عمر رسیدہ اسد کی خواتین کو ذہنی مسائل کا شکار کر رہی ہیں۔

خصوصی احکامات! اسد کے لوگوں کو اس سال خصوصی ہدایت کی جاتی ہے۔ کہ مہم جوئی سے باز رہیں۔ اس سال آپ کو مختلف نوعیت کی عدالتی کارروائیوں سے پریشانی رہے گی۔ بالخصوص ماہ ستمبر میں کسی چوری یا چوری شدہ مال کی بازیابی کی کوششیں اور مایوسی سے آپ پریشان ہوں گے۔ نحس اکبر کی طالع میں موجودگی اس سال کی سب سے بڑی کوئی تبدیلی ہے۔ راہو آپ کے 9 ویں گھر میں سارا سال موجود رہے گا زحل کی دسویں نظر آپ کے بہن بھائیوں کے ساتھ اختلاف اور تنازعہ پیدا کر رہی ہے۔ اس سال مختلف مواقع پر عطارد رجعت اختیار کرے گا۔ والدین آپ کے ساتھ سرمائے کا تعاون نہیں کریں گے۔ اس سال دوست احباب

مالی تعاون کی پیش کش ضرور کریں گے۔ لیکن یہ بات صرف پیش کش کی حد تک ہوگی۔ اس سال کوئی بھی نیا کام شروع نہ کریں۔ اکثر اسد کے لوگ ایک سے زیادہ کاروبار کر کے حصول رزق کے لیے قسمت آزمائی کریں گے۔ اس سال زحل آپ کے طالع میں رہ کر آپ کے زائچے کے 10ویں گھر بیت العزت اور تیسرے گھر بیت الاقرب پر نظر رکھے گا۔ آپ کے مالی معاملات شدید دباؤ کا شکار رہیں گے البتہ عزیز واقرباء کی طرف سے تعاون جاری رہے گا۔ مجموعی طور پر یہ سال اسد کے لوگوں کے لئے کسی بڑے امتحان سے کم نہیں ہوگا۔ آپ کی بہتر منصوبہ بندی ہی آپ کو سسٹم چلانے میں مددگار ثابت ہوگی۔

صدقات! نئے چاند کے پہلے اتوار کو سوا کلو دال چنا، چھ اسرخ مرغی اسرخ بکرا اپنے قد کے برابر سرخ یا نارنجی رنگ کا ریشمی کپڑا بوقت طلوع آفتاب صدقہ دیں۔ صدقہ کے تمام لوازمات ان میں سے کوئی بھی صدقہ کیا جا سکتا ہے۔ صدقہ کی ادائیگی کے وقت گھر میں یا کاروبار کی جگہ پر عود اور سرخ صندل کی دھونی دیں۔

سال کا ورد! (اَلْحَیُّ الْقَیُّوْم) 313 مرتبہ یومیہ

البرج: سنبلہ	VIRGO	سیارہ: عطارد



حروف	پ، ٹ
عنصر	خاکی
رنگ	ہلکا سبز
دن	بدھ
عدد	5
پتھر	فیروزہ، زمرد، زبرجد
موافق برج	جدی، ثور
ناموافق برج	اسد، قوس، حوت

بیماریاں: معدہ، جگر، آنتوں کی بیماریاں، اعصابی کمزوری کی تکلیف

اہم نکات! اس سال مجموعی طور پر ماہ اگست تک سیارگان کی پوزیشن آپ کے حق میں رہے گی۔ گزشتہ برس سعد اکبر کوکب مشتری آپ کے زائچے کے بیت المال میں بحالت اوج آیا ہے اور کم و بیش رواں سال کے ماہ اکتوبر تک یہیں پر حرکت پذیر رہے گا۔ اس سیارہ کی کاسمک شعاعیں آپ کے مالی استحکام، حصول مال و دولت، فراخی رزق میں بھرپور رول ادا کر رہی ہیں۔ اس کے برعکس نحس اکبر کوکب زحل آپ کے زائچے کے بیت الامید میں بے ضرر موجود ہے۔ اس سال والدین کی جائیداد اور وراثت سے بھی فائدہ ہوگا۔ ایک بات تھوڑی سی تکلیف دہ ہے کہ آپ کے بیت المال میں مشتری کے ہمراہ کیتو بھی حرکت پذیر ہے۔ اس کی موجودگی روپیہ پیسہ خرچ کرنے کے معاملہ میں تیزی لا رہی ہے۔ نیا گھر بنانے گھر کی تزئین و آرائش اور نئی گاڑی خریدنے کے وسائل اور اسباب پیدا ہوں گے۔ سعد اکبر کوکب آپ کی شخصیت میں نکھار پیدا کر رہا ہے۔ اس کی 5ویں نظر حاسدوں کے سحر اور جادو سے آپ کو بچا رہی ہے۔ البتہ راہو کی 8ویں گھر میں موجودگی آپ کو بات بات پر مشتعل کر رہی ہے۔ ایک بات ذہن نشین کر لیں کہ حالت استقامت میں مشتری آپ کے روزگار، کاروبار، ملازمتی امور میں بھرپور فائدہ دے گا۔ اس کے علاوہ اس کی رجعت کے عرصہ میں اس کی 9ویں نظر آپ کے کاروبار اور سسٹم کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔

صحت! سارا سال نیپچون آپ کے چھٹے گھر میں موجود رہے گا۔ مارچ تک زحل کی رجعت آپ کی صحت کو متاثر کرتی رہے گی۔ کسی بہن و بھائی کی علالت اور بیماری کی شدت پریشانی کا باعث ہوگی۔ ماہ اپریل میں نحس اکبر سیارہ مریخ انتہائی ناقص اثرات کے ساتھ آپ کے چھٹے گھر میں بیٹھا ہے۔ اس عرصہ میں بھی آپ کو اپنی صحت اور حفظ و امان کے سلسلے میں چوکنا رہنا ہوگا۔ سال کے وسط سے زوجہ کی بیماری پیچیدگی اور طوالت اختیار کر جائے گی۔ سب سے اہم بات یہ ہوگی کہ گیارھویں میں زحل کی موجودگی اور اس کی دسویں نظر انتہائی خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔ یہ کیفیت حادثات لاتی ہے۔ فوری طور پر سرجری کراتی ہے۔ اس عرصہ میں ڈراؤنے خواب دیکھنا، دشمن کا خوف، گردے اور مثانے کے امراض کا پیدا ہونا اس کا فطری عمل ہے۔

سماجی تعلقات! اس سال آپ کے سوشل تعلقات اور سماجی معاملات اونچ نیچ کا شکار رہیں گے۔ زحل کی تیسری نظر آپ کی شخصیت میں منفی رجحانات پیدا کر رہی ہے اس کے باعث مجموعی طور پر آپ کے بارے میں لوگوں کی رائے بہتر نہیں رہی۔ آپ کی غیر منطقی گفتگو اور کمزور دلائل آپ کی شخصیت کو متاثر کر رہے ہیں۔ سارا سال آپ سے ایسی حرکتیں سرزد ہوں گی۔ جو آپ کے وقار اور پوزیشن کے برعکس ہوں۔ **2005**ء اہل سنبلہ کے لئے اس بات کی طرف واضح اشارہ ہے کہ پرانی دوستیاں غیر محسوس انداز میں ختم ہوتی جا رہی ہیں۔ غیر سرکاری اداروں میں کام کرنے والے سنبلہ کے لوگ اپنے اردگرد ماحول سازگار نہیں پائیں گے۔ بالعموم ایسے لوگ ادارہ چھوڑنے پر بھی مجبور ہو جائیں گے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اس سال تمام تر بہتر حالات کے باوجود آپ تنگ نظری کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ سیاست میں موجود سنبلہ کے لوگوں کے لئے یہ سال کسی نعمت سے کم نہیں ہوگا۔ زحل ان کو چالاکی اور ہوشیاری سکھا رہا ہے۔

شراکتی و ازدواجی معاملات! یہ بات خوش آئند ہے کہ گزشتہ سال سے یورانس آپ کے زائچے کے ساتویں گھر میں موجود ہے۔ آپ کے شراکتی معاملات کو تقویت دے رہا ہے۔ زوجین کے مابین تعلقات خوشگوار اور مضبوط تر کر رہا ہے۔ مارچ میں شرف زہرہ آپ کی ازدواجی اور خانگی زندگی میں چار چاند لگا رہا ہے۔ مئی میں نحس اکبر سیارہ مریخ آپ کے بیت الزوج میں نحس اثرات کا حامل ہے۔ اچانک خوشگوار ماحول کو میدان جنگ بنا سکتا ہے۔ شراکتی کاروبار میں شراکت دار آپ پر اندھا اعتماد کر رہے ہیں۔ شراکتی کاروبار کو استحکام اور وسعت دینے میں آپ نے کلیدی رول ادا کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ مشترکہ کاروبار میں

اپنے شیئرز کو بڑھا سکیں گے۔ سال کی آخری سہ ماہی میں مشتری کی 5 ویں نظر شراکتی معاملات میں ترقی و استحکام دے رہی ہے۔

اولاد۔ انعامی بانڈز۔ لاٹری! رواں سال حصول اولاد کے لئے اچھے ثمرات کا حامل ہے۔ البتہ مارچ کا مہینہ اس لحاظ سے منفرد ہے کہ اکثر سنبلہ کے لوگوں کے ہاں جڑواں بچے جنم لیں گے۔ سنبلہ کے لوگوں کے بچوں کا تعلیمی کیریئر اس سال شاندار رہے گا۔ لاٹری، انعامی بانڈ اور ریس کا شوق رکھنے والے لوگ بھی وسط سال تک قسمت آزمائی کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے موافق تاریخوں کا انتخاب بہت ضروری ہوگا۔ آپ یہ قطعی نہیں بھولیں گے کہ بے اولاد سنبلہ کے لوگوں کو حصول اولاد کی کوششوں کے لئے ماہ اگست تک بہترین موقع ہوگا۔ بعد اگست کو آپ کی حرکات و سکنات کے پیش نظر آپ اس نعمت سے آنے والے کئی سال تک اس نعمت سے محروم رہ سکتے ہیں۔ بصورت دیگر شدید مشکلات کا سامنا ہوگا۔

سفر! اہل سنبلہ کے لئے ماہ مارچ میں طویل اور بیرون ممالک سفر کا حاکم سیارہ ثمر یاب ہوگا۔ بہت آسانی اور بغیر کسی دقت کے آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہوتے نظر آرہے ہیں۔ اس کے لئے مارچ، اپریل، جون، ستمبر، نومبر کا عرصہ بہت کارساز گار رہوگا۔ البتہ ماہ اگست میں زحل آپ کے زائچے کے بارہویں گھر میں ہوگا۔ اس کی دسویں نظر آپ کے بیرون ملک کے مفادات قیام، تعلیم، روزگار وغیرہ کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہے۔ سنبلہ کے لوگ اس بتائے گئے عرصہ سے محتاط رہیں گے۔ ماہ اگست میں زحل کا وبال اُن کی اولاد کے تعلیمی کیریئر کو بیرون ملک میں غیر تعلیمی سرگرمیوں میں اُلجھا کر مسائل اور مشکلات پیدا کرتا دکھائی دے رہا ہے۔

معیشت۔ کیریئر۔ روزگار! جیسا کہ گزشتہ سطور میں بتایا گیا ہے کہ ماہ جولائی تک آپ کا کیریئر بہت بہتر انداز میں ترقی کی جانب بغیر کسی رکاوٹ کے سفر کر رہا ہے۔ آپ کے روزگار، حصول زر اور ترقی کے ذرائع میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ خاص بات یہ ہوگی آپ حصول جائیداد، وراثت اور ماضی میں ڈوبی ہوئی رقم حاصل کرنے میں کامیاب ہوں گے۔ توقع کے خلاف بہترین مقام و مرتبہ نصیب ہوگا۔ سنبلہ کے وہ لوگ جو گزشتہ سال سے حسب منشا اور اعلیٰ عہدہ کے منتظر بیٹھے ہیں۔ اس سال خوشخبری سنیں گے۔ سعد اکبر کوکب مشتری گزشتہ سال سے آپ کے بیت المال میں حرکت پذیر ہے۔ اس بات کے پیش نظر مشتری حالت استقامت میں آپ کو جائز اور قانونی ذرائع سے دولت مندی کے اسباب فراہم کرے گا۔ بصورت دیگر جب یہ سیارہ رجعت اختیار کرے گا۔ تو فطری طور پر آپ اپنے سرمایہ دولت اور جائیداد میں اضافہ کے لئے ناجائز ذرائع کا استعمال کریں گے۔ ملازمت کے خواہش مند لوگ اس سال حسب منشا ملازمت کے حصول میں کامیاب ہوں گے۔ اس سال سنبلہ کی خواتین کا رجحان جوڈیشری، پولیس اور بنکنگ کی طرف رہے گا۔

سٹاک ایکسچینج، ڈومیسٹک ٹریڈنگ اور انٹرنیشنل ٹریڈنگ سے وابستہ لوگ اپنے کاروبار میں ترقی کریں گے۔ اس سال کی سب سے بڑی نظام شمسی کی تبدیلی زحل کا گھر بدلنا ہے۔ اگست کا مہینہ آپ کے لئے کسی بڑی خبر سے کم نہیں ہے۔ زحل سیارہ ڈھائی سال کے بعد آپ کے بیت الامید سے بیت الاعداء میں آچکا ہے۔ یہ آپ کی ساڑھ ستی کا پہلا ڈھائی سالہ دور ہوگا۔ کاروبار میں نقصان مقدمات، قید و بند، حکام بالا سے خطرات کا سامنا ہوگا۔ زائچہ کے بارہویں گھر میں زحل کی موجودگی اور تیسری نظر آپ کو مالی طور پر بحران کا شکار کر رہی ہے۔

منگنی شادی! سال نو آپ کے لئے معیاری رشتوں کی خواستگاری کا امین ہے۔ اس مقصد کے لئے اگرچہ جنوری کچھ بہتر نہیں ہوگا۔ البتہ مارچ میں شرف مریخ، حصول رشتہ، شادی، منگنی کے معاملات میں بہت تیزی لائے گا۔ انتہائی خوشگوار ماحول میں معاملات میں بہت تیزی لائے گا۔ زیادہ تر سنبلہ کی بچیوں کے رشتے خاندان بالخصوص ددھیال میں طے پائیں گے۔ ایک بات ہے کہ سنبلہ کے مرد و خواتین اس سال کسی بھی قسم کے افیئر اور معاشقہ میں کامیاب نہ ہو سکیں گے۔ ماہ اگست تک شادی، منگنی اور نکاح کے لئے حالات سازگار رہیں گے۔ سال کے بقیہ حصہ میں اس مقصد میں کامیابی کے لئے شدید رکاوٹیں ہوں گی۔ اس سال سنبلہ کے لوگوں کا رجحان مال اسباب اور جائیداد پر ہوگا۔ سنبلہ کے مرد زیادہ سے زیادہ جہیز کا تقاضہ کریں گے۔

خصوصی احکامات! مشتری آپ کے بیت المال میں حرکت پذیر رہے گا۔ آپ کی تمام تر توجہ کاروبار اور روزگار کے استحکام حصول مال و زر کی طرف رہے گی۔ اس سال قرض کے بوجھ سے نجات ملے گی۔ کاروباری رکاوٹیں ختم ہو جائیں گی۔ سال رواں آپ کے عروج اور کامیابیوں کا سال ہے۔ الیکٹرونکس سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر کمپیوٹر سے متعلق مصنوعات کی خرید و فروخت کا رجحان رہے گا۔ اس سال آپ اپنے لیے صحیح پیشہ کا انتخاب کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ معاشرہ میں عمومی یا خصوصی طور پر شہرت حاصل ہوگی۔ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم سنبلہ کے لوگ میڈلز اور اعزازات حاصل کرنے میں کامیاب ہوں گے۔ ایک بات بہت اہمیت رکھتی ہے کہ اس سال بہن بھائیوں اور والدین کے ساتھ تعلقات سرد مہری کا شکار نظر آتے ہیں۔ آپ اپنے پرانے گھر کی تزئین و آرائش کا انتظام بھی کر رہے ہیں۔ یونانی طب اور حکمت سے وابستہ لوگ کوئی اکسیر بنانے میں کامیاب ہوں گے۔ سنبلہ کے مرد بھرپور طور پر خفیہ سرگرمیوں میں مصروف نظر آتے ہیں۔ البتہ یہ ساری باتیں ماہ جولائی تک نظر آتی ہیں۔ اگست سے نحس اکبر سیارہ زحل آپ کے زائچے کے بارہویں گھر میں آرہا ہے۔ یہاں سے آپ کا مشکل تکلیف دہ اور بحرانی دور شروع ہو رہا ہے۔ دوسری طرف سعد اکبر کوکب مشتری سارا سال آپ کو

پرکشش ماحول فراہم کرتا رہا ہے۔ ماہ نومبر میں یہ اپنے مبارک ترین درجات اور مقام سے جا چکا ہے۔ سیارگان کی بدلتی ہوئی حرکات و سکنات کے پیش نظر ستبلہ کے لوگوں کو زندگی کے ہر شعبہ میں محتاط ہو جانے کی ہدایت کی جاتی ہے۔

صدقات! نئے چاند کے پہلے بدھ کو سوا کلو دال مونگ اتار اسے جلے رنگ کی مرغی اسے جلے رنگ کا بکرا اپنے قد کے برابر سیاہی مائل سبز ریشمی کپڑا، بوقت طلوع آفتاب صدقہ دیں۔ صدقہ کے تمام لوازمات یا ان میں سے کوئی ایک بھی صدقہ کیا جا سکتا ہے۔ صدقہ کی ادائگی کے وقت اپنے گھر یا کاروبار کی جگہ پر اگربتی سلگا ئیں۔

سال کا ورد خاص! (اَلْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ) 313 مرتبہ یومیہ

برج: میزان — **LIBRA** — **سیارہ: زہرہ**



اہم نکات! اہل میزان مبارکباد کے مستحق ہیں کہ نظام شمسی کا محسن اعظم کوکب مشتری 13 سال کے بعد ان کے زائچے کے طالع میں بیٹھا ہے۔ کسی بھی شخص کی زندگی میں سعد اکبر ستارے کا بیت الطالع میں ہونا اس کی زندگی کے تمام امور کو چار چاند لگاتا ہے۔ مشتری کی 5 ویں اور 9 ویں نظر غیر متوقع آمدنی روپیہ پیسہ دریافت دفینہ بیرون ملک کے مفادات اعلیٰ تعلیم اور علوم روحانیت کے حصول میں مدد دیتی ہے۔ اس کائنات میں دو طاقتیں موجود ہیں۔ ایک خیر اور ایک شر اسی طرح سعد اکبر مشتری کے مقابلے میں آپ کے بیت العزت زائچے کے دسویں گھر میں نحس اکبر کوکب زحل بھی موجود ہے۔ جو آپ کے پیشہ روزگار ذرائع آمدنی، ملازمتی امور میں رخنہ ڈال رہا ہے۔ زائچے کے چوتھے گھر بیت الارض میں سیارہ مریخ شرفاتی درجات سے گزر رہا ہے۔ والدین کی طرف سے سکھ اور سلامتی کا عندیہ دے رہا ہے۔ البتہ 7 ویں گھر میں راہو کی حرکات و سکنات آپ کو ازدواجی معاملات میں صبر و استقامت اور امن کی تلقین کر رہی ہیں۔ بعد از وسط سال زحل آپ کے زائچے کے 11 ویں گھر میں آئندہ ڈھائی سال کے لئے قیام پذیر ہوگا۔ اگرچہ یہاں پر اس کی موجودگی آپ کے لئے بے ضرر ثابت ہوگی۔ لیکن بعض مواقع پر اس کی نحس نظرات آپ کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔

صحت! اہل میزان اس سال صحت کے معاملے میں گزشتہ سال کی نسبت بہتری محسوس کریں گے۔ یورانس آپ کے چھٹے گھر میں سعد اثرات کا حامل ہے اور ماہ مارچ میں آپ کا حاکم سیارہ زہرہ آپ کی صحت کے گھر میں شرفیاب ہوگا۔ بالخصوص میزان کی وہ خواتین جو گزشتہ کئی سالوں سے مختلف جسمانی، روحانی عوارض کا شکار چلی آ رہی ہیں۔ یہ عرصہ ان کی صحت یابی میں بھرپور کردار ادا کرے گا۔ ماہ مئی میں میزانی افراد کو حادثہ وغیرہ پیش آ سکتا ہے۔ آخری بات جولائی میں زہرہ کا ہبوط ہوگا۔ میزان کی عمر رسیدہ خواتین کو دماغی امراض کا شکار کر سکتا ہے۔ ماہ اگست میں زحل آپ کے گیارھویں میں موجود ہوگا۔ اس عرصہ میں نحس اصغر سیارہ مریخ آپ کے زائچے کے 8 ویں گھر میں بیٹھا ہے۔ زحل کی 10 ویں نظر آپ کو کسی عزیز کی طرف سے بُری خبر سنا رہی ہے۔

سماجی تعلقات! اس حوالے سے سال کی پہلی سہ ماہی آپ کے خلاف افواہوں پر مبنی ہے۔ خفیہ دشمن اور مخالفین آپ کے بارے میں غلط قسم کا پروپیگنڈہ کریں گے۔ بنیادی طور پر آپ کی کاروباری ساکھ اور نیک نامی حاسدین کے لئے تکلیف کا باعث ہے۔ آپ کے مخالفین اپنے ارادوں میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ مارچ میں شرف مریخ اور شرف زہرہ آپ کی افرادی قوت اور حامیوں کی تعداد میں اضافہ کر رہا ہے۔ دراصل سعد اکبر سیارہ مشتری آپ کے طالع میں موجود ہے۔ یہ آپ کی عزت وقار شہرت میں بھرپور اضافہ کر رہا ہے۔

شراکتی و ازدواجی معاملات! جیسا کہ گزشتہ سطور میں بتایا جا چکا ہے۔ کہ مشتری آپ کے طالع میں بحالت اوج بیٹھا ہے۔ آپ کا بیت الزوج اس کے سامنے ہے۔ ازدواجی زندگی میں انتہائی خوش گوار ماحول نصیب ہوگا۔ بالخصوص ماضی کے اختلافات، تنازعات اور علیحدگی کسی ہمدرد اور بہی خواہ کی بدولت صلح میں بدل جائے گی۔ آپ کی ازدواجی معاملات کا حاکم سیارہ مارچ میں مثبت اثرات کا حامل ہوگا۔ میزان کی حامل مرد و خواتین اپنی ازدواجی زندگی میں مضبوط گرفت پائیں گے۔ اس عرصہ میں بیرونی مداخلت کو روکنے میں بھی کامیاب ہو جائیں گے۔ شراکتی اور سانجھے کے کاروبار میں استحکام رہے گا۔ میزان کے لوگ اس سال زیادہ تر شراکت داری میں ہی اپنے کاروبار، بزنس وغیرہ کو ترقی دیں گے۔ گروپ آف کمپنیز کی شکل میں کاروبار کا رجحان زیادہ نظر آتا ہے۔ اس سال اکثر میزانی افراد سلیپنگ پارٹنر کے طور پر بھی کام کریں گے۔ سیارہ مشتری کی رجعت کے عرصہ میں شراکت داروں میں اختلاف رائے اور کاروبار سے علیحدگی کی باتیں ہوں گی۔ اس عرصہ میں میزان کے لوگوں کو محتاط رویہ اختیار کرنا چاہئے۔ اس تمام تر صورت حال کے پیش نظر یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ ماہ اگست میں زحل سیارہ بحالت وبال ہوگا۔ اس کی دسویں نظر آپ کے ازدواجی و شراکتی معاملات میں کسی بھونچال سے کم نہیں ہوگی۔

اولاد۔ انعامی بانڈز۔ لاٹری! سعد اکبر کوکب مشتری کی پانچویں نظر آپ کے زائچے کے بیت الاولاد پر ہے۔ اولاد کے جملہ معاملات، تعلیم، کیریئر، صحت، شادی وغیرہ میں میزانی افراد کو خوشی اور راحت نصیب ہوگی۔ گذشتہ کئی سالوں سے بے اولاد میزان کی خواتین رواں سال میں اولاد کی خوش خبری پائیں گی۔ اس سال میزان کے وہ لوگ جو انعامی بانڈز اور لاٹری میں قسمت آزمائی کرتے رہتے ہیں۔ سال رواں بہترین ثابت ہوگا۔ اس مقصد کے لئے صحیح وقت کا انتخاب کرنا ضروری ہوگا۔ بیرون ملک میں مقیم میزان کے لوگ لاٹری سے ایک خطیر رقم حاصل کر لیں گے۔ البتہ ماہ اگست کے بعد اس مشغلہ کے لئے انتہائی محتاط رہنا ضروری ہوگا۔

سفر! سال بھر اہل میزان کے لئے بیرون ملک سفر بغرض تعلیم، ملازمت اور حج و زیارات کے لئے انتہائی سازگار ثابت ہوگا۔ مارچ میں میزانی خواتین کو جو بیرون ملک بالخصوص یورپ میں مقیم ہیں۔ امیگریشن اور حکام کی طرف سے قیام کا اجازت نامہ مل جائے گا وہ میزانی افراد جو بیرون ملک حصول تعلیم کے لئے اپلائی کر چکے ہیں۔ اِن کو متعلقہ اِدارے میں داخلہ مل جانے کے امکانات ہیں۔ ماہ ستمبر میں میزان کے لوگ جو گذشتہ کئی سالوں سے بیرون ممالک میں مختلف مقدمات میں ملوث قید کی سزا کاٹ رہے ہیں۔ اُن کی رہائی کے اسباب نظر آ رہے ہیں۔ اس سال چھوٹے سفر معمول کا حصہ رہیں گے۔ کاروباری افراد کے ایسے سفر مالی منفعت اور روزگار کی ترقی کا سبب بنیں گے۔

معیشت۔ کیریئر۔ روزگار! سال رواں میں سعد اکبر سیارہ مشتری آپ کے طالع میں بیٹھا ہے۔ اس کی 5 ویں اور 9 ویں نظر آپ کو غیر متوقع روپیہ پیسہ اور آمدنی دے رہی ہے۔ میزانی لوگوں کے بیرون ممالک میں مستقل کاروبار بہتر انداز میں جاری و ساری ہے۔ ایک بات جو بہت اہمیت رکھتی ہے۔ اس سال نحس اکبر سیارہ زحل آپ کے بیت العزت میں موجود رہے گا۔ جنوری اور فروری میں اس کی رجعت آپ کے کاروباری معاملات کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ خانگی جائیداد کی تقسیم اور وراثت کے معاملات بھی التواء در التواء کا شکار ہوتے جا رہے ہیں۔ اسی عرصہ میں مشتری کی رجعت غیر متوقع غیر تعمیری کام میں آپ کا روپیہ اور سرمایہ ضائع کر رہی ہے۔ ماہ جولائی میں آپ کے زائچے کے 7 ویں گھر میں نحس اکبر سیارہ مریخ موجود ہوگا۔ دوسری طرف دسویں گھر میں شمس اور زحل بھی بیٹھے ہیں۔ مریخ کی چوتھی نظر آپ کے روزگار، کاروبار، فیکٹری، مل و دیگر اس نوعیت کے کاروبار کو نقصان سے دوچار کر رہی ہے۔ جس میں آپ معاشی بدحالی اور تنگ دستی کا شکار ہو سکتے ہیں۔ البتہ ماہ اگست میں زحل آپ کے دسویں گھر سے نکل جائے گا۔ یہ وہ عرصہ ہے جن میں آپ خوش حال نہیں ہوں گے۔ لیکن مزید نقصانات سے بچ جائیں گے۔ یاد رہے زحل کی آپ کے زائچے کے گیارہویں گھر میں موجودگی اس کے دبال کی کیفیت ہے۔ انکم ٹیکس کی ریکوری کا معاملہ بھی آپ کو پریشان کر رہا ہے۔ ماہ اکتوبر میں مشتری آپ کے بیت المال میں ہوگا اس کی 9 ویں نظر آپ کو مجموعی طور پر مالی و کاروباری امور میں سپورٹ کر رہی ہے۔ سرکاری ملازمین رواں سال میں کوئی خاص ترقی نہ کر پائیں گے۔

منگنی۔ شادی! جنوری تا مارچ میزان کی خواتین کے طے شدہ رشتے ختم ہونے کا امکان ہے۔ ماہ اپریل اور مئی احتیاط کا متقاضی ہے۔ اس عرصہ میں میزانی لوگ شادی، نکاح یا رشتہ طے کرنے میں جلد بازی کا مظاہرہ نہ کریں۔ اکثر خاندان میں طے ہونے والی رشتہ داریاں کسی جذباتی لب و لہجہ کے سبب تلخی کا شکار ہو سکتی ہیں۔ ماہ جولائی میں حسب منشا منگنی اور شادی کا بہترین موقع ہوگا۔ اگست میں زحل آپ کے زائچے کے بیت الامید میں آئندہ ڈھائی سال کے لئے موجود ہوگا۔ اس عرصہ میں یہ آپ کی خواہشات پر پانی پھیرے گا۔ خلاف توقع میزان کے لوگوں کے طے شدہ رشتے، منگنی اور نکاح ختم ہو سکتے ہیں۔ احتیاط لازم ہے کہ اس عرصہ میں شادی وغیرہ کا انعقاد نہ کیا جائے۔

خصوصی احکامات! رواں سال میں سیارگان اچھے اور بُرے پیغامات دے رہے ہیں۔ سال کے پہلے سات ماہ نحس اکبر سیارہ زحل آپ کے دسویں گھر میں رہے گا۔ آپ اپنے روزگار، ملازمت اور کاروبار کے حوالے سے شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہوں گے۔ یہ بات طے ہے کہ آپ کا سسٹم کسی نہ کسی طرح سے ضرور چلتا رہے گا۔ مشتری آپ کے طالع میں انتہائی سعد اثرات کا حامل ہے۔ تکلیف دہ بات ہوگی کہ کیتو بھی اس کے ہمراہ حرکت پذیر نظر آتا ہے۔ ایسی صورت میں آپ جلد بازی اور غیر اخلاقی رویوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ غیر ضروری اور لاحاصل سرگرمیوں میں روپیہ پیسہ اُڑا رہے ہیں۔ اس عرصہ میں آپ کچھ نئے تعلقات استوار کرتے نظر آ رہے ہیں۔ جو قطعی طور پر پوشیدہ اور راز دارانہ ہیں۔ عزیز و اقرباء سے آپ کے تعلقات رسمی نظر آتے ہیں۔ دوست احباب کے ساتھ بھی آپ کسی گرم جوشی کا مظاہرہ نہیں کر رہے ہیں۔ اس سال آپ والدین کی طرف سے دی گئی جائیداد یا روپیہ بے مقصد امور میں خرچ کر سکتے ہیں۔ آپ کے اِرد گرد رہنے والے لوگ یہ محسوس کریں گے کہ آپ خود غرض واقع ہو رہے ہیں۔ راہو آپ کے ساتویں گھر میں موجود ہے۔ اس کے اثرات آپ کے ازدواجی معاملات میں تناؤ اور کھچاؤ پیدا کر رہے ہیں۔ اس سال سماجی طور پر آپ کسی کے دُکھ سُکھ میں شرکت نہ کر کے خود کو محدود کر رہے ہیں۔ بعض میزانی لوگ رشتہ طے کرنے کے حوالے سے گوں مگوں کا شکار رہیں گے۔ ماہ اگست کے بعد آپ مالی آسودگی اور خوش حالی محسوس کریں گے۔ اگرچہ میزانی لوگ اپنی بیوی یا خاوند کی میراث سے بھرپور فائدہ اُٹھائیں گے۔

صدقات! نئے چاند کے پہلے جمعہ کو سوا کلو چاول، انار، لیموں، انگور، سفید مرغی

اسفید بکرا اپنے قد کے برابر سفید ریشمی کپڑا بوقت طلوع آفتاب صدقہ دیں۔ صدقہ کے تمام لوازمات بالا ن میں سے کوئی ایک بھی صدقہ کیا جا سکتا ہے۔ صدقہ کی ادائیگی کے وقت اپنے گھر یا کاروبار کی جگہ پر کافور کی دھونی ضرور دیں۔

سال کا ورد خاص! (الکافیُ الغنیُ) 313 مرتبہ یومیہ

SCORPIO — برج: عقرب — سیارہ: مریخ



[illegible] — [illegible]
عنصر — آبی
رنگ — نیلا - سرخ - سیاہ
دن — منگل
عدد — 9
پتھر — مونگا - عقیق - مرجان
موافق برج — سرطان - حوت
ناموافق برج — دلو - اسد

بیماریاں: [illegible]

اہم نکات! شروع سال سے مجموعی طور پر ستارگان کی پوزیشن متزلزل ہے۔ روزمرہ اخراجات میں زیادتی نظر آ رہی ہے۔ روپیہ تیزی سے خرچ ہو رہا ہے۔ عزیز و اقرباء میں تناؤ کی کیفیت نظر آتی ہے۔ اولاد کے حوالے سے تمام معاملات میں آپ خوش نصیب نظر آتے ہیں۔ گزشتہ سال راہو آپ کے بیت الطالع میں بیٹھا تھا۔ جس کی وجہ سے آپ کے ازدواجی معاملات انتہائی ناخوشگوار رہے۔ اس سال آپ کی ازدواجی زندگی کا حاکم سیارہ خوش گوار ماحول پیدا کر رہا ہے۔ بیرون ملک کے معاملات پر آپ کی گرفت کمزور نظر آ رہی ہے۔ سعد اکبر کوکب مشتری تیرہ سال بعد زائچہ کے بارھویں گھر میں گزشتہ سال سے موجود ہے۔ اس کے سعد ترین اثرات سے آپ روحانی فیض حاصل کر رہے ہیں۔ مجموعی طور پر رواں سال نئے تجربات اور زندگی کی نئی تبدیلیوں کا دور ثابت ہوگا۔ البتہ اس سال کے وسط تک آپ اپنے معاملات میں تھوڑی سی تھکن محسوس کریں گے۔ سال رواں میں کام بہت زیادہ کرنا ہوگا۔ کاروبار کی وسعت اضافہ اور ترقی کے لئے آپ نئے نئے منصوبوں پر عمل کریں گے۔ بعد از جولائی نحس اکبر سیارہ زحل آپ کے بیت العزت میں آئندہ ڈھائی سال کے لئے قیام پذیر ہوگا۔ اس عرصہ میں آپ کو کاروباری، معاملات، روزگار اور ملازمتی امور میں بے شمار پریشانیوں کا سامنا ہے۔

صحت! اس سال صحت کی طرف سے آپ کو کافی پیچیدگیوں کا سامنا رہے گا۔ راہو شروع سال سے آپ کے بیت الصحت میں موجود ہے اور سارا سال یہاں پر قیام کرے گا۔ اندرونی و پوشیدہ جسم کے امراض پیش آئیں گے۔ ماہ مئی کسی سرجری سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ اس سال عقرب کی حامل خواتین کو گردے اور لیور جیسے دردوں کے مسائل ہوں گے۔ بروقت معالج سے رابطہ ضروری ہوگا۔ ماہ اگست میں زوجہ / خاوند کی بیماری سے پریشانی ہوگی۔ ماہ اکتوبر، نومبر میں مریخ کی رجعت زوجہ کی بیماری اور مرض کی پیچیدگی مسائل پیدا کر رہی ہے۔ اس سال عقرب کے لوگوں کو اپنی زوجہ کے بارے میں خاص احتیاط کی ہدایت کی جاتی ہے۔ البتہ ماہ اگست کے بعد بچوں کی صحت کے معاملات بہت بہتر ہوں گے۔ آپ کے زائچے کے چھٹے گھر میں سارا سال راہو کی موجودگی اس بات کا واضح اشارہ ہے۔ کوئی عمر رسیدہ دشمن (مرد و عورت) آپ پر سحر جادو بھی کرا سکتا ہے۔ آپ پر لازم ہے کہ آپ بتائے گئے صدقات سے دوری کی تیاری کریں۔

سماجی تعلقات! آپ کے سماجی تعلقات کا حاکم سیارہ زحل بنتا ہے۔ اس ضمن میں زہرہ بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرتا ہے۔ سال کی ابتداء سے آپ کی سماجی و معاشرتی سرگرمیاں قابل ذکر نہیں ہیں۔ مارچ اس حوالے سے بہت تقویت دے رہا ہے۔ شرف مریخ آپ کو انتہائی قابل قدر اور معاشرے کے انتہائی اہم طبقہ میں باوقار انداز سے متعارف کرا رہا ہے۔ اگرچہ سوسائٹی میں آپ کو بہترین مقام ملنے کا سبب آپ کے عزیز و اقارب بھی ہیں۔ گزشتہ سال آپ کی سماجی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور سماجی سرگرمیاں انتہائی محدود رہیں گی۔ راہو کی ناقص پوزیشن آپ کو بڑھنے نہیں دیتی تھی۔ اس سال صورت حال اس کے برعکس ہوگی۔ ماہ مئی میں آپ کی سیاسی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور انتہائی اہم ذمہ داریاں سونپی جا رہی ہیں۔ سیاسی حوالے سے بے شمار سفر بھی پیش آ سکتے ہیں۔ اس سال آپ کسی آرگنائزیشن یا کسی غیر سرکاری فلاحی تنظیم کی بنیاد بھی رکھ سکتے ہیں۔ یہ سال انسانی حقوق کی خدمت کے حوالے سے بہت اہمیت کا حامل ہے۔

شراکتی و ازدواجی معاملات! گزشتہ سال آپ کے ازدواجی معاملات انتہائی بحران کا شکار رہے ہیں۔ راہو نے ایک اُدھم سا مچا رکھا تھا۔ اس سال خانگی و تعلقات مابین زوجین انتہائی خوش گوار ہیں اور بیداری کی طرف جا رہے ہیں۔ مارچ میں شرف زہرہ اور شرف مریخ آپ کی ازدواجی زندگی میں ایک سے زیادہ خوش خبریاں لا رہا ہے۔ بالخصوص عقرب کے وہ لوگ جن کا گزشتہ سال سے اپنے سسرال کے ساتھ تنازعہ اختلاف اور رنجش چل رہی ہے۔ شرف مریخ اُن کو قریب لانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ ماہ اپریل میں خانگی معاملات کے حوالے سے احتیاط برتیں۔ کوئی اجنبی آپ کی زندگی میں اچانک آ رہا ہے۔ میاں بیوی کے درمیان غلط فہمی اور بد اعتمادی کی فضا عارضی طور پر قائم ہو رہی ہے۔ ماہ مئی میں آپ کے ازدواجی معاملات پہلے کی طرح معمول پر ہوں گے۔ بعین اسی طرح شراکتی معاملات بھی گزشتہ سال کی نسبت اس سال استحکام پذیر ہوں گے۔ بالخصوص عقرب کے لوگ اس سال شراکت داری میں زمین اور جائیداد کی خرید و فروخت کرتے رہیں گے۔ اہل عقرب کو خصوصی ہدایت کی جاتی ہے۔ کہ اس سال ٹرانسپورٹ کا کام شراکت میں راس نہیں آئے گا۔ ماہ اگست میں زحل آپ کے دسویں میں ہوگا۔

اس کی دسویں نظر آپ کے شراکتی کاروبار کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہے۔ احتیاط ضروری ہے۔

اولاد۔ انعامی بانڈز۔ لاٹری! اس لحاظ سے عقرب کے لوگ خوش قسمت ہیں کہ ان کے اولاد کا حاکم سیارہ بحالت اوج میں ہے اور گذشتہ سال آپ کے زائچے کے بیت اولاد میں یورانس سعد اکبر اثرات کا حامل ہے۔ مارچ میں تحویل آفتاب، شرف زہرہ اور اپریل میں شرف شمس اولاد کے معاملات بالخصوص تعلیم صحت اور حصول اولاد کے حوالے سے انتہائی مبارک ثابت ہوگا۔ اس سال عقرب کے حامل لوگوں کے ہاں پیدا ہونے والے بچے والدین کے لئے خوش بختی کا سبب بنیں گے گذشتہ کئی سالوں سے عقربی خواتین جو کائی کے مسائل کے سبب حصول اولاد کے مقصد میں کامیاب نہ ہوسکیں تھیں۔ اس سال خوش خبری نصیب ہوگی۔ اہل عقرب، لاٹری، انعامی بانڈ اور اس نوعیت کی دوسری سکیموں میں بھرپور طریقے سے حصہ لے سکتے ہیں۔ یہ سال آپ کے انتہائی سازگار اور خوش بختی کا سبب بنے گا

سفر! یہ امر تکلیف دہ ہے کہ آپ کے بیت السفر میں گذشتہ سال سے نحس اکبر سیارہ زحل بیٹھا ہے۔ سال کی ابتداء سے ہی رجعت اختیار کیے ہوئے ہے۔ ماہ جنوری اور فروری میں مریخ کی 9ویں نظر آپ کے بیرون ملک مفادات امیگریشن تعلیم و روزگار کے لئے مسائل اور مشکلات پیدا کر رہی ہے۔ یہ عرصہ ان مقاصد کے لئے قطعی طور پر خطرناک ثابت ہوگا۔ اس سال کے وسط تک دوران سفر اشیاء کی گمشدگی اور سفری مشکلات پیش آئیں گی۔ البتہ ماہ اگست میں نحس اکبر سیارہ زحل آپ کے سفر کے گھر کو چھوڑ دے گا۔ ماہ نومبر میں مشتری آپ کے طالع میں ہوگا۔ مشتری کی 9ویں نظر آپ کے بیت السفر پر ہوگی سارا سال کی اپنی کوشش اس عرصہ میں رنگ لائے گی اور آپ بیرون ملک سفر کرنے میں کامیاب ہوسکیں گے۔

معیشت۔ کیرئیر۔ روزگار! سعد اکبر سیارہ مشتری گذشتہ سال سے پہلے ہی آپ کے زائچے کے 12ویں گھر میں اوج کے درجات سے گزر رہا ہے۔ عقرب کے حامل لوگ روحانی امداد کی بدولت اپنے کیرئر میں خاصی ترقی کر چکے ہیں۔ سال رواں میں آپ کا حاکم سیارہ ماہ مارچ میں شرفیاب ہوگا۔ اس کی آٹھویں نظر آپ کے کیرئر، روزگار اور معاشی ترقی میں اضافہ اور استحکام کا سبب ہے۔ ماہ اپریل میں آپ کے بیت العزت کا حاکم سیارہ شمس شرفیاب ہوگا۔ بے روزگار عقرب کے لوگ حسب منشاء روزگار حاصل کرنے میں کامیاب ہوں گے۔ ملازمت پیشہ عقربی لوگ اس سال ایک سے زیادہ کاروبار شروع کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں اور کسی حد تک اس میں کامیاب ہوں گے۔ سال رواں میں آپ روپے پیسے کی سیونگ کی طرف بھرپور توجہ دے رہے ہیں۔ آپ کے بیت المال کا حاکم سیارہ گذشتہ سال سے ہی سعد اثرات لے کر بیٹھا ہے۔ جو آپ کے رزق مال اسباب میں غیر متوقع طور پر اضافہ کر رہا ہے۔ مشتری کی 5ویں نظر آپ کو والد کی میراث اور والدہ کی طرف سے مالی سپورٹ کا اشارہ بھی دے رہی ہے۔ مشکل اور آڑے وقت میں آپ کی زوجہ بھی مالی سپورٹ کر سکتی ہے۔ البتہ سیارہ مشتری کی رجعت کے عرصہ میں آپ کو اپنے کاروبار فیکٹری یا بزنس میں بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔ ماہ جولائی میں امپورٹ، ایکسپورٹ اور انٹرنیشنل ٹریڈنگ سے وابستہ عقربی افراد بھرپور نفع کمائیں گے۔ ماہ اگست میں زحل آپ کے بیت العزت یعنی رزق، روزگار کے گھر میں آئندہ ڈھائی سال کے لئے آرہا ہے۔ اس عرصہ میں آپ کا کاروبار روزگار مشکلات کا شکار نظر آتا ہے۔ سرکاری ملازمین کے لئے یہ عرصہ بہت بھاری ثابت ہوسکتا ہے۔ اب آپ کو انتہائی احتیاط کے ساتھ اپنے سلسلہ روزگار کو جاری رکھنا ہوگا۔

منگنی شادی! حسب منشا شادی کے لئے یہ سال موزوں ترین ہے۔ اس سال اکثر عقربی خواتین کے معیاری رشتے ہوں گے۔ عقرب کے حامل مردوں کا رجحان ملازمت پیشہ خواتین کی طرف رہے گا۔ اکثر عقربی لوگوں کی شادیاں انتہائی مذہبی انداز میں ہوں گی۔ ماہ مارچ میں عقرب کے لوگ کسی افیئر میں مبتلا ہوسکتے ہیں۔ جو کہ خالصتاً ان کے لئے دھوکہ اور گمراہی ہوگا۔ مئی جون میں طے شدہ ماضی کی رشتہ داریاں ختم ہونے کا امکان ہے۔ ماہ نومبر میں سیارہ مشتری آپ کے طالع میں ہوگا۔ اس کی 5ویں نظر غیر شادی شدہ افراد کے لئے بخت کشائی کا سبب بنے گی۔

خصوصی احکامات! بنیادی طور پر یہ سال بے شمار خوشگوار واقعات کا حامل ہے۔ اس کی سب سے بڑی کڑی اہمیت یہ ہے کہ سعد اکبر و محسن اعظم سیارہ مشتری آپ کے زائچہ کے 12ویں گھر میں موجود ہے۔ اپنی فطرت کے مطابق یہ سیارہ کم و بیش تیرہ سال کے بعد یہاں آیا ہے۔ دیگر امور منسوبات کے علاوہ اس کی سب سے بڑی خوبی یہ ہوگی۔ کہ اس سال عقرب کے لوگ مذہبی و روحانی ریاضتوں کی طرف زیادہ توجہ دیں گے اور یقیناً اس کا ثمر بھی حاصل کریں گے۔ بالخصوص عقرب کی خواتین علوم روحانی و نجی کے درس و تدریس و حصول میں سرگرم نظر آتی ہیں۔ دوسرا پہلو اس کا یہ ہوگا کہ اکثر عقربی لوگ خفیہ امور میں ملوث پائے جائیں گے۔ خوبصورت عورتوں کے ساتھ ان کے معاشقے منظر عام پر آئیں گے۔ نحس اکبر سیارہ زحل کی بیت السفر میں موجودگی آپ کے بیرون ملک اور اعلیٰ تعلیم کے مفادات کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ یہ بات خوش آئندہ ہے کہ اس سال آپ کا حاکم سیارہ مریخ شرفیاب ہوگا۔ جو آپ کی شخصیت میں نکھار اور فزیکل قوتوں میں اضافہ کرے گا۔ یاد رہے زحل سیارہ ماہ اگست آپ کے کیرئر، روزگار اور روپیہ کمانے کے وسائل کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ تسخیر خلائق میں بھرپور کردار ادا کرے گا۔ ماہ نومبر میں مشتری آپ کے طالع میں ہوگا۔ یہ آپ کے بیت المال کا حاکم ہے۔ اس لحاظ سے آپ کے کاروبار، روزگار کی ڈوبتی کشتی کو سہارا دے رہا ہے۔ بیرون ملک سے

معاملات اور ہموار استے نکل رہے ہیں۔ حرفِ آخر کے طور پر یہ بتانا ضروری ہے کہ اس سال عقربی لوگ نئے تجربات سے گزریں گے۔ یہ سال اِن کیلئے انقلابی ثابت ہوگا۔

صدقات! نئے چاند کے پہلے منگل کو سوا کلو دال مسور، دال چنا، چنا، سرخ رنگ کی مرغی یا سرخ بکرا یا اپنے قد کے برابر سرخ ریشمی کپڑا، بوقت طلوع آفتاب صدقہ دیں۔ صدقہ کے تمام لوازمات یا ان میں سے کوئی ایک بھی صدقہ کیا جا سکتا ہے۔ صدقہ کی ادائیگی کے وقت اپنے گھر یا کاروبار کی جگہ پر سرخ صندل کی دھونی ضرور دیں۔

سال کا وردِ خاص! (اَلْقَوِیُّ الْقَادِرُ) 313 مرتبہ یومیہ

برج: قوس — SAGITTARIUS — ستارہ: مشتری



	ب
	آتش
	سفید، سبز
	جمعرات
	3
	فیروزہ، گارنیٹ، جوہر
	اسد، حمل
	حوت، ثور، سرطان، عقرب

بیماریاں: عرق النساء، معدہ کی جلن، ہاضمہ کی خرابیاں

اہم نکات! قوس کے لوگوں کے لئے سال خوشیوں بھرا سال ہے۔ مجموعی طور پر سیارگان کی پوزیشن آپ کے حق میں انتہائی بہتر ہے۔ سال کے شروع میں زہرہ اور مریخ آپ کے طالع میں موجود ہے۔ عطارد آپ کے بیت المال میں حرکت پذیر ہے۔ زحل آپ کے زائچے کے گیارہویں گھر بیت الامید میں ہے۔ ماہ مارچ میں آپ کے بیت المال میں مریخ شرفیاب ہوگا۔ اس کی چوتھی اور آٹھویں نظر آپ کے مالی معاملات میں استحکام کا سبب بن رہی ہے۔ ماہ اپریل میں شمس آپ کے بیت المال میں شرفیاب ہوگا۔ اولاد کی طرف سے خوشی حسب منشا رشتہ کا طے ہونا اور انعامی سکیموں سے فائدہ حاصل ہونے کا امکان بھی ہیں۔ البتہ اس کے برعکس نحس اکبر کوکب زحل آپ کے زائچے کے 8ویں گھر میں قطعی طور پر نحس اثرات کا حامل ہے۔ آپ کی ازدواجی زندگی میں کسی پیچیدہ مرض کے سبب مشکلات اور مسائل پیدا کر رہا ہے۔ مجموعی طور پر رواں سال آپ مشتری کی سعدتوں سے بہت فائدہ اٹھائیں گے۔

صحت! گزشتہ سال آپ کے بیت الصحت میں راہو حرکت پذیر رہا ہے۔ جوڑوں کا درد گنٹھیا اور ریڑھ کی ہڈی کا مسئلہ درپیش رہا ہے۔ دوسری طرف سحر اور جادو کے اثرات بھی نظر آتے ہیں۔ جن سے وقتاً فوقتاً مختلف عوارض کا شکار رہیں ہیں۔ امسال راہو آپ کا بیت الصحت چھوڑ چکا ہے۔ جب کہ زحل کی آپ کے زائچہ کے 8ویں گھر میں موجودگی اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ بالخصوص قوس کے عمر رسیدہ لوگوں میں ہارٹ ٹربل اور سکتہ کی کیفیت ظاہر ہوگی۔ اس عرصہ میں زحل کی رجعت ایک انجانے خوف میں مبتلا کر رہی ہے۔ ماہ جولائی میں نحس اکبر سیارہ مریخ کی چوتھی نظر آپ کو سرجری کی طرف لے جا رہی ہے۔ دیگر اس عرصہ میں کسی حادثہ کا امکان بھی موجود ہے۔

سماجی تعلقات! اس سال آپ کے معاشرتی اور سماجی تعلقات پہلے کی نسبت بہتر ہیں۔ البتہ آپ کی سوشل سرگرمیوں میں تیزی ماہ مارچ میں نظر آتی ہے۔ اپریل میں عزیز و اقرباء اور قریبی رشتہ داروں کے ساتھ خاندانی امور پر تنازعہ اور اختلاف بڑھ سکتا ہے۔ مئی اور جون میں والدین کے ساتھ اختلاف رائے پیدا ہوگا۔ یہ وہ عرصہ ہے جس میں آپ اپنے آپ کو قطعی طور پر اکیلا محسوس کریں گے۔ سیاسی حوالے سے آپ نے جس گروپ کا انتخاب کیا ہے۔ اس سال اس کی ساکھ ڈوبتی نظر آ رہی ہے۔ ماضی کی قربانیاں اور وفاداریاں بے قیمت ہو رہی ہیں۔ اس لحاظ سے قوس کے لوگوں کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ سیاسی و سماجی معاملات میں احتیاط سے قدم اُٹھائیں۔ اس سال اکثر قوس کے لوگ صرف اخباری بیانات تک محدود رہیں گے۔

شراکتی و ازدواجی معاملات! اس سال آپ کو شراکتی امور میں بہتری اور ترقی کے مواقع ملیں گے۔ سال رواں میں شراکت داری میں اپنے بزنس کو بڑھا رہے ہیں۔ اس سال قوس کے لوگ شراکت داری میں گارمنٹس، پبلشنگ وغیرہ کا کام کریں گے۔ یہی اُن کے لئے مناسب رہے گا۔ مشتری کی 5ویں نظر آپ کو ایک سرمایہ دار پارٹنر فراہم کر رہی ہے۔ آپ پر بہت زیادہ اعتماد کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ زراعت سے وابستہ مشینری آلات بنانے کی فاؤنڈری بھی زیر تجویز رہے گی۔ یہ تمام امور آپ پارٹنرشپ میں کریں گے۔ آپ کے ازدواجی معاملات آپ کی ذات کی حد تک بہتر رہیں گے۔ مشتری کی 9ویں نظر زوجین کے درمیان خوشگوار ماحول پیدا کر رہی ہے۔ اس کے برعکس نحس اکبر سیارہ زحل آپ کے زائچے کے 8ویں گھر میں بیٹھا ہے۔ زوجہ کے ساتھ بنک بیلنس، پراپرٹی کے معاملات پر تنازعہ شدت اختیار کر سکتا ہے۔ ضروری ہے کہ آپ کواکب کی ان سعد و نحس اثرات کو مدِنظر رکھتے ہوئے بہتر حکمتِ عملی اختیار کریں۔

اولاد، انعامی بانڈز، لاٹری! ماہ مارچ تک حصولِ اولاد کے معاملہ میں خاصی پیچیدگیاں رہیں گی۔ ماہ اپریل میں بے اولاد قوس کے لوگوں کے لئے بہترین موقع ہے۔ اجمالی نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو راہو آپ کے بیت اولاد میں ڈیڑھ سال کا قیام رہے گا۔ اس کی رجعت کے عرصہ میں اولاد کے معاملہ میں مسائل بڑھ جائیں گے۔ قوس کے لوگوں کو اولاد کی صحت اور تعلیم کے معاملہ میں سارا سال مسائل کا سامنا ہوگا۔ قوس کے نوزائیدہ بچوں کو ایک عرصہ تک علاج معالجہ کی

ضرورت پیش آتی رہے گی۔ اس سال انعامی بانڈز لاٹری اور ریس کے شوقین لوگ قسمت آزمائی نہ کریں۔ یاد رہے آپ زائچہ کے 5ویں گھر میں راہو سارا سال قیام کرے گا۔ البتہ مارچ، جولائی میں کسی حد تک کوشش کی جا سکتی ہے۔

سفر! سال کی ابتدا میں آپ کے بیت السفر کا حاکم ناقص اثرات کا حامل ہے۔ پہلی سہ ماہی بیرون ملک بالخصوص یورپی ممالک کے لئے قوس کے لوگ ویزہ اپلائی نہ کریں۔ البتہ ماہ اپریل کا شرف شمس اس مقصد میں کامیاب کر سکتا ہے۔ بیرون ممالک میں مقیم قوس کے لوگ ماہ جولائی تک خوب ترقی کریں گے۔ اس عرصہ میں بے شمار ممالک کی سیر و سیاحت کا موقع بھی ملے گا۔ البتہ ماہ اگست میں زحل آپ کے 9ویں گھر میں آئندہ ڈھائی سال کے لئے قیام پذیر ہوگا۔ اس صورت حال کے پیش نظر بیرون ملک مقیم لوگوں کے لئے مشکلات بڑھیں گی۔ قوس کے لوگوں کو اس عرصہ میں طویل سفر اختیار کرنے میں احتیاط کرنی ہوگی۔ پرائیویٹ ٹرانسپورٹ یا پبلک ٹرانسپورٹ میں ہر قیمتی احتیاط ضروری ہوگی۔ تیز رفتاری سے گریز کریں۔ یاد رکھیں کہ زحل برج اسد میں آنے سے بحالت وبال ہوتا ہے۔ اس کی یہ کیفیت دوران سفر حادثات کا سبب بن سکتی ہے۔

معیشت۔ کیرئیر۔ روزگار! جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ قوس کے لوگ اپنے کاروبار، کیرئیر اور ملازمتی امور میں خاصی ترقی کریں گے۔ آپ کا حاکم سیارہ مشتری گزشتہ سال سے بحالت اوج آپ کے زائچے کے گیارہویں گھر میں بیٹھا ہے۔ ٹرانسپورٹ، تعلقات عامہ، درس و تدریس اس سال موزوں ترین پیشے ہیں۔ اس سال آپ اپنی خواہشوں اور اُمیدوں کی تکمیل کر سکیں گے۔ سعد اکبر مشتری کی 5ویں نظر آپ کے عزیز و اقرباء کو آپ کا گرویدہ بنا رہی ہے۔ اس عرصہ میں آپ کی معلومات کا ذریعہ اور خاندان کے لوگوں کی خبر گیری کے ذرائع بہت مضبوط ہیں۔ ماضی میں آپ کی کوئی جائیداد، وراثت وغیرہ رہی ہے۔ اس سال یا ابھی گفت و شنید کے اور بغیر طاقت کا استعمال کئے۔ آپ کو مل جائے گی۔ آپ کے بیت العزت کا حاکم مارچ میں شرفیاب ہوگا۔ اس کی ساتویں نظر آپ کی دیرینہ خواہش پوری کر رہی ہے۔ آپ ایک عرصہ سے کوئی اعلیٰ قسم کا بزنس کرنا چاہتے تھے۔ جس میں آپ کامیاب ہوتے نظر آتے ہیں۔ اس سال روپیہ کمانے کا رجحان بہت زیادہ رہے گا۔ عموماً قوس کے لوگ شوبز کی صنعت میں روپیہ انوسٹ کرنے کو ترجیح دیں گے۔ ایڈورٹائزنگ کمپنیاں بنانے کا رجحان رہے گا۔ سعادت کی بدولت آپ کو مالی و معاشی استحکام نصیب ہوگا۔

منگنی شادی! جیسا کہ گزشتہ سطور میں بتایا گیا ہے کہ سال رواں میں راہو آپ کے 5ویں گھر میں سارا سال حرکت پذیر رہے گا۔ اس کی موجودگی حسب منشا شادی میں رکاوٹ اور مشکلات پیدا کرے گی۔ اس سال قوس کے لوگ اکثر ز اور معاشقوں میں ناکام نظر آتے ہیں۔ البتہ مشتری کی 9ویں نظر قوس کے غیر شادی شدہ لوگوں کو رشتہ ازدواج میں منسلک کر رہی ہے۔ خصوصی طور پر مارچ میرج کا سلسلہ کامیاب رہے گا۔ ماہ جون میں شادی، منگنی اور نکاح کا انعقاد بہت خوب رہے گا۔ اس سال قوس کے لوگوں کا شادی بیاہ کا رجحان خاندان کی طرف بھی نظر آتا ہے۔ البتہ ایک بات خوش آئین ہے کہ خاندانی طور پر طے کئے گئے رشتے آپ کی کامیاب ازدواجی زندگی کی ضمانت ہیں۔

خصوصی احکامات! بڑی مشکل سے پیدا ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا کے مصداق آپ بہت مدت بعد اپنے اردگرد ماحول میں خوش حالی، ترقی دیکھ رہے ہیں۔ ماضی میں روپے پیسے کی شدید قلت کا شکار رہے ہیں۔ آپ کا حاکم 13 سال بعد اوج یافتہ ہوا ہے۔ معاشرہ اور خاندان میں آپ کی عزت اور وقار میں اضافہ کر رہا ہے۔ کاروبار میں منافع اور نئے بزنس شروع کرنے کی تکمیل پیدا کر رہا ہے۔ اس سال آپ اپنے والدین کی طرف سے بہت خوش اور مطمئن نظر آتے ہیں۔ آپ کے حاکم سیارے کی طاقت و پوزیشن کے باعث دشمن اور حاسد ناکام و نامراد رہیں گے۔ ایک بات بہت اہمیت رکھتی ہے کہ آپ کا حاکم سیارہ کیتو کے ہمراہ حرکت پذیر ہے۔ قوس کے نوجوان طبقہ میں منفی خواہشات کو تقویت دے رہا ہے۔ اگرچہ پلوٹو سارا سال آپ کے طالع میں رہے گا بعض موقعوں پر یہ آپ سے غلط فیصلے بھی کرا سکتا ہے۔ آپ کے بیت الزوج میں زہرہ کا اوج آپ کی ازدواجی زندگی میں خوشیاں پیدا کر رہا ہے۔ ماہ ستمبر میں آپ کاروباری طور پر بہت مستحکم ہوں گے۔ قوس کے ملازمت پیشہ افراد مئی، جون، ستمبر، اکتوبر میں نمایاں طور پر ترقی پائیں گے۔ البتہ اس عرصہ میں حصول ملازمت کے لئے کوشاں قوس کے لوگ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے۔

صدقات! نئے چاند کے پہلی جمعرات کو سوا کلو دال چنا، شکر، ہلدی از زرد رنگ کی مرغی / بکرا / اپنے قد کے برابر زرد ریشمی کپڑا، بوقت طلوع آفتاب صدقہ دیں۔ صدقہ کے تمام لوازمات یا ان میں سے کوئی ایک بھی صدقہ کیا جا سکتا ہے۔ صدقہ کی ادائیگی کے وقت اپنے گھر یا کاروبار کی جگہ پر عود اور کافور کی دھونی ضرور دیں۔

سال کا ورد خاص! (یا کبیر یا مُتعالُ) 313 مرتبہ یومیہ

برج: جدی | **CAPRICORN** | سیارہ: زحل



حروف ـــــ خ، ج، گ
عنصر ـــــ خاکی
رنگ ـــــ سفید، نیلا، فیروزی، سیاہ، گہرا سلیٹی
دن ـــــ ہفتہ
عدد ـــــ 8
پتھر ـــــ فیروزہ، نیلم، بلیو ٹوپاز
موافق برج ـــــ ثور، سنبلہ
ناموافق برج ـــــ حمل، اسد، قوس

بیماریاں: دانتوں کی بیماریاں، اعصابی تکالیف، مرض نسیان، جوڑوں کا درد

اہم نکات! شروع سال سے آپ کا حاکم نحس اکبر سیارہ زحل رجعت پذیر ہے۔ جو آپ کے ازدواجی، شراکتی و خانگی معاملات کو براہ راست متاثر کر رہا ہے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہوں گے کہ بالحاظ فطرت آپ کا حاکم سیارہ نحس اکبر تصور کیا جاتا ہے۔ عموی طور پر جدی کے لوگ زندگی میں بہت کم خوشی اور خوش حالی دیکھتے ہیں۔ رواں سال بھی کچھ کیفیت اسی طرح ہوگی۔ اچھے بُرے ملے جلے تاثرات موجود ہیں۔ البتہ دسویں گھر میں سعد اکبر سیارہ مشتری آپ کی زندگی کے معمولات اور معاملات کو بحال جاری رکھے گا۔ اس سال بے شمار خفیہ سازشیں اور پوشیدہ مسائل سے واسطہ پڑے گا۔ البتہ ڈیڑھ سال بعد مریخ سیارہ آپ کے طالع میں شرف یاب ہونے سے آپ کی شخصیت کو قد آور بنائے گا۔ گذشتہ سال آپ خاندان اور معاشرہ میں نقد و تنقید کی زد میں تھے۔ اس سال صورت حال مختلف ہوگی۔ ایک بات ذہن نشین کرلیں کہ سارا سال زحل کی تیسری نظر آپ کے روزگار اور ملازمتی امور کو دباؤ میں رکھے گی۔

صحت! 2003ء سے زحل آپ کے بیت الصحت سے نکل چکا ہے۔ مجموعی طور پر اس سال آپ کی صحت بہتر رہے گی۔ البتہ زوجہ کی طرف سے صحت کے کافی پیچیدہ مسائل کا سامنا کرنا ہوگا۔ اگرچہ آپ کی زوجہ کی صحت کا معاملہ اور پریشانی گذشتہ سال ہی سے موجود ہے۔ اس سال بھی مسئلہ جوں کا توں رہے گا۔ مارچ میں عطارد کی ساتویں نظر آپ کی اور آپ کے بچوں کی صحت کے لئے اچھے اثرات کی حامل ہے۔ اس سال آپ کے بچوں کو صحت اور تندرستی کے حوالے سے کوئی مسئلہ پیش نہ آئے گا۔ والدہ کی بیماری دن بدن پیچیدگی اختیار کرتی جارہی ہے۔ اس کے لئے سارا سال آپ کی توجہ علاج معالجے کی طرف رہے گی۔ البتہ اس سال سیارگان کی بدلتی ہوئی پوزیشن کے سبب آپ بغیر کسی وجہ کے گھٹن اور ٹینشن کا شکار رہیں گے۔

سماجی تعلقات! اس سال گھر سے باہر کے تمام روابط سماجی سرگرمیاں کاروباری تعلقات و سیاسی معاملات معمول پر رہیں گے۔ گذشتہ سال سے یورانس آپ کے زائچے کے تیسرے گھر میں موجود ہے۔ یہ آپ کے سماجی اور معاشرتی تعلقات کو مضبوط سے مضبوط تر کر رہا ہے۔ البتہ کیتو آپ کے زائچے کے دسویں گھر میں سارا سال موجود رہے گا۔ اس کی موجودگی آپ کے پیشہ ورانہ معاملات میں غیر ضروری لوگوں کو مداخلت پر اکسا رہی ہے۔ پلوٹو سارا سال بارہویں گھر میں رہ کر آپ کے خلاف بے بنیاد اور غلط پروپیگنڈہ کر رہا ہے۔ جیسا کہ پہلے بتایا جاچکا ہے کہ یورانس آپ کے زائچہ میں اچھے اثرات کا حامل ہے جو آپ کو صبر و استقامت اور سنجیدہ رہنے کا مشورہ دیتا ہے۔

شراکتی و ازدواجی معاملات! رواں سال کا اہم ترین پہلو آپ کے شراکت داری کے معاملات اور ازدواجی زندگی ہوگا۔ آپ کا حاکم سیارہ زائچے کے ساتویں گھر میں ماہ جولائی تک قیام کرے گا۔ گذشتہ سال سے ہی آپ کی ازدواجی زندگی میں مشکلات، مسائل، تنازعات اور اختلافات پیدا ہو چکے ہیں۔ جدی خاوند کے مزاج میں چڑچڑاپن اور شکوک و شبہات بدمزگی پیدا کر رہے ہیں۔ پیدائشی طور پر زحل کے ناقص اثرات کے حامل لوگ اس سال اپنی ازدواجی زندگی میں ناقابل ذکر مسائل کا سامنا کریں گے۔ جدی کے لوگوں کے شراکتی کاروبار شدید بحران کا شکار رہیں گے۔ پارٹنر کے درمیان علیحدگی قانونی چارہ جوئی کی حد تک جاسکتی ہے۔ بہتر ہوگا کہ اس سال آپ شراکتی بزنس کا کوئی سلسلہ شروع نہ کریں۔

اولاد انعامی بانڈ! گذشتہ حصول اولاد کے معاملہ میں ضرور مشکلات رہی ہیں۔ آپ خوش قسمت ہیں کہ رواں سال بے اولاد جدی کے لوگ خوشخبری حاصل کریں گے۔ اکثر جدی کے لوگ بچوں کے تعلیم کیریئر سے بہت مطمئن رہیں گے۔ اس سال جدی کے لوگ اپنے بچوں کی شادی بیاہ کے فرض سے سبکدوش ہوں گے۔ مارچ میں شرف زہرہ آپ کے بچے کی ملکی یا بین الاقوامی سطح پر کسی کامیابی اور اعزاز کی نشاندہی کرتا ہے۔ ماہ اگست میں آپ کا حاکم سیارہ زحل گھر بدلے گا۔ اس کی دسویں نظر اور بیت الاولاد میں مریخ کی موجودگی آپ کے بچے کو مقدمہ وغیرہ میں اُلجھا رہی ہے۔ لاٹری، انعامی بانڈز کے لئے یہ سال موزوں ہے۔ مارچ، اپریل، مئی، جون ستمبر اس کام کے لئے بہترین عرصہ ہے۔

سفر! چھوٹے اور کم مسافت کے سفر پیش آتے رہیں گے۔ البتہ سمندر پار اور بیرون ملک طویل سفر اس سال ممکن نہ ہوگا۔ زحل کی تیسری نظر آپ کے سفری معاملات میں شدید رکاوٹ اور مسائل پیدا کرتی نظر آرہی ہے۔ اس عرصہ میں اگر ایسی کوشش کی گئی تو یہ تباہی اور بربادی کے مترادف ہوگا۔ البتہ ایک بات قابل غور ہے کہ بامر مجبوری جدی کے لوگ اگر سفر کرنا چاہتے بھی ہیں۔ تو اس کے لئے ماہ ستمبر، نومبر اور دسمبر کے عرصہ کا انتخاب کریں۔ بیرون ملک مقیم جدی کے لوگ اپنی ملازمت، بزنس اور سماجی سرگرمیوں میں انتہائی محتاط طرز عمل اختیار کریں گے۔ تھوڑی سی غفلت بہت بڑی مشکل کر سکتی ہے۔

معیشت۔ کیریئر۔ روزگار! گذشتہ سال سے سعد اکبر سیارہ مشتری

آپ کے بیت العزت میں بحالت اوج بیٹھا ہے۔ یہاں اس کی کیفیت بہت اچھی ہے۔ اس کی 5 ویں نظر آپ کے بیت المال پر بہت سعد اثرات مرتب کر رہی ہے۔ مشتری کی 9 ویں نظر آپ کو حاسدوں اور دشمنوں کے شر سے بچا رہی ہے۔ ان تمام ترشبت اور سعد صورت حال کے برعکس کیتو کی نحس حالت کو فراموش نہیں کر سکتے۔ جہاں آپ اپنے کاروبار کو وسعت اور ترقی دینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ وہاں کیتو آپ کو عدم معاملہ فہمی، جلد بازی اور جذباتی فیصلوں کی طرف لے جا رہا ہے۔ حقیقت کے بدلے آپ خوابوں پر زیادہ یقین کر رہے ہیں۔ اس سال رزق میں اضافہ ضرور ہو جائے گا۔ پرائیوٹ سیکٹر میں ملازمت کرنے والے لوگ ایک سے زیادہ ادارے بدلیں گے۔ جدی کے لوگوں کو چاہیے کہ اس سال زراعت، زرعی آلات، زرعی ادویات اور زرعی اجناس کا کام کریں۔ سرکاری ملازم جدی کے لوگ اپنے افسران بالا کی وجہ سے پریشان رہیں گے۔ بالخصوص مارچ، اپریل، جدی کے سرکاری ملازمین کے لئے بھاری ثابت ہو سکتا ہے۔ ماہ ستمبر، اکتوبر میں پروموشن ہونے کے چانسز ہیں۔ امپورٹ ایکسپورٹ، انٹرنیشنل ٹریڈنگ اور کسٹم کے معاملات سے متعلق کاروبار سے وابستہ لوگ محتاط رہیں۔ کسی خاص ترقی یا کسی نفع کا امکان نہیں ہو گا۔

منگنی۔ شادی! غیر شادی شدہ جدی کے لوگ اس سال بھی حسب منشا شادی نہیں کر سکیں گے۔ البتہ احتیاط لازم ہے کہ صرف رشتہ طے کر لینا ہی کافی ہو گا۔ جدی کے لوگوں کو اس ضمن میں خاص ہدایت کی جاتی ہے کہ باقاعدہ شادی وغیرہ کا انعقاد نہ کیا جائے۔ حسب منشا منگنی اور نکاح کے لیے مارچ، اپریل، مئی، جون کا عرصہ بہتر رہے گا۔ البتہ ماہ اگست میں زحل سیارہ آپ کے بیت الزوج کو چھوڑ چکا ہو گا۔ یہ عرصہ اس مقصد کے لئے قدرے بہتر ثابت ہو گا۔ اس سال بھی 30 سال سے زیادہ عمر کی خواتین کو حصول رشتہ اور شادی کے مقصد میں کامیابی کے امکانات بہت کم نظر آتے ہیں۔

خصوصی احکامات! آپ کے لئے سال نو انقلابی اور تغیری ثابت ہو رہا ہے۔ آپ نت نئے تجربات سے روشناس ہو رہے ہیں۔ سال کے شروع سے آپ کے طالع میں شمس نحس اثرات کے ساتھ عطارد اور زہرہ کے ہمراہ مقارن ہے گویا سال نو کی ابتداء ناخوش گوار ماحول میں ہو رہی ہے۔ والدین کی صحت کی پریشانی بھی لاحق ہے۔ عزیز و اقرباء آپ کے ساتھ ظاہری طور پر بہت زیادہ ہمدردی اور پیار و محبت جتا رہے ہیں۔ جبکہ حقیقت میں ایسا نہیں ہے۔ اس سال شارٹ کٹ ذرائع سے روپیہ کمانے کا رجحان زیادہ رہے گا۔ سال کے مختلف عرصوں میں کامیابی بھی ہو سکتی ہے۔ جیسا کہ ذکر پہلے کیا جا چکا ہے۔ گذشتہ سال آپ سحر جادو کے اثرات سے خاصے متاثر ہوئے ہیں۔ یہ آپ کی خوش قسمتی ہے کہ سال رواں میں آپ دشمنوں کے ہر قسم کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ تکلیف دہ امر یہ ہے کہ آپ کے بیت الزوج میں آپ کا حاکم زحل سیارہ موجود ہے۔ آپ کی ازدواجی زندگی میں کسی طوفان کا پیش خیمہ ہے۔ مشتری آپ کے زائچہ کے دسویں گھر میں بزنس کاروبار، روزگار کو سپورٹ کر رہا ہے۔ اس سال مارچ اور اپریل میں سرکاری ملازمین فائدے میں رہیں گے۔ جدی کے لوگ گذشتہ سال کا بنک لون اور پرائیویٹ قرض کسی حد تک ادا کر سکیں گے۔ وراثت کے معاملات ماہ جولائی تک افہام و تفہیم سے طے کر لیں گے۔ بعد ازاں آپ کا حاکم آپ کے زائچہ کے 8 ویں گھر میں بحالت وبال ہو گا۔ اس کیفیت میں ترکہ اور وراثت کے تنازعات آنے والے کئی سال تک حل نہیں ہوں گے۔ شراکت داروں کے ساتھ جوائنٹ اکاؤنٹ بھی متنازعہ ہو گا۔ جدی کے لوگوں کو یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیئے کہ رواں سال ماہ اگست کے بعد ان کے لئے شدید مشکلات اور بحرانی دور شروع ہو رہا ہے۔ بالخصوص مالی مشکلات اور روپے کی تنگی کے معاملات سرفہرست رہیں گے۔

صدقات! ہر نئے چاند کے پہلے ہفتہ کو سوا کلو دال ماش / ساگ / تیل سرسوں / سیاہ نمک / سیاہ رنگ کی مرغی / کالا بکرا / اپنے قد کے برابر سیاہ ریشمی کپڑا، صدقہ بوقت طلوع آفتاب دیں۔ صدقہ کے تمام لوازمات یا ان میں سے کوئی ایک صدقہ کیا جا سکتا ہے۔ صدقہ کی ادائیگی کے وقت گھر میں یا کاروبار پر ہرمل کی دھونی دیں۔

سال کا ورد خاص! (الفتاح الرزاق) 313 مرتبہ (یومیہ)

برج: دلو	AQUARIUS	ستارہ: یورینس



اہم نکات! گذشتہ سال سے آپ کا حاکم بیت المال میں حرکت پذیر ہے۔ اس سال بھی یہ اسی گھر میں قیام کرے گا۔ یورانس کی بیت المال میں موجودگی سعد اثرات کی حامل ہے۔ سیارہ یورانس کم و بیش 2010 تک آپ کے بیت المال برج حوت میں حرکت پذیر رہے گا۔ دوسری طرف آپ کا حاکم زحل آپ کے زائچہ کے چھٹے گھر بیت الصحت و سحر میں بحالت رجعت بیٹھا ہے۔ اس سال آپ کے زائچہ میں جہاں بہت سی اچھی باتیں ہیں وہیں پر بے شمار نقائص کا سامنا بھی کرنا ہو گا۔ یہ بات طے ہے اس سال کے وسط تک آپ دشمنوں حاسدوں کے شر کا شکار رہیں گے۔ سحر جادو آپ پر ہوتا رہے گا۔ فطرتاً آپ جلد باز طبع کے مالک ہیں۔ اس وجہ سے بھی آپ کے لئے کافی مسائل بھی پیدا ہوں گے۔ مارچ کا مہینہ قدرے بہتر ثابت ہو گا۔

سارا سال آپ کی صحت خراب رہنے کا امکان ہے اور اس میں لاپرواہی یا معالج سے رابطہ کرنے میں تاخیر ناقابل تلافی نقصان کا سبب ہو سکتی ہے۔ آپ اپنے نامکمل منصوبوں پر کام کر رہے ہیں اور ان کی تکمیل کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں۔ اس سال روپے پیسہ کمانے کی رفتار تیز رہے گی۔ لیکن بے تحاشہ اخراجات ہونا بھی لازمی ہے۔

صحت! جیسا کہ گذشتہ سطور میں بتایا گیا ہے کہ آپ کے زائچہ کے چھٹے گھر میں نحس اکبر سیارہ زحل بیٹھا ہے۔ اس کی موجودگی آپ کی صحت پر بُرے اثرات مرتب کر رہی ہے۔ یہ بات طے ہے کہ اس سال آپ سحر جادو کی زد میں رہیں گے۔ پہلے سے عارضہ قلب میں مبتلا دلو کے لوگ اس سال خصوصی احتیاط کریں گے۔ زحل کی تیسری نظر انتہائی خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔ دلو کی خواتین اس سال وہم وسواس اور انجانے خوف میں مبتلا رہیں گی۔ ماہ اپریل آپ اپنی صحت یابی کے لئے روحانی علاج کی طرف توجہ دیتے نظر آ رہے ہیں۔ البتہ بچوں کی صحت کی طرف سے اس سال آپ مطمئن رہیں گے۔ خواتین میں سکون اور ادویات کے استعمال کا رجحان نظر آ رہا ہے۔

سماجی تعلقات! سارا سال راہو آپ کے تیسرے گھر میں حرکت پذیر رہے گا۔ ماہ جنوری میں شمس آپ کے زائچہ کے بارہویں گھر میں ناقص اثرات کا حامل ہے۔ حکام بالا سرکاری افسران اور حکومتی مشینری کے ساتھ آپ کے تعلقات کشیدہ ہو رہے ہیں۔ البتہ مارچ کے مہینہ میں آپ کی سیاسی سماجی اور معاشرتی پوزیشن بوجہ تحویل آفتاب مستحکم ہو رہی ہے۔ مارچ اور اپریل میں آپ کسی پروقار تقریب کا اہتمام کر رہے ہیں۔ اس عرصہ میں کوئی سیاسی کامیابی متوقع ہے۔ دل کھول کر پیسہ خرچ کریں گے۔ ماہ جولائی تک حالات آپ کی گرفت میں رہیں گے۔ بعد ازاں ماہ اگست میں اور اس کے بعد آپ کے سیاسی وسماجی وقار کو بہت بڑا دھچکا لگ سکتا ہے۔ اس عرصہ میں اپنی مصروفیات کو محدود کر لیں۔

شراکتی و ازدواجی معاملات! سال رواں کے پارٹنر شپ کے معاملات میں بہتری، تیزی اور استحکام ظاہر کر رہا ہے۔ لیکن اس کا ایک خاص عرصہ ہوگا۔ دلو کے لوگ اس سال پٹرولیم مصنوعات بڑی گاڑیاں وغیرہ کی نوعیت کے کاروبار میں زیادہ دلچسپی لے رہے ہیں۔ البتہ شراکت داری لکڑی اور جنگلات کی خرید و فروخت بھی نفع بخش ثابت ہوگی۔ جنوری، فروری میں مشترکہ کاروبار میں شامل ہونے والے لوگ زیادہ دیر نہیں چل سکیں گے۔ البتہ مارچ اپریل میں شراکتی کاروبار کی ابتدا کرنا مستقبل میں مثبت نتائج کی حامل ہے۔ دلو کے مرد اور عورتیں اس سال ماہ جولائی تک خوشگوار ازدواجی زندگی گزاریں گے۔ اس سال زوجین کے مابین باہمی ربط، خلوص اور محبت کو فروغ حاصل ہوگا۔ چالیس سال کی بڑی عمر کے لوگ بالخصوص مرد حضرات دوسری شادی کے خواب بھی دیکھتے رہیں گے اور برسر عام اس کا تذکرہ بھی کریں گے۔ ایسا کرنا اُن کے لئے اس سال ممکن نہیں ہوگا۔

اولاد. انعامی بانڈ. لاٹری! حصول اولاد کے معاملہ میں بے اولاد دلو کے جوڑے خوش نصیب ہیں۔ اس سال اولاد کی خوشخبری نصیب ہوگی۔ لیکن یہ بات ذہن میں رکھ لیں کہ کہ ایسا ممکن ہونا سال کی آخری سہ ماہی میں نظر آتا ہے۔ بالخصوص دلو کی خواتین جو حصول اولاد کے لئے کوشاں ہیں۔ زحل کی چھٹے گھر میں موجودگی ان کے مقصد میں کامیابی حاصل کرنے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ دلو کی خواتین کو عرصہ اُمید کے دوران بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔ بار بار اَبارشن کے خطرات موجود ہیں۔ اس عرصہ میں حاملہ خواتین کے بچے کی پیدائش متوقع ہے وہ نارمل ڈلیوری کو ترجیح دیں۔ سیزر آپریشن ان کے لئے مستقبل میں خطرناک نتائج رکھتا ہے۔ آپ کے بیت المال میں یورانس اچھے اثرات کا حامل ہے۔ دلو کے لوگ اس سال صحیح عرصہ کا انتخاب کر کے انعامی بانڈز، لاٹری اور دیگر انعامی سکیموں میں حصہ لے کر کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

سفر! زائچے کے 9ویں گھر میں سعد اکبر سیارہ مشتری بحالت اوج گذشتہ سال سے موجود ہے۔ بغرض تعلیم، روزگار، سیاحت و تجارت سفر کرنے کے خواہشمند لوگ اپنے مقصد میں کامیاب ہو نگے۔ ایک بات ذہن نشین کر لیں کہ سیارہ مشتری کے ہمراہ کیتو بھی موجود ہے۔ اس کی موجودگی کسی خطرے سے کم نہیں ہوتی۔ آپ کے لئے ضروری ہے کہ بیرون ملک سفر اختیار کرنے سے پہلے سفری دستاویزات کو چیک کر لیں اور حفاظت کے ساتھ اپنے پاس رکھیں۔ اس سال بیرون ملک میں قائم اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلے اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا رجحان زیادہ پایا جاتا ہے۔ دلو کے لوگ سمندر پار کسی بھی یورپین ملک میں ڈائریکٹ سفر نہیں کر سکیں گے۔

معیشت. کیرئیر. روزگار! گذشتہ سطور میں اس بات کو بار بار دُہرایا جا چکا ہے کہ دو اہم ترین سیارگان آپ کے کیرئر، روزگار، معیشت اور ملازمتی امور میں بھرپور معاونت کر رہے ہیں۔ بیت المال میں یورانس کی موجودگی یہ ظاہر کرتی ہے۔ کہ روپیہ پیسہ کمانے کا رجحان تیز رہے گا۔ اس سال حصول زر کے ذرائع کو آپ بڑھا رہے ہیں۔ دوسری طرف سعد اکبر سیارہ مشتری بحالت اوج پانچویں سعد نظر سے دیکھ رہا ہے۔ کاروباری ساکھ بہت مستحکم ہے اور آپ مسلسل اپنی معاشی پوزیشن کو مضبوط تر کرتے جا رہے ہیں۔ سیارہ مشتری کی 9ویں نظر آپ کی سوچ کے برعکس کاروبار میں نفع پہنچا رہی ہے۔ کرنسی ایکسچینج کا کام کرنے والے لوگ بہت پیسہ کمائیں گے۔ مارچ اپریل کا مہینہ اس لحاظ سے بہت بابرکت ثابت ہوگا۔ آپ نئے پروجیکٹ پر کام کریں گے جس میں آپ کو استحکام یا ترقی اور کامیابی مل سکتی ہے۔ سب سے اہم بات یہ ہوگی کہ آپ کے بیت العزت کا حاکم سیارہ مریخ ڈیڑھ سال

کے بعد شرفیاب ہوگا۔ دلو کے لوگ بے حساب، خفیہ سرمایہ محفوظ رکھیں گے۔ اکثر دلو کے افراد شراکتی کاروبار میں کثیر سرمایہ خرچ بھی کریں گے اور نفع بھی خوب کمائیں گے۔ مئی جون نادانستہ طور پر کاروبار میں نقصان ہوسکتا ہے۔ سرکاری ملازمین کے لئے ماہ جولائی تک حالات سازگار رہیں گے۔ البتہ مئی جون میں ہوشیار رہنا ہوگا۔ ماہ اگست اور اس کے بعد آپ کا حاکم سیارہ بحالت وبال ہوگا اس عرصہ میں ملازمت پیشہ لوگوں کے لئے اپنے عہدے پر قائم رہنا مشکل ہوگا۔

منگنی۔ شادی! اس سال دلو کے لوگ شادی، منگنی، بیاہ کے لئے کسی اُلجھن کا شکار نظر آتے ہیں بہرحال اس مقصد کے لئے موزوں ترین ہیں۔ دلو کے لوگ رشتہ طے کرتے وقت سرمایہ، دولت اور روپے کی نسبت تعلیمی معیار کو ترجیح دیں گے۔ اکثر لوگوں کی شادیاں مارچ، اپریل، جون، جولائی، ستمبر میں ہو جانے کا امکان ہے۔ البتہ دلو کے لوگوں میں خفیہ شادی کا رجحان زیادہ رہے گا۔ وہ لوگ جو گزشتہ سال قبل اسی وجہ سے اپنی ازدواجی زندگی سے علیحدہ ہو چکے تھے۔ اب دوبارہ گھر بسانے میں سرگرم عمل نظر آتے ہیں اور کسی حد تک کامیاب رہیں گے۔ ماہ اگست میں زحل آپ کے بیت الزوج میں ہوگا۔ یہ اس کے وبال کا گھر ہے نحس اکبر سیارہ کی اس نحوست کے سبب دیرینہ طے شدہ رشتے ناخوشگوار ماحول میں ختم ہونے کا امکان ہے۔


خصوصی احکامات! آپ کے لئے سال نو انقلابی اور تعمیری ثابت ہو رہا ہے۔ آپ نت نئے تجربات سے روشناس ہو رہے ہیں۔ پہلی سہ ماہی کسی گرم جوشی کا مظاہرہ نہیں کرے گی۔ البتہ تحویل آفتاب آپ کو نئے زاویے اور رخ محسوس کریں گے۔ سال نو کا بیشتر حصہ آپ کی دسترس اور گرفت میں نظر آتا ہے۔ ان تمام اچھی باتوں کے علاوہ اس پہلو کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کہ آپ کا حاکم سیارہ زحل بعد از وسط سال 30 سال بعد بحالت وبال ہوگا۔ کسی بھی شخص کی زندگی میں نحس اکبر سیارہ زحل کا وبال اس شخص کے لئے مشکلات مسائل اور مصائب تصور کئے جاتے ہیں۔ گزشتہ سطور میں سیارگان کی نحس اور سعد کیفیتوں کا تفصیلی ذکر کر دیا گیا ہے۔ آپ پر لازم ہے کہ آپ نئے سال کی پلاننگ اس کی روشنی میں کریں۔ ماہ اگست میں زحل براہ راست آپ کی ازدواجی زندگی کو متاثر کر رہا ہے۔ آپ کے بیرون ملک مفادات کو بھی نقصان پہنچا رہا ہے۔ ضروری ہے کہ آپ احتیاطی تدبیر اختیار کریں۔ البتہ ماہ اکتوبر میں سعد اکبر سیارہ مشتری بیت المال کو 5ویں نظر سے دیکھے گا۔ اس طرح آپ اپنے سرمایہ دولت، جائیداد میں اضافہ کر سکیں گے۔ شرف مریخ آپ کے خاندانی معاملات میں آپ کو غلبہ دے رہا ہے۔ جون جولائی میں اولاد کی خوشخبری نصیب ہوگی۔ انعامی بانڈز اور لاٹری آپ کو بڑی انعام جیت رہے ہیں۔ ماہ اگست میں ازدواجی اختلاف میں آپ کا پلہ بھاری رہے گا۔ زوجہ کا موقف کمزور رہے گا۔ ستمبر اکتوبر میں دلو کے لوگ بیرون ملک قیام مشکل بلکہ ناممکن نظر آتا ہے۔

منصوبہ بندی کے ساتھ یہ سال گزاریں مسائل سے محفوظ رہیں گے۔

